نوجوانوں کے جنسی امراض

اور اِن کا علاج

ہومیوڈاکٹر علی اصغر چودھری

نوجوانوں کے جنسی امراض

اور اِن کا علاج

ہومیوڈاکٹر علی اصغر چودھری

اقمر انٹرپرائزز غزنی سٹریٹ اُردو بازار ○ لاہور

فہرست

چوتھا باب خصائص الدوویہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔

اللہ جلہ شانہ کے مقرر کردہ ضابطہ حیات سے جب بھی کسی نے انحراف کیا۔ گوناگوں مشکلات میں مبتلا ہوا۔ اور آج کا یہ غیر اسلامی معاشرہ اس کی کھلی مثال ہے جس میں لڑکے اور لڑکیوں کا آپس میں روابط قائم کرلینا نہ صرف آسان بلکہ قابل فخر بھی تصور کیا جاتا ہے۔ اس لئے زناء' اغواء' لواطت' ذہنی انتشار جنسی بے اعتدالی اور اعصابی بیماریوں کی رفتار ہر روز بڑھتی جار رہی ہے۔ اس لئے نام نہاد ڈاکٹروں اور عطائی حکیموں کی تعداد میں بھی معتد بہ اضافہ ہو رہا ہے جو ہر ممکن حربہ استعمال کرکے نوجوانوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں۔

نئی نسل کے جو افراد بد اخلاقی اور آوارہ گردی کے نتائج و عواقب سے واقف نہیں ہوتے۔ وہ نہایت آسانی سے ایسے معالجین کے چنگل میں پھنس جاتے ہیں جن کا کام انہیں خوفزدہ کرکے ان کی جیبیں خالی کرنا ہے یہ کس قدر تباہ کن حقیقت ہے کہ غیر شادی شدہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں تعلیم و روزگار کے حصول کے لئے مخلوط معاشرے میں تن تنہاء مجبوراً داخل ہو رہے ہیں اور جنسی تعلیم سے بے بہرہ ہونے کی وجہ سے خطرناک صورت حال سے دوچار ہیں۔

مکتبہ تعمیر انسانیت اور القمر انٹرپرائزز اردو بازار لاہور نے نئی نسل کی خدمت اور جنسی امور سے آگاہی کے لئے اس عاجز کی مندرجہ ذیل تین کتابیں شائع کرکے نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کو تباہ ہونے سے بچانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔

۱۔ نوجوانوں کے مسائل اور ان کا حل۔

۲۔ آج کا اداس نوجوان۔

۳۔ لڑکیاں شادی سے پہلے ، شادی کے بعد۔

اور یہ کتاب بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے مذکورہ کتابوں کے مطالعہ کے بعد بلا مبالغہ ہزاروں جوان لڑکے اور لڑکیوں نے ذہنی۔ اخلاقی اور جسمانی ضروریات اور خواہشات سے واقف ہو کر ہر قسم کی الجھنوں سے نجات حاصل کرلی ہے۔ برصغیر میں ان کتابوں کے بے شمار ایڈیشن شائع ہوئے ہیں جن پر اخبارات اور رسائل نے بہت عمدہ تبصرے شائع کئے ہیں۔

ان کتابوں کے قارئین کے پیہم اصرار پر اب یہ چوتھی کتاب (ان کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے) شائع کی جارہی ہے جس میں نہایت آسان زبان میں سادہ اور زود اثر سستی اور ہر قسم کے بد اثرات سے مبرا دواؤں کا ذکر کیا گیا ہے تاکہ نوجوان ڈاکٹروں اور حکیموں کے چکر میں نہ پھنسیں اور اپنا علاج خود کر لیں۔ یہ تمام مجربات ہیں جو اس عاجز کی تیس سالہ پریکٹس کا نچوڑ ہیں کیونکہ راقم عاصم تیس سال تک مختلف ہائی سکولوں میں صدر مدرس اور نئی نسل کی نفسیات کا گہرا مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ ہومیو پیتھی کی پریکٹس بھی کرتا رہا ہے۔

اس موضوع پر دوسرے مصنفین کی کتابوں میں جنس، جنسی جذبے اور جنسی خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے اور بعض موضوعات میں دعوت کا رنگ بھی نظر آتا ہے۔ نیز ان میں دواؤں کی بھرمار کر دی گئی ہے جن میں سے کسی کا انتخاب کرنا محال ہوجاتا ہے راقم نے اس کتاب میں نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کو جنسی اشتعال سے بچانے کی پوری پوری کوشش کی ہے۔

امید ہے کہ ملک و قوم کے نونہال اس کتاب سے بھرپور استفادہ حاصل کرکے اللہ جل شانہ اور اس کے حبیب پاک کی تعلیمات کی روشنی میں ذہنی اخلاقی جنسی اور جسمانی تندرستی کی حفاظت کریں گے۔

نوٹ :(۱) ایک بٹہ چار گلاس کا مطلب چوتھائی گلاس یعنی پانی گلاس میں اتنا ہو جس سے اس کا صرف چوتھا حصہ بھر سکے

(۲) اگر آپ کچھ دریافت کرنا چاہیں تو جوابی لفافہ ضرور بھیجیں

احقر

ہومیو ڈاکٹر علی اصغر چوہدری

ارائیں ہاؤس۔ ٹنڈو آدم' پاکستان

۴ ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ ، ۲۴ اکتوبر ۱۹۹۰ء

کیا آپ ذہنی طور پر تندرست ہیں

ہم جسمانی طور پر خود کو تندرست پاکر بہت خوش ہوتے ہیں اور اس جسمانی تندرستی کو بحال رکھنے یا زیادہ بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں - اگرچہ اس سلسلہ میں ہر شخص کا طریقہ کار مختلف ہے بعض غذاؤں پر زیادہ توجہ دیتے ہیں بعض ورزش کو اپناتے ہیں جبکہ کچھ لوگ سیرو تفریح کو ہی کافی سمجھتے ہیں۔

بے شک جسمانی تندرستی بڑی نعمت ہے لیکن لوگ دولت حاصل کرنے کے لئے اسے یوں برباد کر دیتے ہیں گویا اس کی کوئی قیمت ہی نہیں حالانکہ انگریزی محاورے کے مطابق اگر دولت ضائع ہو جائے تو کوئی نقصان نہیں ہوتا (کیونکہ آدمی دوبارہ کما سکتا ہے) اگر تندرستی ضائع ہو جائے تو البتہ کچھ نقصان ہوتا ہے (ممکن ہے دوبارہ تندرستی نصیب نہ ہو) لیکن ان دونوں سے افضل ایک اور تندرستی ہے جس کی طرف ہم کم ہی متوجہ ہوتے ہیں اور یہ ہے ذہنی تندرستی۔ جس کے لئے کردار کا لفظ بھی استعمال ہوتا ہے۔

انگریزی محاورے کے مطابق جب کردار ضائع ہو جاتا ہے تو ہر شے ضائع ہو جاتی ہے (یہ ناقابل تلافی نقصان ہے) اور انسان آدمیت کے درجے سے گر کر حیوانیت کی سطح پر پہنچ جاتا ہے۔ پھر وہ درندوں جیسے کام کرنے لگتا ہے اس لئے ذہنی طور پر بیمار انسان سوسائٹی میں کوئی مقام نہیں پا سکتا اور اس خالق اکبر کے پاس تو ایسے انسان کی کوئی قدر نہیں ہے وہ صرف دوزخ کا ایندھن بن سکتا ہے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ ڈاکے، قتل، اغواء، رشوت، مکروفریب اور دھوکادہی جیسے جرائم ہر روز بڑھ رہے ہیں اور یہ بھی محسوس کرتے ہیں کہ قانون کی گرفت ان پر قابو نہیں پا سکتی کیونکہ قانون نافذ کرنے والے کارندوں میں زیادہ تر ذہنی مریض ہیں جن کے ذہنوں میں ہر وقت حرص، لالچ، بغض، حسد، خودستائی، خودنمائی اور ایسے ہی دوسرے اخلاق رزیلہ کلبلاتے رہتے ہیں اسی لئے ان کے ذہنوں میں اخلاق فاضلہ کا کوئی بیج بھی جڑ نہیں پکڑ سکتا۔

جسمانی تندرستی والا آدمی اگر ذہنی تندرستی سے محروم ہے تو وہ انسان نہیں بلکہ

چلتی پھرتی لاش ہے۔ اور ایسے لوگوں کو بدعائیں دینے میں بیوہ عورتیں، یتیم بچے، کمزور بوڑھے اور مظلوم انسان ہر وقت مصروف رہتے ہیں۔ لیکن یہ ایسے بے غیرت اور بے حس ہوتے ہیں کہ وہ لوگوں پر ظلم کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔

ذہنی بیماری کے سلسلہ میں نوجوانوں کی حالت نہایت قابل رحم ہے۔ کیونکہ ان کے ذہنوں میں جنسی خیالات اس قدر گہرے نقوش بنا دیتے ہیں کہ وہ ہر وقت ان نقوش کو دیکھتے اور انہیں پرکشش بنانے میں مصروف رہتے ہیں ان کے تصور میں نہایت گندی، عریاں، اور مکروہ تصویریں ابھرتی ہیں جو انہیں بے انتہا خوش رنگ دلفریب اور قابل پرستش محسوس ہوتی ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی ذہنی بیماریاں انہیں جسمانی طور پر بیمار اور کمزور کر دیتی ہیں اور پھر وحشت، گھبراہٹ، مایوسی اور اداسی جیسی زنجیریں انہیں جکڑ لیتی ہیں۔ پھر وہ ہسٹریا، بدہضمی، کمزوری اور ناامیدی کا شکار ہو کر رہ جاتے ہیں۔ انہیں رات کو برے برے اور جنسی خواب آتے ہیں اور ان کو حسرت ویاس اور اداسی و مایوسی انہیں تڑپاتی ہے لیکن اس کے باوجود انہیں اپنی ذہنی بیماریوں کی خبر نہیں ہوتی اور اگر کسی کو اپنے مرض کا احساس تک نہ ہو تو وہ علاج کس چیز کا کرائے گا۔ چنانچہ وہ لاعلاج ہو کر تباہ وبرباد ہو جاتے ہیں۔

انسان نے جسمانی اور ذہنی تندرستی کے لئے بہت سی دوائیں ایجاد کی ہیں یہاں تک کہ سکون آور گولیاں ہر شخص کی جیب میں پڑی رہتی ہیں لیکن انسانی ذرائع ان ذہنی بیماریوں کو دور نہیں کر سکتے بلکہ اس تندرستی کے لئے وہ دوائیں درکار ہیں جو اس کے خالق، مالک اور رازق نے خود تجویز کی ہیں۔ کیونکہ انسان کی ہر کمزوری کا اسے علم ہے اور اسے بہتر علاج کرنے والا دوسرا کوئی نہیں ہو سکتا۔ انسان کا ماضی، حال اور مستقبل اللہ جل شانہ پر اس طرح عیاں اور واضح ہے کہ ہم نہ تو اسے جان سکتے ہیں نہ اس کا تصور کر سکتے ہیں۔

اللہ پاک نے صرف دو گولیاں تجویز کی ہیں ایک تو صرف ایک ہی بار کھائی جاتی ہے اور دوسری ان میں کئی بار کھانے کی ضرورت پڑتی ہے صرف ایک بار کھانے والی گولی آنسو ہے یعنی ایمان لاؤ اللہ جل شانہ پر اس کی ذات اور صفات پر اور پھر اس پر جم جاؤ۔ کبھی شک و شبہ میں مبتلا نہ ہو۔

دوسری گولی اعمال صالحہ ہیں جسے ہر حال اور ہر جگہ استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ پہلی گولی کا اثر قائم رہے یاد رکھئے اعمال صالحہ کے بغیر بے معنی ہے۔ کیونکہ اعمال صالحہ ہی ایمان کی تعریف کرتے ہیں اور جزا وسزا کی تاثیر رکھتے ہیں اور اعمال صالحہ ایمان کے بغیر بے کار ہیں کیونکہ اگر خالق اکبر ہی سے رابطہ نہ ہو تو جزا وسزا کی قدر و قیمت اور انعام واکرام کا حصول ناممکن ہے اور دوسرا کون ہے جو خزانوں کا بادشاہ اور سخی ہے جو جزا کے ساتھ عطا بھی کرتا ہے اور مزدوری کے ساتھ انعام بھی دیتا ہے۔

جب ذہن بیمار ہوتا ہے۔ تو اس سے ابلنے والے خیالات بھی بیمار ہوتے ہیں اور ان میں پاکیزگی نام کی کوئی چیز باقی نہیں رہتی اس لئے ان گندے خیالات کی بدولت انسان گندے کام کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کیونکہ پہلے ذہن میں خیال جڑ پکڑتا ہے۔ پھر انسانی منصوبہ تیار کرتا ہے اور آخر میں اس پر عمل کر کے خوشی محسوس کرتا ہے۔ خواہ یہ گندا کام ہو یا پاکیزہ۔ انسان اپنی کامیابی پر خوش ہوتا ہی رہتا ہے۔

چونکہ فی زمانہ ذہنی بیماریاں بڑھ گئی ہیں اس لئے جرم کی رفتار بھی بڑھتی ہی جا رہی ہے جس سے معاشرے میں توڑ پھوڑ اور تباہی کی لہریں اٹھتی رہتی ہیں اور فرد کی شخصیت کرچیوں میں تبدیل ہو جاتی ہے جو اس کی ذلت وناکامی کا باعث بن جاتی ہے ہم قانون کو پکارتے ہیں اخباروں میں بیان دیتے ہیں نجی مجلسوں میں ان مصائب کا رونا روتے ہیں لیکن ہم میں سے کسی کی توجہ اس کی مبذول نہیں ہوتی کہ آج کے انسان کو ذہنی بیماریوں سے نجات دلانا ضروری ہے ورنہ حالات بد سے بد تر ہوتے چلے جائیں گے اور اس ساری الجھن کا علاج یہ ہے کہ لوگوں کو اللہ پاک کی تجویز کردہ دونوں گولیوں کے فوائد بتاتے رہیں۔ انہیں خود بھی استعمال کریں اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دیں بلکہ حکومت کو مجبور کریں کہ وہ ذہنی طور پر بیمار ملازموں کی جگہ ان لوگوں کو آگے لائیں جو ذہنی طور پر تندرست ہوں تاکہ یہ ساری مصیبتیں دور ہو جائیں۔

اگر والدین اپنے بچوں کی مناسب ذہنی تربیت کریں تو وہ خود بھی خوش رہ سکتے ہیں اور ملک وقوم کو بھی بہتر انسان دے سکتے ہیں اگر اساتذہ اپنے ذہنوں کی اصلاح

کریں ان سے اٹھنے والے برے اور گندے خیالات کو پیدا ہوتے ہیں کچل دینے کا عزم کریں اور پاکیزہ خیالات کو براوئے کار لانے کی جدوجہد کریں توان کے لاکھوں شاگرد پاکیزہ نوجوانوں کی صورت میں ملک اور معاشرے میں تطہیر کا کام شروع کر سکتے ہیں۔ اگر علمائے کرام کفر سازی اور فروعی اختلافات کی چھوڑ دیں جو ان کے بیمار ذہن کی غمازی کرتے ہیں تو عوام کی تربیت ان کے لئے آسان اور موثر ہو جائے اسی طرح اگر سیاسی رہنما جھوٹ بولنا چھوڑ دیں اور انہیں احساس ہو جائے یا احساس دلایا جائے کہ ان کے ذہن بیمار ہیں اور ان میں پراگندہ خیالات کی فصل قد آور ہو چکی ہے تو وہ قوم کا لیڈر بننے کی بجائے قوم کے خادم بننے کا کردار ادا کرنے لگیں۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ اللہ پاک تمہارے دل کی کھوٹ اور تمہاری نظر کی چوری سے واقف ہے۔ وہ تمہارے سینے میں چھپے ہوئے راز تک جانتا ہے پس ایسی حالت میں بیمار ذہن، گندے اور برے خیالات لئے ہوئے اس زمین پر ایڑیاں مار کر چلنا اور اس کی نعمتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانا کس قدر بے حیائی اور بے غیرتی کی بات ہے جب اللہ کے پاس حاضر کیا جائیگا تو آخر ہم کیا جواب دیں گے۔

اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ میرے نزدیک تم میں سے سب سے بڑھ کر عزت والا وہ آدمی ہے جو تقویٰ میں بڑھ کر ہے۔ پس تقوے کا تقاضا تو یہ ہے کہ اس مالک کے سامنے صاف ستھرا اور تندرست ذہن لئے ہوئے چلتے پھرتے نظر آئیں اور اگر کبھی شومئی قسمت سے برے خیالات سر نکالنے لگیں تو انہیں وہیں کچل دیا جائے اس مشق کو جاری رکھنے سے ذہنی تندرستی نصیب ہو گی جو دنیا و آخرت دونوں میں عزت اور کامیابی کی علامت ہے۔ آیئے کامیاب اور معزز انسان کی طرح دنیا میں زندگی گزارنے کا تہیہ کریں

اللہ پاک ہماری لغزشوں کو معاف فرمائے اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے

پہلا باب

لڑکوں کی بیماریاں

بلوغت ۔ مختلف قسم کی آب و ہوا ۔ طرز رہائش ' غذا تہذیب و تمدن اور حالات کے تحت لڑکے مختلف عمروں میں بالغ ہوجاتے ہیں لیکن عموما چودہ پندرہ سال کی عمر میں سب لڑکے بالغ ہوجاتے ہیں اور بالغ ہونے کی یوں تو کئی نشانیاں ہیں مگر سب سے بڑی علامت احتلام کا ہونا ہے ۔ کیونکہ اس وقت لڑکا بچے پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

منی۔ بدن میں خون پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ بالغ ہونے پر ایک لیسدار مادہ بھی پیدا ہوتا ہے جسے منی مادہ تولید اور انگریزی میں (SEMON) کہتے ہیں ۔ یہ مادہ جب عورت کے رحم (بچہ دانی) میں داخل ہوتا ہے تو عورت کی منی سے مل کر بچہ پیدا ہونے کا سبب بن جاتا ہے یہ بہت قیمتی مادہ ہے اور اسے فضول ضائع کرنا بدن کو سخت نقصان پہنچاتا ہے ہم اگلے باب میں اس پر روشنی ڈالیں گے۔

بلوغت کی خواہشات = بالغ ہونے پر لڑکا دوسرے لڑکوں کو (جنہیں وہ اپنی سمجھ کے مطابق خوبصورت خیال کرتا ہے) دیکھنے لگتا ہے اور رفتہ رفتہ لڑکیوں کا تعاقب بھی شروع کر دیتا ہے وہ ان سے دوستی کرکے ان کے جسم سے لطف اور لذت حاصل کرنا چاہتا ہے ۔ جس کے لئے وہ کئی قسم کے طریقے اور ہتھکنڈے استعمال کرتا ہے جو اس کی بربادی کا سبب بن جاتے ہیں کیونکہ وہ اپنے جوش میں اس قدر مست ہوتا ہے کہ اسے اپنے ہوش سے کام لینے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔

بلوغت کی بیماریاں ۔ یہاں ہم بلوغت کی صرف جنسی بیماریوں کا ذکر کریں گے تاکہ لڑکا ان سے بچنے کی پوری پوری کوشش کرے اور آئندہ ابواب میں ان کا علاج لکھیں گے

۱ ۔ احتلام ۲ ۔ جریان ۳ ۔ مشت زنی ۴ ۔ لواطت ۵ ۔ زناء ۶ ۔ اعصابی کمزوری ۷ ۔ شہوت اور جنسی خیلات کی زیادتی ۸ ۔ سرعت انزال ۹ ۔ ذکاوت حس ۱۰ ۔ نامردی ۱۱ ۔ عضو کی خرابیاں ۱۲ ۔ مادہ تولید میں خرابی (حونیات) منویہ ۱۳ ۔ سوزاک ۱۴ ۔ صحت کی خرابی یا کمزور بدن ۱۵ ۔ کمزور حافظہ

نوجوان لڑکے ان کی حقیقت نہ جاننے کی وجہ سے ان بیماریوں کی طرف توجہ نہیں کرتے۔
اور اپنی نادانی کی وجہ سے ان کا شکار ہو کر تباہی کی راہ پر چلنا شروع کر دیتے ہیں
زمانہ بلوغت کو انگریزی میں. ADOLESENCE PERIOD۔ کہتے ہیں اور عمر کے اس حصے میں جنسی خواہشات کا غلبہ ہوتا ہے یہ جذبہ ضروری اور مفید ہے لہٰذا (جنسی جذبے) سے بچے پیدا کرنے کے طریقوں سے نفسیات کی روشنی میں کئی دوسرے کام بھی لئے جاسکتے ہیں۔ لیکن رہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے لڑکے غلط راہوں پر چلتے رہتے ہیں ہم نے اس عمر میں پیدا ہونے والے جذبات اور ان کی مشکلات سے آگاہ کرنے کے لئے ایک کتاب لڑکوں کے لئے لکھی ہے جس کا نام "نوجوان کے مسائل اور ان کا حل" ہے
اور ایک کتاب لڑکیوں کے مسائل حل کرنے کے لئے بھی لکھی ہے جس کا نام "لڑکیاں شادی سے پہلے ، شادی کے بعد" ہے
یہ دونوں کتابیں مکتبہ تعمیر انسانیت اور القمر انٹر پرائزز اردو بازار لاہور نے شائع کی ہیں۔ اور خدا کا شکر ہے کہ ہزاروں کی تعداد میں نوجوان لڑکے اور لڑکیوں نے ان کتابوں سے فائدہ اٹھایا ہے اور اپنی زندگیوں میں مثبت اور تعمیری اقدام کئے ہیں
ان کی زندگیاں سدھر گئیں ہیں اللہ پاک ہماری نئی نسل کو اتنی سوجھ بوجھ عطا فرمائے کہ وہ شیطان کی بھڑکائی ہوئی آگ میں جلنے سے بچ جائیں

ہومیو پیتھی ادویات

اس وقت ہمارے ملک میں تین مشہور طریقہ علاج ہیں
۱۔ ایلوپیتھک ۔ جس کے مطابق علاج کرنے والے کو ڈاکٹر کہلاتے ہیں
۲۔ یونانی ۔ جس کے مطابق علاج کرنے والے کو حکیم یا طبیب کہا جاتا ہے
۳۔ ہومیو پیتھی ۔ اس طریقہ علاج کے مطابق کام کرنے والے کو ہومیو ڈاکٹر کہتے ہیں
ہم اس کتاب میں صرف ہومیو پیتھی طریقہ علاج کے مطابق مناسب دواؤں کے نام اور ان کے طریقہ استعمال کے متعلق لکھیں گے۔ یہ طریقہ علاج سستا جلدی اثر کرنے والا اور بیماری کو ہمیشہ کے لئے دور کرنے والا ہے۔ یہ دوائیں بے ضرر ' مفید اور کھانے میں خوش ذائقہ ہوتی ہیں اور ان کا استعمال بھی آسان ہے۔ پاکستان کے ہر بڑے شہر میں کئی کئی ہومیو پیتھک میڈیکل اسٹور موجود ہیں۔ جن سے آپ جرمنی فرانس اور امریکہ سے آنے والی دواؤں کے ساتھ پاکستان میں تیار کردہ دوائیں بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ دوائیں فائدہ مند ہوتی ہیں۔
ان میں سے بعض دوائیں مدر ٹنکچر کہلاتی ہیں جن کی نشانی Q کا لفظ ہے جو دوا کے نام کے

ساتھ لکھا جاتا ہے یہ دوائیں عموماً رنگ دار ہوتی ہیں یہ جڑی بوٹیوں سے نکلا ہوا اصل رس یا عرق ہوتا ہے۔ جبکہ بعض دوائیں سفید رنگ کی ہوتی ہیں۔ اور ان کے نام کے ساتھ x 30۔ x 200 وغیرہ لکھا ہوا ہوتا ہے۔ یہ رنگ دار دواؤں سے تیار کردہ پاور (POWER) والی دوائیں ہوتی ہیں۔ یہ تفصیل اسلئے لکھی گئی ہے۔ تاکہ آئندہ صفحات میں بار بار یہ باتیں نہ لکھنی پڑیں۔ یہ دوائیں ۱۰ ملی لیٹر۔ ۲۰ ملی لیٹر ۳۰ ملی لیٹر ۱۲۵ ملی لیٹر اور ۴۵۰ ملی لیٹر کی شیشیوں میں بند ہوتی ہیں۔ اور عرق کی شکل میں ہوتی ہیں۔

بعض دوائیں گولیوں کی شکل میں ہوتی ہیں۔ یہ عموماً بدن میں پائے جانے والی نمکیات سے تیار کی جاتی ہیں یہ نمک فولاد۔ چونا۔ پوٹاشیم وغیرہ ہوتے ہیں اور مختلف طریقوں سے اور جگہوں سے حاصل کیے جاتے ہیں۔ جب ہمارے بدن میں ان نمکیات کی کمی ہو جاتی ہے۔ تو ہم یہ دوائیں استعمال کرتے ہیں جس سے بدن میں نمکیات کی کمی دور ہو جاتی ہے۔ اور مریض تندرست ہوجاتا ہے۔ گولیاں منہ میں رکھ کر چوسی جا سکتی ہیں۔ یہ میٹھی ہوتی ہیں اور فوراً گل جاتی ہیں جبکہ عرق والی دوائیاں پانی میں ملا کر پی جاتی ہیں۔ عموماً پانی اتنا درکار ہوتا ہے جتنا چائے کا آدھا کپ ہوتا ہے۔ کسی صاف ستھرے برتن میں اتنا پانی (اندازہ دو گھونٹ یا آدھا کپ) بھر کر اس میں سفید دوا (یعنی پاور والی دوا) کے ۵ یا چھ قطرے ڈالے جاتے ہیں یہ ایک خوراک (DOZE) ہوتی ہے۔ رنگ دار عرق میں کئی دوائیاں ۱۵ ۔ ۲۰ قطرے تک بھی ڈالے جاتے ہیں ہم آئندہ ابواب میں ان سب دواؤں کے قطروں کی تعداد اور دن میں ان کے استعمال کی تعداد کا ذکر کریں گے۔

ان دواؤں کو زیادہ دھوپ۔ تیز روشنی اور زیادہ تیز خوشبو یا بد بو سے بچانا ضروری ہے ورنہ ان کا اثر زائل ہونے کا خطرہ ہے ان دواؤں کے استعمال کے دوران دوسرے طریقہ علاج کی یعنی ایلو پیتھک یا یونانی دوائیں استعمال نہیں کرنی چاہئیں۔ ورنہ ان کا اثر کم ہوجائے گا۔ ان دواؤں کے دوران استعمال تیز مصالحے۔ تلی ہوئی چیزیں چٹ پٹی غذائیں نہ کھائی جائیں قبض نہ ہونے دی جائے۔ منہ میں پان کی خوشبو ہو یا حقے اور سگریٹ یا پیاز وغیرہ کی بد بو ہو تو ان بدبو کے ہوتے ہوئے۔ ان دواؤں کو استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ ورنہ دواؤں کا اثر زائل ہو جائے گا۔ بہتر یہ ہے کہ پہلے کلی کرکے اس بد بو یا خوشبو کو دور کیا جائے۔ اور پھر دوا استعمال کی جائے نیز کھانا کھانے سے فوراً پہلے یا فوراً بعد بھی انہیں استعمال کرنا ٹھیک نہیں ہے کم از کم ۲۰ ۔ ۲۵ منٹ کا وقفہ ہونا ضروری ہے۔

دوسرا باب

جنسی بیماریاں

احتلام :۔ بالغ ہونے پر ہر لڑکے کے اندر ایک زبردست خواہش پیدا ہوتی ہے کہ وہ خوبصورت لڑکوں یا ہر قسم کی لڑکیوں کو جی بھر کر دیکھتا رہے اور ان کے زیادہ سے زیادہ قریب آسکے ۔ یہ خواہش رات کو نیند میں طرح طرح کے خوابوں کا باعث بن جاتی ہے ۔ جو خواہشات پوری نہیں ہو سکتیں لڑکا خواب میں انہیں پورا کر لیتا ہے ۔ چنانچہ اگر دن میں کسی لڑکے یا لڑکی کے جسم سے لذت حاصل کرنے کا اسے موقع نہ ملے تو وہ رات کو خواب میں اپنی خواہش کو پورا کر لیتا ہے نتیجہ میں اسے لذت محسوس ہوتی ہے اور اور اسکی منی خارج ہوجاتی ہے اس طرح خواب میں لذت کے ساتھ منی خارج ہونے کو احتلام کہتے ہیں ۔

احتلام کی وجوہات (اس کی بہت سی وجوہات ہیں) ۔

۱ ۔ للچائی ہوئی نظروں سے لڑکے اور لڑکیوں کو تاکتے رہنا اور گھورتے رہنا
۲ ۔ لڑکے اور لڑکی کے جسم سے لذت حاصل کرنے کے خیالی پلاؤ پکاتے رہنا
۳ ۔ تصور ہی تصور میں ان سے ملاپ کر لینا
۴ ۔ فحش گفتگو کرنا
۵ ۔ فحش گانے اور ریکارڈنگ سننا
۶ ۔ فحش تصویریں دیکھنا
۷ ۔ اپنے خیالات میں جنسی خواہشات کو زیادہ جگہ دینا
۸ ۔ رات کو سوتے وقت کسی کے تصور میں سونا
۹ ۔ سوتے وقت دماغ میں گندے خیالات کا ہجوم دماغ میں موجود ہونا ۔
۱۰ ۔ گندی اور ننگی تصویریں دیکھنا
۱۱ ۔ وی سی آر دیکھنا
۱۲ ۔ گندے ناول اور قصے کہانیاں پڑھنا
۱ ۔ قبض ہونا ۔
۲ ۔ معدے میں گڑ بڑ ہونا یعنی گیس یا بد ہضمی کا ہونا
۳ ۔ پیٹ کا بہت زیادہ بھرا ہوا ہونا
۴ ۔ گرم گرم دودھ یا چائے پی کر سونا

۵ ۔ بہت زیادہ پانی پی لینا

ان تمام وجوہات میں سے اگر کوئی بھی وجہ زیادہ شدت کے ساتھ موجود ہو گی تو احتلام کا ہونا لازمی ہے ۔ لڑکا رات کو خواب میں دیکھے گا کہ وہ کسی کے جسم سے لذت حاصل کر رہا ہے ۔ یا بعض اوقات سو کر اٹھے گا تو اسے معلوم ہو گا کہ اس کا پاجامہ یا جانگیا وغیرہ منی سے تر ہے

احتلام سے بچنے کا علاج :۔ ہم پہلے ایسی باتوں کو لکھنا ضروری سمجھتے ہیں جن پر عمل کر کے لڑکا احتلام سے حتی الامکان بچ سکتا ہے ۔ اس میں دو باتیں ہیں ۔

۱ ۔ **خیالات** ۔ اگر سوتے وقت خیالات صاف ہوں تو عموماً احتلام نہیں ہو گا ۔ یعنی کسی لڑکے یا لڑکی کا خیال نہ ہو یا جنسی جذبہ نہ ابھرنے پائے ۔ یاد رکھئے مہینے میں اگر ایک یا دو دفعہ اور بعض حالات میں تین دفعہ بھی احتلام ہو جائے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں ۔ لیکن اگر اس سے زیادہ بار احتلام ہونے لگے تو فکر کی بات ہے ۔ اور اگر ہفتے میں دو یا تین بار ہونے لگے تو تشویش ناک بات ہے اور فوراً اس کا تدارک کرنا ضروری ہے ۔

لہٰذا خیالات کو صاف رکھا جائے ۔ اس کے بھی دو طریقے ہیں ۔

اچھی کتابیں پڑھنا :۔ سونے سے پہلے یا تو کورس کی کتابیں پڑھیں یا کوئی پاکیزہ مواد رکھنے والی کتاب پڑھیں ۔ دینی کتابیں ہوں تاریخی حالات یا سوانح عمریاں ہوں ۔ بڑے لوگوں کے حالات ہوں ۔ سائنسی معلومات پر مشتمل کتابیں ہوں غرض جن کتابوں میں جنس معلومات یا جذبات کو ابھارنے والی تحریریں ہوں ان سے ہر حالت میں پرہیز کریں ۔

۲ ۔ **روحانی علاج** = قرآن مجید کی آیات = سوتے وقت قرآن مجید کی ان آیات کی تلاوت کی جائے جو یاد ہوں حضور نبی اکرمؐ نے اس کی بہت تاکید کی ہے ۔ اگر آپ کو تھوڑی ہی سورتیں یاد ہوں ۔ یا آئتیں یاد ہوں تو ابھی انہیں پڑھ کر سوئیں ۔ اگر کچھ بھی یاد نہ ہو تو کلمہ شریف یعنی لا الہ اللہ کو کثرت سے پڑھ کر سو جائیں بہتر یہ ہے کہ قرآنی آیات یا کلمہ شریف پڑھنے کے بعد دونوں ہتھیلیوں پر پھونک مار کر ان ہتھیلیوں کو سارے بدن پر پھیر لیں ۔ اس طریقہ سے آپ شیطان کی شرارت سے بچ جائیں گے ۔ اور انشاء اللہ احتلام نہیں ہو گا غرض اللہ کا ذکر کرتے ہوئے سو جائیں۔

طبی طریقے ۔ اوپر بتائے گئے طریقوں کے ساتھ ساتھ آپ کو مندرجہ ذیل طریقے بھی استعمال کرنے پڑیں گے ۔

۱ ۔ رات کو کھانا کم کھائیں

۲ ۔ رات کا کھانا جلدی کھالیں اور اس کے بعد تھوڑی سیر کر لیں تاکہ کھانا ہضم ہونے میں آسانی ہو ۔

۳ - گرم دودھ یا گرم چائے یا زیادہ پانی سوتے وقت نہ پئیں

۴ - سوتے وقت ٹھنڈے پانی کا ایک لوٹا عضو مخصوص پر ڈال لیں تاکہ اس میں انتشار کا جوش باقی نہ رہے -

۵ - نہ بالکل سیدھے سوئیں نہ ہی اوندھے سوئیں بلکہ کروٹ کے بل سوئیں

۶ ورزش کیا کریں - یہ بہت ضروری ہے کھیلوں میں حصہ لیں سیر کریں

۶ - جب پیشاب کی حاجت ہو تو فوراً نیند سے بیدار ہو کر پیشاب کر لیں کیونکہ اگر آپ پیشاب کو روک لیں گے تو احتلام یقینی طور پر ہو جائے گا

۷ - حتی الامکان سر کو نہ ڈھانپیں اور لحاف یا چادر کے اندر منہ ڈال کر نہ سوئیں بلکہ منہ ننگا رکھیں -

۸ - اگر شام کو یا رات کو پاخانے کی حاجت ہو تو اس سے فوراً فارغ ہولیں -

احتلام روکنے کے لئے دوائیں

طبی علاج

احتلام روکنے کے لیئے دوائیں۔

ہم ذیل میں بہت سی دوائیں لکھتے ہیں۔ ان میں کوئی سی دو دوائیں آپ اکٹھی استعمال کر سکتے ہیں۔ پندرہ بیس دن تک استعمال کریں اور جب احتلام میں کمی آجائے تو دوا بند کر دیں لیکن اگر کسی وقت پھر احتلام کی رفتار بڑھ جائے تو پھر دوائیں شروع کر دیں۔ یاد رکھیں۔ شادی سے پہلے اکثر نوجوانوں کو بار بار احتلام زیادہ ہونے کی شکایت ہوتی رہتی ہے۔ اور بہت کم حالتوں میں احتلام نارمل رہتا ہے۔

۱۔ نیٹرم فاس ۱۲x (Nat Phos 12x)۔ چار چار گولیاں دن میں چار دفعہ

۲۔ نیٹرم میور ۱۲x (Nat Mur 12x)۔ چار چار گولیاں دن میں چار دفعہ

۳۔ کلیکریا فاس ۱۲x (Calcaria Phos 12x) چار چار گولیاں دن میں چار دفعہ

بہتر یہ ہے ان سب دواؤں کو اکٹھا شروع کیا جائے ان میں سے ہر ایک دوائی ۳۰ گرام والی ایک شیشی خرید لیں اور پھر ہر ایک شیشی میں سے تین تین گولیاں (یعنی کل نو گولیاں) دن میں تین بار چوس لیا کریں۔ یہ گولیاں چھوٹی چھوٹی سی ہوتی ہیں۔ یہ دوائیں بہت مفید ہیں۔ اور ان کے اور بھی کئی فائدے ہوں گے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ پہلے ان دواؤں کو استعمال کریں اور اگر خدانخواستہ ان سے خاطر خواہ فائدہ نہ ہو تو پھر نیچے دی ہوئی دوسری دواؤں کو آزمالیں۔

سیلینیم ۲۰۰x (Selenium 200x)۔ ۱۰ ملی لیٹر کی شیشی خرید لیں اور پہلے تین دن

تک تو ہر روز ایک بار اس کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار (۱/۴) گلاس پانی میں ملا کر پیا کریں
پھر ہفتے میں صرف ایک بار یعنی مہینے میں چار بار دوسرے مہینے میں اس کو بند کریں

ایوینا سٹیوا (Avnea Sativa) (مدر ٹنکچر) اس کے ۱۰ - ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں ۲۰ دن کے بعد دوا بند کردیں یہ جریان کو بھی دور کرتی اور دماغ کو طاقت دیتی ہے - طالب علموں کے لئے بہت مفید دوا ہے -

غسل - یاد رکھنے والی بات یہ ہے کہ جب منی عضو میں نکلنے پر لذت محسوس ہو تو غسل واجب ہوجاتا ہے اور بغیر غسل کئے قرآن مجید پڑھنا یا اس کو چھونا نماز پڑھنا یا مسجد میں داخل جائز نہیں ہے - اور یہ انتہائی گندی اور گھناؤنی بات ہے کہ احتلام ہو جائے یا آئندہ صفحات میں بتائی گئی باتوں کے ذریعے منی لذت کے ساتھ عضو سے خارج ہو اور لڑکا بغیر غسل کئے سارا دن گزار دے اور اپنے سارے کام معمول کے مطابق کرتا رہے یہ سراسر گندی بات ہے اور گناہ ہے

غسل کا طریقہ : پہلے نیت کرنی چاہئے کہ میں پاکی حاصل کرنے کے لئے غسل کررہا ہوں پھر کپڑے پر لگی ہوئی گندگی دور کی جائے اور اگر کپڑے بدل دینے کی گنجائش ہو تو پھر ان گندے کپڑوں کو دھلنے والے کپڑوں میں جمع کر دیں اس کے بعد اپنے بدن کے اس حصے کو دھو کر صاف کرلیں جس پر منی لگی ہوئی ہو - اور عضور کو خوب دھوئیں پھر دونوں ہاتھ صاف کرکے پہلے غرغرہ کریں یعنی گلے میں پانی ڈال کر غرغر کرنے کے بعد اسے باہر پھینک دیں اس طرح گلا صاف ہو جائے گا - پھر ناک میں پانی ڈالیں اور نرم جگہ تک پانی ڈال کر نتھنے صاف کریں اس کے بعد وضو کریں اور پھر سارے بدن پر پانی ڈالیں پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف اور خوب صابن وغیرہ مل کر نہا لیں اگر صابن میسر نہ ہو تو صاف پانی سے نہالیں بس غسل ہو جائے گا - اگر غرغرہ نہ کیا جائے یا ناک میں نرم جگہ تک پانی ڈال کر اسے صاف نہ کیا جائے تو غسل نہیں ہو گا اور اگر ایک بال یا بال برابر جگہ بھی بدن میں سوکھی رہ گئی تو بھی غسل نہیں ہو گا - کانوں کے اندر تک گیلی انگلیاں ڈال کر خوب پھرائیں تاکہ کان اندر سے صاف ہوجائیں -

البتہ اگر آپ بیمار ہوں اور پانی استعمال کرنے سے بیماری بڑھ جانے کاخطرہ ہو یا سفر میں ہوں یا پانی دستیاب نہ ہو تو پھر ناپاکی اور غلاظت دور کرنے کے بعد تیمم کرلیں اور جب مجبوری جاتی رہے تو فوراً غسل کرکے پاکیزگی حاصل کرلیں اس میں ہرگز سستی نہ کریں ورنہ آپ گناہگار ہوں گے -

بدنی صفائی اور پاکیزگی حاصل کرنے کے لئے ناف کے نیچے اور عضو مخصوص کے ارد گرد اگنے والے بالوں کو پندرہ دن میں ایک بار ہر حالت میں صاف کر دینا چاہئے - یہ نہایت ضروری ہے اس سے بیماریاں پیدا نہیں ہوتیں -

جریان

گندے خیالات معدہ کی خرابیوں اور دیگر کئی وجوہات سے منی پیشاب میں نکلنی شروع ہو جاتی ہے اوراس کی تین صورتیں ہوتی ہیں۔

۱۔ پیشاب سے پہلے قطرہ منی کا نکلنا

۲۔ پیشاب کے بعد قطرہ منی کا نکلنا

۳۔ پیشاب میں منی کا مل جانا اور نظر نہ آنا

اس مرض کے پیدا ہونے کی وجوہات بھی وہی ہیں جو ہم احتلام کے باب میں بیان کر چکے ہیں البتہ ان دونوں یعنی احتلام اور جریان اور بالخصوص جریان کی تباہ کاریوں کا ذکر کرنا ضروری سمجھتے ہیں تاکہ ان سے بچ جائیں۔

جریان اور احتلام کی تباہ کاریاں۔

۱۔ دماغ کمزور ہو جاتا ہے پڑھنے کو دل نہیں چاہتا اور پڑھنے کے باوجود کچھ یاد نہیں ہوتا۔

۲۔ بینائی کمزور ہونے لگتی ہے

۳۔ اعصاب کمزور ہوجاتے ہیں طرح طرح کے خوف طاری ہوجاتے ہیں ذرا ذرا سی بات پر گھبراہٹ پیدا ہوتی ہے دل دھڑکتا ہے اور آنکھوں کے آگے اندھیرا آجاتا ہے۔

۴۔ چستی چالاکی ختم ہو جاتی ہے چہرہ بے رونق ہوجاتا ہے بدن سست اور کمزور ہونے لگتا ہے۔ ذرا سی محنت مشقت پر بدن تھک کر چور ہوجاتا ہے

۵۔ کسی کام کو دل نہیں چاہتا۔

۶۔ ٹانگوں اور کمر میں درد ہونے لگتا ہے۔

۷۔ سستی اور اداسی چھا جاتی ہے۔

۸۔ مزاج میں چڑچڑا پن پیدا ہو جاتا ہے۔

۹۔ احساس کمتری طاری ہو جاتی ہے اور کسی سے آنکھ ملا کر بات کرنے کا حوصلہ نہیں رہتا۔

۱۰۔ مجلسوں میں جانے سے خوف سا محسوس ہوتا ہے۔

منی جوہر حیات ہے اس کے ضائع ہونے سے زندگی کا چراغ ٹمٹمانے لگتا ہے۔ اور اس کی روشنی کم ہونے لگتی ہے۔

روحانی علاج: کثرت سے درود شریف پڑھا کریں توبہ استغفار کرتے رہیں خیالات کو صاف رکھیں برے دوستوں۔ بدکار لڑکوں۔ گندے لٹریچر اور گندی مجلسوں سے کنارہ کریں صاف ستھرے رہیں ہلکی غذا کھائیں۔ اور نماز کی پابندی کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہیں۔ اللہ پاک سے خوب دعائیں کرتے رہیں اور صحت و تندرستی کا یقین رکھیں

طبی علاج (یعنی جریان کی دوائیں)۔

جب آپ دن بدن کمزور ہونے لگیں اور جریان کی بتائی گئی نشانیوں میں سے کچھ نشانیاں اپنے اندر پائیں تو سمجھ لیں کہ جریان کے مرض میں مبتلا ہیں پھر آپ مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کریں۔

ایونیا سٹیوا (AVENA SATIVA)(مدر ٹنکچر) ۳۰ ملی لٹر کی ایک شیشی خرید لیں اور اس میں ۱۵۔۱۵ قطرے اس دوا کے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر صبح دوپہر اور شام کو کھانا کھانے کے ۲۰ منٹ بعد پیا کریں ۲۰۔۲۵ روز تک پینے سے انشاء اللہ جریان سے نجات ہو جائے گی۔

یاد رکھئے جریان اور احتلام کی دوائیں ایک ہی ہوتی ہیں۔ یعنی جو دوا احتلام بند کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے وہی جریان بند کرنے کے کام آتی ہے لہٰذا آپ احتلام کے باب میں لکھی گئی دواؤں میں سے کوئی ایک دو یا تین دوائیں اکٹھی استعمال کرسکتے ہیں۔

سیلینیم ۲۰۰x (SELENIUM x)۔۱۰ ملی لٹر اس کے چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں صرف ایک بار پیا کریں اور تین دن کے بعد ہفتے میں صرف ایک بار پئیں

آل فاس 12 x (ALL PHOS 12 x) (اسے فائیو فاس FIVE PHOS) بھی کہتے ہیں ۳۰ گرام

نیٹرم میور 12x :۔ (NAT MUR 12 x) ۳۰ گرام

ان دونوں کی ۴۔۴ گولیاں (کل آٹھ گولیاں) ملا کر دن میں تین بار صبح نہار منہ دوپہر کو اور رات کو سوتے وقت چوس لیا کریں۔

سلیکس نائیگرا Q 10 ملی لیٹر (SLIX NIGRA) (مدر ٹنکچر) ۱۰ ملی لٹر ایونیا سٹیوا ۱۵ قطرے اور سلیکس نائیگرا ۸ قطرے دونوں کو ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا لیں یہ ایک خوراک (DOZE) دن میں پیا کریں یہ جریان کے لئے بہت مفید دوا ہے

غسل: چونکہ جریان میں منی لذت کے ساتھ نہیں نکلتی اس لئے جریان کی وجہ سے غسل واجب نہیں ہوتا۔ خواہ پیشاب سے پہلے منی کے قطرے خارج ہوں خواہ بعد میں۔

کیونکہ ان کے خارج ہونے سے لذت محسوس نہیں ہوتی۔ جریان کی بیماری کے دوران نماز پڑھی جاسکتی ہے قرآن مجید کی تلاوت کی جاسکتی ہے اور جریان سے ناپاکی پیدا نہیں ہوتی البتہ کپڑوں کو پیشاب سے بچانا ضروری ہے کیونکہ پیشاب کا قطرہ لگ جانے سے کپڑا پلید اور ناپاک ہوجاتا ہے۔ اور اس سے نماز پڑھنا درست نہیں ہوتا۔

مشت زنی

مشت زنی کی عادت تو نوجوان کے لئے سب سے زیادہ تباہ کن ہے ۔کیونکہ اس کے لئے کسی لڑکے یا لڑکی کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ اپنے ہاتھوں سے نوجوان اپنا بیڑہ غرق کرتے ہیں ۔ اپنے ہاتھوں سے اپنے عضو مخصوص کو مسل کر یا رگڑ کر اس میں انتشار پیدا کرتے ہیں اور پھر رگڑنے یا مسلنے سے اس میں سے لذت کے ساتھ منی نکل آتی ہے چونکہ اس کام میں لذت محسوس ہوتی ہے اور روکنے والا کوئی نہیں ہوتا ۔ کسی دوسرے کو اس کی خبر نہیں ہوتی اور لڑکے خود اس کی تباہ کاریوں سے واقف نہیں ہوتے اس لئے جی بھر کر مشت زنی کرتے ہیں اور آج کل تو اسکولوں اور کالجوں کے لڑکے اور غیر شادی شدہ نوجوان دھڑلے اور بغیر کسی جھجک یا خوف خطرہ کے مشت زنی کرتے رہتے ہیں ۔ مغرب زدہ ڈاکٹر اور دانشور انہیں بتاتے ہیں کہ مشت زنی کا کوئی نقصان نہیں ہے خوب جی بھر کر کرو مزے کرو حالانکہ یہ جہنم کی راہ ہے جس پر نوجوانوں کو چلانے کی دعوت دی جاتی ہے ذیل میں ہم مشت زنی کی چند تباہ کاریاں درج کرتے ہیں ۔

مشت زنی کی تباہ کاریاں:

ا۔ انسان کی سب سے بڑی طاقت اس کی خود اعتمادی قوت ارادی (WILL POWER) ہے اسی کی وجہ سے دنیا میں ترقی کی جاسکتی ہے ۔ اور سوسائٹی میں اپنا مقام پیدا کیا جاسکتا ہے اگر یہ قوتیں مجروح ہوجائیں ۔ تو انسان چلتی پھرتی لاش بن کر رہ جاتا ہے ۔ احساس کمتری اس پر غالب آجاتا ہے ۔ اور آگے بڑھنے کا جذبہ مردہ ہو جاتا ہے ۔ یہ مزہ تباہی کی راہ پر ڈال دیتا ہے ۔

۲ ۔ اس کی وجہ سے جریان منی شروع ہوجاتی ہے اور صرف شہوت بھڑکانے والی باتیں سن کر یا کسی خوبصورت لڑکے یا لڑکی کی دیکھ کر یا تصویر دیکھ کر انزال ہوجاتا ہے یعنی منی خارج ہوجاتی ہے باتیں کرتے کرتے منی نکل جاتی ہے اور کپڑے پلید ہوجاتے ہیں

۳ ۔ دماغ اور بینائی کمزور ہوجاتے ہیں

۴ ۔ ذہنی الجھنیں بڑھ جاتی ہیں اور انسانی شخصیت کئی حصوں میں تقسیم ہو جاتی ہے جو تباہی کی نشانی ہے

۵ ۔ مشت زنی کو روکنے کے لئے خود پر کنٹرول نہیں رہتا

۶ ۔ تنہائی پسند ہو کر زندگی کے ہنگاموں سے کنارہ کش ہو جاتا ہے ۔

۷ ۔ شادی کرنے سے گھبراتا ہے اور خود کو نامرد تصور کرنے لگتا ہے ۔

۸ ۔ عضو مخصوص کی رگیں ابھر آتیں ہیں ٹیڑھا ہوجاتا ہے درمیان میں سے پتلا رہ جاتا ہے ۔

۹ ۔ ایسے لڑکے جوان ہو کر عموماً اخلاقی مجرم بن جاتے ہیں ۔
۱۰ ۔ مطالعہ کرنے کو جی نہیں چاہتا ۔ کچھ یاد نہیں ہوتا ۔
۱۱ ۔ بے چینی اداسی ۔ مایوسی ۔ گھبراہٹ اور جھجک اس پر طاری ہو جاتی ہے ۔
۱۲ ۔ کھیلوں میں حصہ لینے سے کتراتا ہے
۱۳ ۔ عطائی ڈاکٹروں اور حکیموں کے چکر میں پھنس کر اپنی صحت اور جیب دنوں برباد کرلیتا ہے ۔ کیونکہ مشت زنی سے جریان ۔ احتلام ۔ سرعت انزال اور نامردی تک کے امراض پیدا ہو سکتے ہیں ۔
۱۴ ۔ اسے چھوڑنا محال ہوجاتا ہے ۔
۱۵ ۔ معدہ خراب ہوجاتا ہے بھوک مرجاتی ہے رات کو وحشت ناک خواب آتے ہیں ۔
۱۶ ۔ چہرہ ہر وقت بے رونق رہتا ہے گال پچک جاتے ہیں اور زندہ لاش بن کر رہ جاتا ہے

مشت زنی کا علاج اخلاقی طور پر

جن باتوں سے پرہیز کرنے کےلئے ہم نے احتلام اور جریان کے باب میں کہا ہے ان سے پرہیز کریں ۔ زیادہ تنہائی اختیار نہ کریں بلکہ کسی کام کاج میں مصروف رہیں یا اچھے دوستوں کی مجلس میں بیٹھ کر وقت گزار دیں اگر آپ پابندی سے پانچوں نمازیں پڑھیں ۔ اور قرآن مجید کی تلاوت کریں تو انشاء اللہ مشت زنی کی عادت خود بخود کم ہوتی جائے گی ۔

اپنی قوت ارادی سے کام لیں اور آئندہ اس سے باز رہنے کا عہد کریں اگر عہد کی خلاف ورزی ہو جائے تو مایوس نہ ہو ۔ نئے سرے سے عہد باندھیں فرصت کے اوقات میں مشت زنی کی تباہ کاریوں پر تھوڑا سا غور و فکر کریں اور اندازہ کریں کہ کس قدر تباہی کا خطرہ ہے پھر اپنے دل و دماغ اور روح کو اس بات کی اہمیت کا احساس دلائیں کہ کیوں ہم مل جل کر اپنی تباہی کو دعوت دیں ۔ یہ احساس آپ کو مشت زنی سے روک دے گا ۔ دراصل لڑکے اس کی تباہی سے واقف نہیں ہوتے اس لئے مشت زنی کرتے رہتے ہیں لیکن جونہی انہیں اس کی تباہ کاریوں کا تجربہ یا احساس ہوتا جاتا ہے تو اس سے باز آجاتے ہیں ۔

روحانی علاج : کثرت سے "ایاک نعبد و ایاک نستعین" پڑھا کریں اس کے معنی ہیں (اے اللہ ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی کی مدد چاہتے ہیں ۔) لہذا ذہن میں یہ خیال جما لیں کہ اللہ سے مدد مانگی جارہی ہے کہ وہ ہمیں مشت زنی کی لعنت سے نجات دلوا دیں گے ۔ جب یہ خیال ذہن میں پختہ ہو جائے گا کہ اللہ پاک مہربان معبود اور مدد کرنے والے ہیں تو مشت زنی کو چھوڑنا آسان ہو جائے گا ۔ کیونکہ اللہ پاک کی غیبی مدد آپ کے شامل حال ہو گی ۔

طبی علاج - مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کریں -

۱ - اٹی لیگو Q (مدر ٹنکچر) ۳۰ ملی لیٹر

۲ - سلیکس نائگر = ۳۰ ملی لیٹر SLIX NIGRA Q

دونوں کے ۱۰ - ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر صبح شام پیا کریں - جب خواہش میں کم ہوجائے تو دوا صرف ایک بار پیئیں اور جب یہ بری عادت چھوٹ جائے تو دوا بند کردیں

۳ - سٹیفی سیگریا Q (STAPHY SATRIA)

جب مشت زنی کی عادت جاتی رہے تو اس کے بد اثرات کو دور کرنے کے لیے اس دوا کی ضرورت ہوتی ہے - اس کے ۱۵ - ۱۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر صبح و شام پیا کریں- ۲۰ دن کے بعد بند کر دیں اور اگر اس دوران جنسی خواہش یا شہوت یا مشت زنی کی خواہش پھر ابھر آئے اور دبنے ہے نہ دبے بلکہ تنگ کرنے لگے تو اس دوا کو بند کرکے پھر اٹی لیگو اور سلیکس نائیگرا استعمال کریں اور جب طبعیت نارمل ہو جائے یعنی یہ برا جوش جاتا رہے تو اس دوا کو بھی بند کر دیں اگر مشت زنی سے جریان - سرعت انزال اور کند ذہنی جیسے امراض پیدا ہو جائیں تو یہ بھی اٹی لیگو کے استعمال سے دور ہوجاتے ہیں

اوری گینم Q ORI GANUM Q - (مدر ٹنکچر) یہ بھی مشت زنی کو چھڑانے اور اس کے بد اثرات کو دور کرنے کے لئے مفید دوا ہے عورتوں میں خاص طور پر زیادہ مفید ہے

عضو کی خرابیاں اور ان کا علاج

مشت زنی کی وجہ سے عضو مخصوص ٹیڑھا ہو جائے گا درمیان سے پتلا رہ جائے گا رگیں ابھر آئیں گی اور اس میں سختی کم ہو جائے گی اس طرح جب بیوی سے جماع کیاجائے گا تو وہ ناگواری کا اظہار کرے گی - اس لئے مشت زنی سے پرہیز لازمی ہے لیکن اگر ایسا ہو چکا ہے تو پھر مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کریں

آرنیکا مدر ٹنکچر ۱۰ ملی لیٹر ARANICA

لائکو پوڈیم مدر ٹنکچر ۱۰ ملی لیٹر LYCOPODIUM

روغن زیتون ۳۰ ملی لیٹر Olive Oil

ان کو آپس میں ملا کر خوب ہلائیں اور پھر اس سے عضو کی مالش کیا کریں دن میں صرف ایک بار اگر ٹیڑھا پن وغیرہ زیادہ ہو تو دو بار لیکن ہلکے ہاتھوں سے مالش کریں اور پیشاب والے سوراخ کے آس پاس کی جگہ چھوڑ دیں اگر جوش آئے تو مالش بند کرکے کسی کام میں مصروف ہوجائیں کیونکہ مالش کرنے کی حالت میں مشت زنی انتہائی تباہ کن ہے

لواطت

کسی لڑکے کے جسم سے لذت حاصل کرنا یعنی اس سے بد فعلی کرنا لواطت ہے اسے اغلام بھی کہتے ہیں یہ گناہ کبیرہ ہے اور آپ نے اکثر کتاب میں پڑھا ہو گا کہ قرآن مجید میں قوم لوط کا ذکر آیا ہے جو فلسطین کے اس علاقے میں رہا کرتی تھی جہاں اب بحر مردار ہے اس قوم نے دنیا میں سب سے پہلے لڑکوں سے بد فعلی کی اور اس کا رواج بڑھ گیا۔ اللہ پاک نے حضرت لوط علیہ السلام کے ذریعے انہیں اس برے کام سے منع کیا مگر وہ بد بخت لوگ باز نہ آئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ پاک نے اس قوم کو تباہ کر دیا اور ان کے شہر زمین کے اندر دھنسا دیئے بحر مردار ان شہروں کی یاد گار ہے۔

لڑکوں سے بد فعلی کرنے والا قتل کی سزا پاتا ہے اور یہ بہت بڑا گناہ بھی ہے یاد رکھئے اپنی بیوی سے بھی اس قسم کی حرکت کرنا حرام ہے اور جس قوم میں اس برائی کی کثرت ہوجاتی ہے اسے اللہ پاک ہلاک کر دیتے ہیں لواطت کرنے والا مندرجہ ذیل بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے

لواطت سے پیدا ہونے والی بیماریاں

۱۔ عضو مخصوص کی رگیں مردہ ہو جاتی ہیں

۲۔ جریان احتلام سرعت انزال کے بعد نامرد ہو جاتا ہے

۳۔ جو آدمی کثرت سے لواطت کرتا ہے وہ اگر نامرد ہوجائے تو اس کا علاج ناممکن ہے

۴۔ جس کے ساتھ بد فعلی کی جاتی ہے وہ دنیا کا خبیث ترین انسان ہو جاتا ہے اور زندگی میں ناکام رہتا ہے۔

۵۔ آتشک سوزاک جیسے مرض ہوسکتے ہیں

۶۔ اپنی بیوی کے کام کا نہیں رہتا اس لئے ذلیل و خوار ہوتا ہے

۷۔ لواطت کرانے والا بھی طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے

علاج

یہ ایک بری عادت ہے جسے قوت ارادی سے ختم کیا جا سکتا ہے۔ اس کے لئے کوئی دوا نہیں۔۔ خوبصورت لڑکوں سے میل ملاقات بند کر دی جائے۔ اس قسم کی باتیں سننے سے پرہیز کیا جائے تو استغفار کر کے نیکی کی راہ اختیار کی جائے برے کاموں سے بچنے کا عہد کیا جائے۔ اگر کبھی شہوت یا جنسی خواہش زیادہ تنگ کرے تو SLIX NIGRA سلیکس نائیگرا مدر ٹنکچر کے ۳۰ قطرے ایک بند چار گلاس پانی میں ملا کر پی لئے جائیں اس سے سکون ہو جائے گا۔ اور خواہش کم زور پڑ جائے گی۔ اگر یہ دوا وقتاً" فوقتاً" جوش اور خواہش کے وقت پی لیا جائے تو بفضل خدا یہ خواہش جاتی رہے گی۔

زیادہ تر اپنے آپ کو پڑھنے یا کسی دوسرے کام میں مصروف رکھا جائے اور لواطت کرنے والے یا کرانے والے لڑکوں سے دور رہا جائے۔ کثرت سے یا حی یا قیوم پڑھا جائے۔

اللہ تعالیٰ سے اس برائی سے بچنے کے لئے مدد مانگی جائے اور مضبوط ارادہ کر کے اس خبیث عادت کو ہمیشہ کے لئے ترک کر دیا جائے۔ ورنہ دین اور دنیا دونوں کی تباہی ہے۔

غسل:

اس گناہ کبیرہ کے کر گزرنے کے بعد غسل واجب ہو جاتا ہے۔اس لئے گذشتہ صفحات میں بتائے گئے طریقے کے مطابق دونوں کے لئے غسل کرنا ضروری ہے۔ ورنہ پلید رہنے کی وجہ سے نماز' قرآن مجید اور ذکر فکر سب منع ہیں۔ اور نحوست اور لعنت سارا دن پیچھے نہیں چھوڑے گی۔ اگر خدانخواستہ یہ گناہ کر لیا گیا ہو تو فوراً سچے دل سے توبہ کی جائے۔ اور آئندہ نہ کرنے کا سچا اور پکا عہد کیا جائے۔

زنا کاری

اس وقت ہمارے ملک میں بے حیائی بڑے زوروں پر ہے۔ گندے ناول، فحش گانے، ننگی تصویریں، بے پردہ اور بے حیا لڑکیاں، بدکار دوست اور وی سی آر وغیرہ کے عام ہو جانے کی وجہ سے زنا کاری کے مواقع کثرت سے بڑھ گئے ہیں۔ اور اب یہ مشکل یا برا کام خیال نہیں کیا جاتا۔ بلکہ لڑکے اور لڑکیاں ایک دوسرے کی تلاش میں رہتے ہیں۔ اور جہاں موقع ملا۔ شیطان کے آگے سر جھکا دیتے ہیں۔ اپنی عزت اور غیرت کی لٹیا ڈبو دیتے ہیں۔ ماں باپ کے لئے ذلت کا باعث بن جاتے ہیں اور جو لڑکا یا لڑکی ایک دفعہ اس جال میں پھنس جاتا ہے۔ اس کا چھٹکارہ مشکل سے ہوتا ہے۔ کیونکہ جگہ یا موقع تلاش کرنے میں انہیں کوئی خاص دقت محسوس نہیں ہوتی۔

روحانی علاج

زنا کاری روحانی اور اخلاقی بیماری ہے اور گناہ کبیرہ ہے۔ اس کا روحانی اور اخلاقی علاج یہ ہے کہ لڑکیوں کی طرف نہ دیکھا جائے کیونکہ اگر انہیں دیکھا جائے گا۔ تو شیطان ان سے رابطہ قائم کرنے کی ترغیب اور دعوت دے گا۔ اور دونوں کو بہلا پھسلا کر اپنے ڈھب پر لے آئیگا۔ قرآن مجید میں بھی اللہ پاک نے حکم دیا ہے کہ غیر مرد غیر عورتوں کو اور غیر عورتیں غیر مردوں کو نہ دیکھیں بلکہ نگاہیں نیچی کر لیں۔ ایک دوسرے سے میل جول نہ رکھیں۔ ہم نے جن برائیوں سے بچنے کے لیئے احتلام اور جریان کے باب میں لکھا ہے۔ ان سے بچتے رہیں۔ گندے دوست اور عشقیہ ناول گانے اور ننگی تصویریں اور لڑکیوں کا تعاقب کرنا یہ سب چیزیں آخر کار زنا کاری تک پہنچا دیتی ہیں۔

طبی علاج:

۱۔ انڈہ مچھلی گوشت چائے اور زیادہ مرغن غذاؤں سے حتی الامکان پرہیز کیا جائے۔ تاکہ شہوت نہ بھڑکنے پائے۔

۲۔ ان جگہوں، موقعوں اور حالتوں سے دور رہا جائے۔ جہاں لڑکیوں سے آزادانہ میل جول ہو سکے۔

۳۔ اگر کوئی لڑکی ایسی حرکات کرے جس سے زنا کی دعوت کا انداز پایا جائے تو اس سے فوراً کنارہ کر لیا جائے اور اس کا خیال دل و دماغ سے اس طرح نکال دیا جائے کہ دوبارہ اس میں دلچسپی لینے کی خواہش پیدا نہ ہو۔

۴۔ یاد رکھیئے اگر زنا کی باتیں کی جائیں یا سنی جائیں یا ان میں دلچسپی لی جائے۔ یا ذہنی طور پر

ان کا چٹخارہ لیا جائے۔ تو پھر زنا کاری سے بچنا مشکل ہے لہٰذا ان باتوں کو کانوں کی راہ سے دل میں نہ اترنے دیں۔ اور نہ دماغ میں ان کے لئے جگہ پیدا ہونے دیں۔

۵۔ اگر پھر بھی شہوت تنگ کرے یا فحش خیالات دل و دماغ پر غلبہ حاصل کریں۔ یا بے چینی اور بے قراری محسوس ہو۔ اور گناہ کرنے کا ارادہ ہی ہو جائے تو آپ فوراً سلیکس نائیگرا مدر ٹنکچر (Slix Nigra) کے ۳۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پی جائیں پندرہ بیس منٹ میں سکون ہو جائے گا۔ اگر پھر بھی شہوت کا زور ہو تو دوبارہ ۳۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پی جائیں انشاء اللہ یہ خواہش دب جائے گی۔اور طبیعت کا جنسی ہیجان جاتا رہے گا۔

غسل:

اگر خدانخواستہ زنا کر لیا جائے تو فوراً توبہ کی جائے اور غسل واجب ہو جانے کی وجہ سے پہلی فرصت میں دونوں غسل کریں آئندہ کے لیے اللہ پاک سے توبہ کر کے معافی مانگیں اور اس سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لیئے اللہ پاک سے مدد کی دعا کر کے عہد کریں کہ کسی قیمت پر زنا نہیں کریں گے۔

اعصابی کمزوری

گذشتہ صفحات میں بیان کی گئی۔ بیماریوں اور بدکاریوں کی کثرت ہو جانے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لڑکا اور لڑکی دونوں طرح طرح کی اعصابی کمزوریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں جن میں مندرجہ ذیل تکالیف شامل ہیں۔

ان جانے خوف ' وحشت' گھبراہٹ' مایوسی' چڑچڑاپن ' تشویش 'بیزاری' بوریت ' وحشتناک خواب' ہاضمہ خراب' گیس کی پیدائش' بدہضمی' کمزور حافظہ' چکر' تھکاوٹ۔ وغیرہ وغیرہ آج کل تو ڈاکٹر اور حکما ہائی بلڈ پریشر۔ دھڑکن ' بلڈ شوگر تک کو اعصابی کمزوری کا نتیجہ بتاتے ہیں۔ آپ نے ہسٹریا (Hysteria) کا نام سنا ہے یہ مرض بھی اعصابی کمزوری کا نتیجہ ہے اس میں مریض یا مریضہ چیخ مار کر بے ہوش ہو جاتے ہیں اور لوگ سمجھتے ہیں کہ جن آگیا ہے۔

اگر صاف ستھری اور پاکیزہ زندگی بسر کی جائے ۔ سادہ غذا کھائی جائے۔ سادگی کو ہر معاملے میں اپنایا جائے لباس خوراک رہائش اور ماحول کو سادہ بنایا جائے۔ دنیا داری کی محبت کو کم کیا جائے۔ ہوس ' لالچ' بد دیانتی اور حسد سے پرہیز کیا جائے تو اعصابی کمزوری غالب نہیں آسکتی۔ خوب سے خوب تر کی تلاش اور امیر سے امیر ترین بن جانے کی خواہش کو اگر اعتدال پر نہ رکھا جائے۔ تو یہ بڑھتے بڑھتے انسان کا امن اور سکون غارت کر دیتی ہے۔ اور پھر اعصابی کمزوری کا بھوت سر اٹھانے لگتا ہے۔ نوجوانوں کے لئے جنسی جذبے کی تسکین ایک ایسی خواہش ہے جو ان کی زندگی حرام کر دیتی ہے۔ اس لیئے اس کو دبانا ضروری ہے۔

اگر آپ اس سلسلہ میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تو ہماری دو کتابوں کا مطالعہ کیجئے اور خرید کر اپنے پاس رکھ لیجئے تاکہ بار بار مطالعہ کیا جائے۔

۱۔ نوجوانوں کے مسائل اور ان کا حل

۲۔ آج کا اداس نوجوان

یہ دونوں کتابیں آپ کو مکتبہ تعمیر انسانیت اردو بازار لاہور سے مل سکتی ہیں۔ اور ان کا مطالعہ آپ کی بہت سی الجھنوں کو دور کر سکتا ہے۔ اس کتاب میں ہم ان مسائل پر روشنی ڈالنا ضروری نہیں سمجھتے۔ کیونکہ یہ کتاب صرف بیماریوں اور ان کے علاج تک ہی محدود ہے۔

روحانی علاج :

اگر کثرت سے کلمہ شریف اور درود شریف پڑھا جائے تو یہ بیماریاں بغیر دوا کے دور ہو سکتی ہیں۔ سبحان اللہ ' الحمد للہ' لا الہ الا اللہ ' اللہ اکبر کی ایک ایک تسبیح صبح و شام کی جائے تو اعصابی کمزوریاں کافور ہو جائیں گی۔ استغفر اللہ کثرت کہتے رہیں۔ اور خدا کی رحمت کی امید رکھیں۔

طبی علاج:

اعصابی کمزوری کا مطلب ہے دماغ اور اعصاب کا کمزور ہو جانا جس کی وجہ سے جسم اور اس کے اعضا پر ان کا کنٹرول کمزور پڑ جاتا ہے۔ اور طرح طرح کی تکلیفیں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ اور اس کمزوری میں زیادہ ہاتھ منی کو ضائع کرنے کا ہے۔ خواہ مشت زنی ہو احتلام ہو جریان ہو یا زنا کاری ہو اس لئے ضروری ہے کہ ان سے پرہیز کیا جائے۔ معتدل اور سادہ زندگی بسر کی جائے۔ جلدی ہضم ہونے والی اور طاقت دینے والی غذائیں کھائیں جائیں۔

۱۔ اگنیشیا ۳۰x Ignatia30x۔ ۱۰ ملی لیٹر اگر غم تنگ کرے اور طبیعت میں اداسی اور مایوسی غالب ہو۔

۲۔ ایسڈ فاس ۳۰x (Acid phos30x) مدر ٹنکچر اگر اگنیشیا خاطر خواہ فائدہ نہ کرے اور زندگی بے مقصد معلوم ہو۔ دنیا تاریک نظر آئے۔ ہمت اور حوصلہ کم ہو جائے تو ایسڈ فاس استعمال کریں اس کے ۴ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانا کھانے کے بعد پیا کریں۔ جب طبیعت میں فرحت اور خوشی محسوس ہو اور تکلیف رفع ہوجائے تو دوا کو بند کر دیں۔

۳۔ کالی فاس 6x (Kali Phos30x) ۳۰ گرام اس کی پانچ پانچ گولیاں تین بار چوس لیا کریں۔ یہ دماغی اور اعصابی کمزوری کا بہترین علاج اور ٹانک ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لیئے خاص طور پر مفیدہ ہے۔ اس کی خاص نشانی تھوڑی سی محنت سے تھک کر چور چور ہو جاتا ہے۔ بہت فائدہ مند دوا ہے۔

۴۔ نکس وومیکا ۳۰x (nux vomica30x) ۳۰ ملی لیٹر۔ اگر نیند پوری نہ ہو۔ سگریٹ کثرت سے پیئے جائیں معدہ کا نظام درست نہ ہو۔ اور ہر قسم کی بے اعتدالیاں کرنے کی وجہ سے جسم کا عجیب حال ہو جائے تو اس دوا کے چھ چھ قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا

۵۔ ایکو نائیٹ 30x (Aconitum30x) ۳۰ ملی لیٹر۔ اگر مختلف قسم کے خوف تنگ کریں اور خاص طور پر موت کا خوف بے چین رکھے یا اندھیرے میں جاتے ہوئے خوف محسوس ہو شور و غل اور بھیڑ میں دم گھٹتا اور دماغ پریشان ہو۔ تو یہ دوا سب سے زیادہ مفید ہے اس کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں۔

۵۔ آل فاس6x (Alphos6x) ۳۰ گرام۔ اسے فائیو فاس بھی کہتے ہیں۔ یہ پانچ فاسز کا مرکب ہے اس لیئے مفید ہے اگر صبح و شام اس کی تین تین گولیاں کچھ عرصہ تک چوس لی جائیں تو یہ بہت مفید ثابت ہوں گی۔ یہ اعصاب کو اوور ہال کر دینے کی طاقت رکھتی ہے۔ بدن کے لیئے ٹانک بھی ہے اس کا استعمال نوجوانوں کو کئی بیماریوں سے بچاتا ہے۔ دن میں دو بار تین تین گولیاں چوس لیا کریں۔

شہوت اور جنسی خیالات کی زیادتی

ہمارا رہن سہن اور زندگی گزارنے کا طریقہ ایسا ہو چکا ہے کہ جنسی خیالات کا پیدا ہوتے رہنا آسان ہو گیا ہے۔ غذا اور لمحات فرصت گزارنا۔ دو ایسے عنصر ہیں جو نوجوانوں کی زندگی میں طوفان پیدا کر سکتے ہیں۔ اور وہ اپنی ناواقفیت یا سادگی کی وجہ سے ان طوفانوں میں نہایت آسانی سے بہہ نکلتے ہیں۔ پھر شیطان ان کو جب چاہتا ہے۔ غوطہ دے کر ان کا مذاق اڑا سکتا ہے۔

روحانی علاج:

کثرت سے درود شرف پڑھنا۔ نماز کی پابندی کرنا۔ روزانہ غسل کرنا' سورج نکلنے سے قبل بیدار ہو کر عبادت کرنا۔ ایسے اجتماعات میں جانے سے پرہیز کرنا۔ جہاں لڑکے اور لڑکیاں اکٹھے موجود ہوں۔ جیسے جوانوں کے میلے (Youth Festivels)' پارکیں' بس سٹاپ اور انتظار گاہیں وغیرہ وغیرہ۔

سبحان اللہ کثرت سے پڑھتے رہنا۔ اپنی آنکھوں کو باز رکھنا کہ لڑکیوں کو دیکھا کریں۔ یا لڑکوں کے چہروں کو گھورتے رہیں۔ شہوت انگیز باتوں کو سننے سے پرہیز کرنا۔

طبی علاج:

اگر جنسی جذبہ یا شہوت سے مغلوب ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو جائے یا جنس اور برے خیالات سے چھٹکارہ نظر نہ آتا ہو۔ بلکہ بدن میں آگ سی لگتی ہوئی محسوس ہو تو سلیکس نائیگرا مدر ٹنکچر کے ۳۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر پی لیں اگر جلد ہی سکون محسوس نہ ہو تو ایسی ہی ایک خوارک اور پی لیں۔اور وقتاً" فوقتاً" یہ پیتے رہیں تو بڑھی ہوئی شہوت کنٹرول میں آ جائے گی۔

۶۔ سٹیفی سیگریا Q (StaphysagriaQ) ۲۰ ملی لیٹر۔ مشت زنی کے بد اثرات دور کرنے کے ساتھ ساتھ دماغ کو جنسی خیالات کی زیادتی سے نجات دیتی ہے ایسے لڑکے جن کا دماغ ہر وقت جنسی خیالات میں پھنسا رہتا ہے اس دوا کے ۸' ۸ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں۔ ۲۰ دن کے بعد دوا بند کر دیں۔

۷۔ اوریگینم 10x (origanum10x) ۱۰ ملی لیٹر۔ اس کے ۱۰' ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر صبح و شام پیا کریں اس کے بعد جب ضرورت محسوس ہو پی لیا کریں۔ لڑکیاں اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔

سرعت انزال

اپنی بیوی سے صحبت یعنی جماع کرتے وقت منی کا جلد خارج ہونا یا جماع سے پہلے ہی منی کا نکل جانا جس سے عضو ڈھیلا پڑ جاتا ہے۔ اور نہ جماع کی خواہش پوری ہوتی ہے۔ نہ بیوی کو ہی تسکین ہوتی ہے۔ یہ بیماری مرد کے لیئے زبردست شرمندگی کا باعث ہے اور اگر مرد زیادہ عرصہ تک اس بیماری میں مبتلا رہے تو عورت اس سے نفرت کرنے لگتی ہے۔ اس لیئے اگر اس بیماری کا حملہ ہو جائے تو فوراً اس کا علاج کرنا چاہیئے۔

اس بیماری کے پیدا ہو جانے کی وجہ کثرت سے مشت زنی کرنا' زیادہ دیر تک احتلام اور جریان میں مبتلا رہنا ہے اگر فحش اور گندے خیالات زیادہ وقت ذہن پر چھائے رہیں تو بھی یہ بیماری پیدا ہو سکتی ہے۔

نفسیاتی علاج:

جماع سے پہلے اپنے خیالات کو کسی دوسری طرف لے جائیے۔اور یہ نہ سوچیئے کہ آپ جماع کر رہے ہیں۔ اس طرح جب تک خیالات میں جماع کا عنصر شامل نہ ہو گا۔ منی حتی الامکان خارج نہ ہو گی۔ مثلاً جب آپ جماع کرنے کے لیے بالکل تیار ہو جائیں تو ذہن کو کھیل کے میدان میں لے جائیں۔ اور وہاں ہاکی یا کرکٹ کھیلنے یا کھیلنے والوں کو دیکھنے کا تصور باندھ دیجئے۔ جماع بھی کرتے جایئے اور اس کھیل کے میدان کو بھی ذہن میں رکھیئے تھوڑی سی مشق کے بعد آسانی سے ایسا کیا جا سکتا ہے۔ یہ بڑے فائدے کی چیز ہے۔

طبی علاج:

۱۔ ماسکس 3x (Mochus3x) ۱۰ ملی لیٹر اس کے پانچ پانچ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین مرتبہ پیا کریں ۔ دس دن بعد دوا بند کر دیں۔ اگر پھر بھی شکایت رہے تو اتنے دنوں تک استعمال کرتے رہیں۔ جب تک اس مرض سے نجات نہ ہو جائے اگر جماع سے ۱۰' ۲۰ منٹ بعد اس کے چھ چھ قطرے پانی میں ملا کر پی لیا کریں تو سرعت انزال نہیں ہو گا۔

۲۔ ایسڈ فاس 3x (Acid Phos3x) ۱۰ ملی لیٹر۔ اس کے پانچ پانچ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار بیس دن تک پیا کریں اس کے اور بھی کئی فائدے ہیں۔

۳۔ سٹیفی سیگریا Q (Staphy sagriaQ)۱۰ ملی لیٹر۔ اس کے ۱۰ '۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر اس وقت تک دن میں تین بار پیا کریں جب تک سرعت انزال ختم نہ ہو۔ مشت زنی کے بد اثرات کو دور کرنے کے لیئے یہ دوا بہت مفید اور یقینی ہے۔

۴۔ کلکیریا فاس 12 ۔۔ ۳۰ گرام

۵- کلکیریا فلور 12--- ۳۰ گرام

ان دونوں کی ۴،۴ گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں پندرہ دن کے استعمال سے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ اگر ضرورت پڑے تو یہ دوائیں زیادہ دنوں تک بھی کھائی جا سکتی ہیں۔

۶- ٹیٹینیم 200x (titianium200x) ۱۰ ملی لیٹر ہر تیسرے دن اس کے پانچ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر پی لیا کریں۔ جب مرض جاتا رہے دوا بند کر دیں۔

۷- سلینیم 200x (selenium200x) -- ۱۰ ملی لیٹر اس کے پانچ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر ہر تیسرے دن پی لیا کریں۔ مرض رفع ہونے پر دوا بند کر دیں۔ یہ دوا احتلام بند کرنے میں بہت مفید ہے۔ جماع سے ۲۰ منٹ پہلے اگر اس کے چھ قطرے پانی میں ملا کر پی لیئے جائیں تو انشاء اللہ سرعت انزال نہ ہو گا۔

ذکاوتِ حس

یہ مرض بھی سرعت انزال جیسا ہے۔ مگر اس میں یہ ہوتا ہے کہ بعض حالات میں اگر کپڑا بھی عضو مخصوص کو چھو جائے تو منی خارج ہو جاتی ہے۔ اکثر اوقات خیال میں جنسی خواہش کے ابھرنے پر اور زیادہ تر جماع، عشق اور جنس کی باتیں کرتے وقت منی خارج ہو جاتی ہے۔ اور کپڑے پلید ہو جاتے ہیں۔ آج کل کے نوجوانوں کے ساتھ اکثر ایسا ہوتا رہتا ہے۔ کیونکہ ان کا اپنے ذہن، ارادے اور جذبے پر کنٹرول نہیں ہوتا۔ اور نوبت یہاں تک پہنچ جاتی ہے۔ کہ منی خود بخود گرتی چلی جاتی ہے۔ خود اعتمادی بالکل نہیں ہوتی۔ مذی بیٹھتے وقت سوتے وقت چلتے پھرتے وقت اور پاخانہ پھرتے وقت بھی خارج ہوتی رہتی ہے۔ یہ تباہ کن اور ذلیل و رسوا کرنے والا مرض ہے۔ اس لیے اسکی روک تھام کے لیئے فوراً ادویا استعمال کرنی چاہیئں۔

روحانی علاج :

اس مرض میں اپنے ذہن کو اپنے کنٹرول میں رکھنا ضروری ہے تاکہ فضول خیالات اول تو پیدا ہی نہ ہو۔ اور اگر دماغ میں ابھرنے لگیں تو انہیں بڑھنے سے پہلے ہی کچل دیا جائے۔ تاکہ فتنہ پیدا نہ ہو۔ کثرت سے سبحان اللہ پڑھتے رہنے سے گندے خیالات میں حیرت انگیز کمی آجائے گی۔ اور یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ آپ اللہ پاک کی اس یاد سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ یاد رکھیں جب فحش خیالات پیدا ہونے کا آغاز ہو تو اپنا دھیان کسی دوسرے کام یا جگہ کی طرف لگا دیں۔ اسے انگریزی میں Diversion Of Attention کہتے ہیں۔ اور یہ نہایت آسانی سے ہو سکتا ہے۔ صرف ارادہ مضبوط ہونا چاہیئے۔ اگر کسی مجلس میں ایسی باتیں ہوں تو اس مجلس کو چھوڑ کر چلے جائیں۔

طبی علاج:

اس مرض میں وہی دوائیں استعمال ہوتی ہیں جو سرعت انزال میں کے لیئے مفید ہیں۔ البتہ سلیکس نائیگرا مدر ٹنکچر اور اووری گینم مدر ٹنکچر کو ان دواؤں کے ساتھ ضرور استعمال کرنا چاہیئے تاکہ جذب و جنون اور جوش شہوت کم ہو جائے۔

نیٹرم میور ۱۲ اور نیٹرم سلف ۱۲۔۔۔ ۳۰ گرام خرید کر رکھ لیں اور جن دنوں ذکاوت حس کی زیادہ شکایت ہو دوسری دواؤں کے ساتھ ان کی ۴،۴ گولیاں بھی دن میں تین بار چوس لیں۔ جب یہ شکایت جاتی رہے تو ان دواؤں کو بند کر دیں۔

مذکورہ تمام دوائیں ایسی ہیں کہ اگر آپ ان میں کوئی سی ایک ہی استعمال کریں گے تو انشاء اللہ اسی سے آرام آجائے گا۔ اگر ایک سے زیادہ استعمال کریں گے۔ تو بھی نتیجہ بہتر ثابت ہو گا۔ عام طور پر مشت زنی کرنے والوں کو ذکاوت حس زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیئے سب سے پہلے مشت زنی سے توبہ کیجئے۔

نامردی

یہ ایسا خوفناک لفظ ہے اور مرض ہے کہ اس کا تصور کرتے ہی۔ نوجوانوں کا خون خشک ہونے لگتا ہے۔ حالانکہ یہ مرض ناقابل علاج نہیں ہے۔ اور صرف ان لوگوں کو سزا کے طور پر ہوتا ہے جو بدمعاشیاں کرتے رہتے ہیں مشت زنی' لواطت' زناکاری اور فحش خیالات کی بھرمار کی وجہ سے ان کے مردانہ جذبات میں ہیجان پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ عضو کمزور ہو جاتا ہے خود اعتمادی اور قوت ارادی بہت کمزور ہو جاتی ہے۔ اور وہ نامرد نہ ہوتے ہوئے بھی خوف' وہم' وحشت اور نفسیاتی دباؤ کے تحت نامرد ہو جاتے ہیں۔ دراصل انہیں معلوم ہی نہیں ہوتا کہ نامرد کون ہے بس ذرا سی کمزوری محسوس ہوئی یا سرعت انزال پیدا ہوا تو بس سمجھ لیتے ہیں۔ کہ اب وہ نامرد ہو گئے اور شادی کے قابل نہیں رہے ہیں۔ میرے پاس بے شمار خطوط ایسے نوجوانوں کے آتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مشت زنی اور لواطت میں اپنا کافی وقت اور سرمایہ ضائع کرنے کے بعد یہ محسوس کرنے لگے ہیں۔ کہ اب وہ شادی کے قابل نہیں رہے ہیں۔ حالانکہ معاملہ اتنا مایوس کن نہیں ہوتا۔

بعض نوجوان شادی کی پہلی رات میں محض خوف اور اپنے اخلاقی جرائم کو یاد کر کے عورت سے دب جاتے ہیں۔ اور صحبت سے پہلے ہی خارج ہو جاتے ہیں۔ یا عضو میں مناسب خیزش اور سختی محسوس نہیں کرتے ایسے لڑکوں کو دوا کی بجائے حوصلہ افزائی اور نفسیاتی علاج کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ ہم ذیل میں چند حالتیں اور ان کے لیئے مناسب علاج تجویز کرتے ہیں لیکن یہ بات پہلے ہی بتا دینا ضروری سمجھتے ہیں۔ کہ ان دواؤں کو عیاشی کی نیت سے استعمال کرنا یا دیر تک استعمال کرتے رہنا یا بعد ضرورت استعمال کرنا برے نتائج پیدا کر سکتا ہے۔

اس لیئے بغیر اشد ضرورت کے انہیں استعمال نہ کیا جائے البتہ جن دواؤں کو آپ شوقیہ دیر تک استعمال کر سکتے ہیں۔ اور ان کا کوئی خراب نتیجہ بھی نہیں نکلتا ان کی ہم نشاندہی کرتے جائیں گے۔

روحانی علاج:

جماع کرنے سے پہلے اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھا کریں اس سے شیطانی اثر ختم ہو جائے گا اور اولاد بھی صالح پیدا ہو گی۔ بشرطیکہ آپ کی روزی حلال کی ہو کیونکہ حرام کی کمائی سے پیدا ہونے اور پرورش پانے والی اولاد صالح نہیں ہوتی۔ حرام کمائی کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ اس لیئے حرام کمانے سے پرہیز ہر حالت میں لازمی ہے۔

طبی علاج:

ا۔ ڈمیانہ (Damina) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لیٹر اگر یہ محسوس ہو کہ شادی کے نام سے خوف محسوس ہوتا ہے یا عضو میں سختی اور خیزش کم ہے تو شادی سے ۲۰ دن پہلے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے اسکے ۲۰، ۲۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر صبح و دوپہر شام کھانا کھانے کے بعد ۲۰ منٹ بعد پیا کریں یہی ایک دوا بہت سی مردانہ کمزوریوں کے لیئے شافی ہے۔

۲۔ یوہم بینم Q (Yohimbinum Q) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لیٹر۔ اگر جماع سے اڑھائی گھنٹے پہلے اس کے ۳۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر پی لیئے جائیں تو جماع کرنے میں ناکامی نہیں ہو سکتی۔ یہ جماع کی خواہش اور طاقت کو ابھارتی ہے۔

۳۔ ماسکس 3x (Moschus 3x) ۱۰ ملی لیٹر اگر سرعت انزال کا خطرہ ہو تو شام کو ۴ بجے ۶ بجے اور ۸ بجے اس کے ۶،۶ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پی لیا کریں۔ چند روز کے استعمال کے بعد سرعت انزال ختم ہو جائے گا۔

۴۔ ایسڈ فاسQ (Acid Phos Q) مدر ٹنکچر اگر جماع کی خواہش ہی نہ ہو یا بہت سست ہو تو اس کے ۴،۴ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار ایک ہفتہ تک پینے سے خواہش جوان ہو جائے گی اور مردانہ کمزوری کو دور کرے گی۔

۵۔ ایونیا سٹیوا ۳۰ ملی لیٹر
۶۔ ایگنس کاسٹس ۳۰ ملی لیٹر
۷۔ یوہم بینم ۳۰ ملی لیٹر
۸۔ ڈمیانہ

۳۰ ملی لیٹر ان کو ملا لیں اور خوب ہلائیں اور پھر اس مرکب (Mixture) کے ۳۰،۳۰ قطرے صبح دوپہر شام ایک بٹہ دو گلاس پانی میں ملا کر کھانا کھانے کے ۲۰ منٹ بعد پیا کریں۔ یہ دوا پندرہ دن تک استعمال کریں۔ نامردی خواہ کتنی ہی کیوں نہ ہو۔ اس سے رفع ہو جائے گی۔ اور اگر ذہن میں کوئی الجھن یا خوف موجود ہو تو کالی فاس 12x ۳۰ گرام کی پانچ پانچ گولیاں دن میں تین بار چوستے رہیں۔ یعنی اوپر والی دوائیں بھی استعمال کریں اور کالی فاس کی گولیاں بھی چوستے رہیں۔ یہ دوائیں نامردی کا بہترین علاج ہیں اور مردانہ کمزوری کو دور کرنے کی زبردست طاقت رکھتی ہیں۔ ڈاکٹر یہی دوائیں دے کر لڑکوں سے سینکڑوں روپے وصول کر لیتے ہیں اور انہیں ڈراتے بھی رہتے ہیں۔

۹۔ آل فاس 6x جسے فائیو فاس 6x (All phos 6x or Five phos 6x) بھی کہتے ہیں ۳۰ گرام خریدار کر رکھ لیں اور اگر آپ بالکل ٹھیک ہوں مردانہ کمزوری بھی محسوس نہ

ہو لیکن پھر بھی آپ دوائیں بطور ٹانک استعمال کرنا چاہیں۔ یا معمولی قسم کی سرعت انزال یا خواہش میں کمی محسوس ہو یا عضو میں زیادہ سختی وغیرہ نہ ہو تو اس دوا کی ۵'۵ گولیاں دن میں چار بار چوس لیا کریں۔ تو مطلب حل ہو جائے گا۔ نیز اس دوا کے اور بھی بہت سے فائدے ہیں۔ اس کا کوئی خراب اثر ہونے کا بھی امکان نہیں ہے۔ میں اکثر نوجوانوں کو یہ دوا استعمال کرنے کا مشورہ دیا کرتا ہوں۔ اس سے اعصاب مضبوط ہوتے ہیں بدن میں چستی پیدا ہوتی ہے۔ بینائی اور حافظہ تیز ہوتا ہے۔ غرض یہ بہت فائدے کی دوا ہے خاص طور پر طالب علموں کے لئے بہت مفید ہے۔ انہیں پڑھنے اور یاد کرنے میں آسانی ہو گی۔

۱۰۔ گریفائٹس 30x (Graphites30x) اگر جماع سے نفرت ہو جائے تو باقی دواؤں کے ساتھ اسے بھی شامل کریں۔ اور ۸'۸ قطرے پانی میں ملا لیں۔

عضو کی خرابیاں

مشت زنی کرنے سے عضو کو سخت نقصان پہنچتا ہے۔ لیکن لواطت کرنے سے اور بھی زیادہ نقصان ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ اور بیماریوں یعنی مشت زنی اور لواطت عضو کو تباہ کرنے کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔ عضو ٹیڑھا ہو جاتا ہے پتلا رہ جاتا ہے۔ رگیں ابھر آتی ہیں۔ اس میں سختی کم ہو جاتی ہے۔ جماع کرتے وقت عورت کو الجھن سی محسوس ہوتی ہے۔ اور اس کے لطف میں کمی آجاتی ہے۔ لہٰذا عضو کی حفاظت کرنا بہت ضروری ہے۔ آج کل نوجوان اس کو ہاتھ میں پکڑ کر اس سے کھیلتے رہتے ہیں۔ حالانکہ یہ انتہائی خراب حرکت ہے۔ اور اخلاق کو تباہ کر دینے والی عادتیں اس سے پیدا ہو سکتی ہیں۔

۱۔ مشت زنی، لواطت اور زنا کرنے سے توبہ کر لی جائے۔

۲۔ بد نظری، فحش خیالات، بد معاش دوستوں، اور جنسی جذبہ ابھارنے والی ہر چیز اور جگہ سے پرہیز کیا جائے۔

۳۔ لائیکو پوڈیم Q (Lycopodium Q) مدر ٹنکچر۔ ۱۰ ملی لیٹر

۴۔ آرنیکا Q (Arnica Q) مدر ٹنکچر۔ ۱۰ ملی لیٹر

۵۔ روغن زیتون (Olive Oil) ۳۰ ملی لیٹر

ان کو ملا کر خوب ہلائیں تاکہ سب دوائیں یک جان ہو جائیں۔ پھر اس مرکب (تیل) سے عضو کی مالش کیا کریں۔ ہلکے ہاتھوں سے مالش کریں۔ اگلا حصہ تھوڑا سا چھوڑ دیں باقی سارے عضو پر مالش کریں۔ اگر جوش پیدا ہو تو مشت زنی نہ کریں۔ بلکہ مالش کرنا بند کر دیں۔ مالش ختم کرنے کے بعد ۲۰ منٹ تک ٹھنڈا پانی نہ ڈالیں۔ مالش کے بعد عضو پر کوئی کپڑا یا پتہ وغیرہ باندھنے کی ضرورت نہیں ہے کم از کم ایک ماہ تک مالش جاری رکھیں۔

لیکن مالش کے دوران مشت زنی نہ کریں ورنہ نقصان ہو گا۔ اگر مشت زنی کرنے پر طبیعت زیادہ مجبور کرے تو مالش چھوڑ کر کسی کام میں لگ جائیں یا ٹھنڈا پانی عضو پر ڈالیں اور خیالات کو تبدیل کرنے کی کوشش کریں۔ انشاء اللہ سب نقائص دور ہو جائیں گے۔

پھر بھی اگر کوئی معمولی نقص باقی رہ جائے تو کچھ عرصہ تک بیوی سے جماع کرتے رہنے کے بعد خود بخود یہ نقص بھی رفع ہو جائے گا۔ کیونکہ جماع کرنا بھی عضو کی ورزش ہے۔

بلاوجہ طلاء خرید کر یا حکیموں اور ڈاکٹروں کے چکر میں پھنس کر مالش کی مختلف دواؤں یا طرح طرح کے طلاء استعمال کر کے خود کو مصیبت میں ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ اگر آپکو لائیکو پوڈیم اور آرنیکا جیسی دوائیں نہ ملیں تو صرف روغن زیتون کی مالش کیا کریں۔ اس سے بھی

کافی فرق ہو جائے گا۔ بعض نوجوانوں کو عضو کی لمبائی اور موٹائی کی فکر دامن گیر رہتی ہے۔ اور مختلف قسم کی فضول باتیں سن سن کر وہ اس کی لمبائی اور موٹائی کا ایک خاص معیار اپنے ذہن میں قائم کر لیتے ہیں۔ جو سراسر غلط ہے۔ خالق اکبر نے اس کو جیسا اور جتنا بنایا ہے بالکل صحیح ہے جیسے ناک کا کام سانس لینا ہے چاہے اس کی لمبائی اور موٹائی کیسی اور کتنی ہی ہو۔ اسی طرح عضو کا کام عورت کے رحم میں پہنچنا ہے۔ اور خالق اکبر نے اس کو اسی انداز سے بنایا ہے۔ کہ یہ اپنا کام بہت خوبی سے کر گزرتا ہے اب اگر خود ہی بد کاریاں کر کے اسے تباہ کر لیا جائے۔ تو اسکے لیئے تھوڑے سے علاج کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ علاج ہم نے لکھ دیا ہے۔

مادہ تولید میں خرابی

اس میں دو قسم کی خرابیاں ہو سکتی ہیں۔
ا۔ منی کا پتلا ہو جانا۔ جس سے جماع میں لذت محسوس نہیں ہوتی۔
۲۔ منی میں ان جراثیم کا نہ ہونا جو بچے کی پیدائش کا سبب بنتے ہیں۔

طبی علاج:

ان کا علاج مندرجہ ذیل ہے۔
ا۔ آل فاس 12x (All Phos12x) اس کی ۵'۵ گولیاں دن میں چار مرتبہ چوس لیا کریں۔ ۱۵'۲۰ دن کے بعد منی گاڑھی ہو جائے گی۔
۲۔ ایگنس کاسٹس Q (Agnus Castus Q) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لیٹر۔ اس کے ۱۵'۱۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس میں ڈال کر دن میں تین بار پی لیا کریں۔ ایک ماہ کے استعمال کے بعد مطلوبہ جراثیم پیدا ہو جائیں گے۔ اور منی بچہ پیدا کرنے کے قابل ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ اس دوا کی وجہ سے قوت ارادی میں بہت اضافہ ہو جائے گا۔

یہ جاننے کے لیئے کہ منی میں مطلوبہ جراثیم ہیں یا نہیں ۔ ان لوگوں کو کوئی تشویش نہیں ہونی چاہیئے جو صاحب اولاد ہیں البتہ جو لوگ صاحب اولاد نہیں ہیں انہیں منی کا لیبارٹری ٹیسٹ کرانا ضروری ہے تاکہ پتہ چل سکے کے مطلوبہ جراثیم موجود ہیں۔ یا نہیں اگر جراثیم موجود نہ ہوں تو ایگنس کاسٹس ایک ماہ تک استعمال کرنے کے بعد منی کا ٹیسٹ کرایا جائے اگر جراثیم پیدا ہو چکے ہوں تو دوا بند کر دیں۔ ورنہ اور ایک ماہ تک استعمال کریں۔ اگر جراثیم تو موجود ہیں اور جماع بھی ٹھیک کر سکتے ہیں کوئی مردانہ کمزوری بھی نہیں تو بیوی کا علاج کرانا چاہیئے۔ کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ بیوی کے حیض میں نقص ہے یا اسے بانجھ پن کی شکایت ہے۔ ہم ان دونوں کا علاج آئندہ صفحات میں لڑکیوں کے باب میں لکھیں گے۔ گاڑھی منی جس میں ایک خاص قسم کی بو موجود ہو بہترین ہوتی ہے۔ اور آل فاس کھاتے رہنے سے منی میں یہ خوبی پیدا ہو سکتی ہے۔

سوزاک

بد کاری، بد فعلی اور زنا کاری کی سب سے زیادہ تکلیف دہ سوزاک کی بیماری ہے، لواطت حیض کے دوران عورت سے جماع کرنا۔ مویشیوں سے بد فعلی کرنا اور اس طرح کی بد کاریاں کرنے کے نتیجہ میں سوزاک کی بیماری حملے کرتی ہے۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ پیشاب کی نالی کے اندر زخم اور ورم پیدا ہو کر اس سے پیپ بہنے لگتی ہے مریض کو پیشاب سخت جلن اور درد سے آتا ہے۔ کبھی کبھی پیشاب میں خون بھی آنے لگتا ہے۔ پیشاب والی نالی اس قدر پر حس ہو جاتی ہے۔ کہ معمولی سا چھونے سے حتی کہ کپڑے کے چھو جانے سے یا بیرونی دباؤ سے بہت زیادہ درد ہونے لگتا ہے۔ اس لیئے مریض ٹانگیں چوڑی کر کے چلتا اور مریض پر پریشانی اور خوف کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ پیشاب کے بعد پیپ بہتی رہتی ہے۔

اگر سوزاک کا زخم ٹھیک ہونے سے پہلے لڑکا اپنی بیوی سے جماع کرے گا۔ تو اسے بھی یہ بیماری ہو جائے گی۔ اور اگر لڑکی کو پہلے سے ہی یہ بیماری ہے تو جماع کرنے سے لڑکے کو بھی ہو جائے گی۔ اس لیئے جو لوگ رنڈیوں، کنجریوں اور بدکار عورتوں سے زنا کاری کرتے ہیں انہیں لازمی طور پر یہ مرض پیدا ہو جاتا ہے۔اور پھر جس جس عورت سے وہ زنا کاری یا جماع کرتے ہیں۔ ان عورتوں کو بھی یہ مرض لگ جاتا ہے۔ پھر اس مرض کا اثر پشت در پشت اور نسل در نسل چلتا رہتا ہے۔ یعنی باپ سے بیٹے اور بیٹے سے پوتے کی طرف یہ مرض منتقل ہوتا ہے۔ اور اس کی کئی شکلیں بدلتی رہتی ہیں۔

لڑکوں سے ہماری گذارش ہے کہ وہ ہر قسم کی بد کاری بند کر دیں تاکہ اس موذی مرض کا شکار نہ ہوں۔ اور اگر خدا نخواستہ یہ مرض کسی وجہ سے لگ جائے تو فوراً اس کا علاج کریں (بعض اوقات سوزاک والے آدمی یا عورت کا تولیہ استعمال کرنا اس کے استعمال کردہ صابن کو بغیر دھوئے استعمال کرنا ۔ اس کے کپڑے بغیر دھلے ہوئے پہن لینا۔ اس کے زیادہ قریب ہونا یا بوس و کنار کرنا یعنی بوسے لینا اور بغل گیر ہو جانا وغیرہ سے بھی سوزاک کا مرض لگ سکتا ہے۔ اس لیئے ان سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔)

روحانی علاج:

توبہ استغفار کرنا ۔ برے کام بالکل چھوڑ دینا۔ اللہ پاک سے معافی مانگنا اور صحت و تندرستی کے لیئے دعا کرتے رہنا نماز پابندی سے پڑھنا۔ صاف رہنا۔

طبی علاج:

۱۔ ایکونائیٹ 30x (Aconit 30x) ۱۰ ملی لیٹر جب اس مرض سے خوف پیدا ہو جائے جیسا

کہ اس کی نشانیاں ظاہر ہوتے ہی خوف پیدا ہو جاتا ہے۔ اس وقت اس دوا کے چھ چھ قطرے ایک مئہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں چار بار پیا کریں۔ اس سے خوف دور ہو جائے گا۔

۲۔ کینے بس سٹائیو 30x (Cannabis-sativa 30x) ۱۰ ملی لیٹر۔ جب خوف دور ہو جائے تو پھر یہ دوا شروع کریں۔ اس کے چھ چھ قطرے ایک بنہ چار گلاس میں ملا کر دن میں ۴ بار پیا کریں۔ جب مرض ٹھیک ہو جائے دوا بند کر دیں۔

۳۔ پلسٹلا 30x (Pulsatilla 30x) ۱۰ ملی لیٹر اگر پیپ گاڑی سبز رنگ کی آنے لگے اور جلن بھی کم نہ ہو تو اس دوا کے چھ چھ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں چار بار استعمال کریں۔

۴۔ کینتھرس 30x (Cantharis 30x) ۱۰ ملی لیٹر سوزاک کی حالت میں بعض کی جماع کی خواہش بہت بڑھ جاتی ہے۔ اور کنٹرول کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ عضو ہر وقت استادہ (کھڑا) رہتا ہے۔ پیشاب میں شدید جلن ہوتی ہے۔ اور قطرہ قطرہ پیشاب آتا ہے حاجت ختم نہیں ہوتی۔۔ ان حالات میں اس دوا کے چھ چھ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں چار بار پیا کریں جب یہ دونوں شکائتیں اور تکلیفیں رفع ہو جائیں تو دوا بند کر دیں۔

۵۔ سلفر 200x (Sulpher 200x) ۱۰ ملی لیٹر اگر مرض پرانا ہو جائے تو ہر تیسرے دن اس دوا کے چھ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پی لیا کریں۔ دن میں صرف ایک بار پینا کافی ہے۔ لیکن روزانہ نہیں پینا چاہیئے۔

اب ہم آپ کو بہت آسان نسخہ بتاتے ہیں جو سوزاک کی ہر حالت میں بہت کامیاب اور مفید ہے۔

۱۔ کالی میور 12x (Kali Mur 12x) ۳۰ گرام

۲۔ فیرم فاس 12x (Ferrum Phos 12x) ۳۰ گرام

۳۔ نیٹرم سلف 12x (Nat sulph 12x) ۳۰ گرام

۴۔ میگ فاس 12x (Mag Phos 12x) ۳۰ گرام

ان کی ۳، ۳ گولیاں (یعنی کل ۱۲ گولیاں) ایک خوراک کے حساب سے دن میں ۴ دفعہ چوس لیا کریں۔ یہ بہت عمدہ نسخہ ہے۔

لیکن اس مرض کے دوران مندرجہ ذیل پرہیز لازمی ہیں۔

۱۔ جماع بالکل نہ کریں۔

۲۔ گرم اشیاء انڈہ، مچھلی، گوشت، سرخ مرچ وغیرہ نہ کھائیں۔

زیادہ ضروری غذا

جب تک پیپ آنی بند نہ ہو۔ دودھ ' چاول جو کا پانی اور پانی کی بہت مقدار بہت ضروری ہیں۔ خوب پانی پیئیں۔ خوراک میں پھیکے چاول کھائیں' دودھ پیئیں ' گلوکوز وغیرہ استعمال کریں۔

پیشاب میں جلن

بعض اوقات جوان لڑکے اور لڑکیوں کے علاوہ اگر کسی شخص کو عمر کے کسی حصہ میں بھی کسی وجہ سے پیشاب میں جلن پیدا ہو جائے۔ اور بڑی تکلیف محسوس ہو تو اس حالت میں پانی شربت یا گلوکوز لسی وغیرہ خوب پیئے۔ اور کنتھرس30x (Canthris 30x) ملی لیٹر کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین یا چار بار پیئے جائیں۔ جب جلن بند ہو جائے تو یہ دوا بند کر دی جائے۔ یہ بہت مفید دوا ہے۔ نوجوانوں لڑکے اور لڑکیوں کے لیئے انتہائی مفید دوا ہے اور جلن کو فوری دور کرتی ہے۔

پیشاب کی نالی میں خارش:

اگر پیشاب کی نالی کے اندر خارش ہونے لگے تو سلفر30x (Sulpher30x) ۱۰ ملی لیٹر۔ کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر صبح نہار منہ ' دوپہر کو اور رات کو سوتے وقت پی لیا کریں۔ جب خارش بند ہو جائے تو دوا بند کر دیں۔ اور اگر پیشاب کی نالی کے باہر خارش ہونے لگے۔ تو سلفر ہی کے چند قطرے روئی کے چھوٹے سے پھایہ پر ڈال کر خارش والی جگہ کو مل دیں۔ اس طرح دن میں دو چار مرتبہ کرنے سے خارش جاتی رہے گی۔ اور اگر پیشاب والی نالی پر باہر کی طرف کوئی زخم یا پھوڑا بن جائے تو کسی میڈیکل سٹور سے اچھی سی مرہم خرید کر اس کے اوپر لگایا کریں عام طور پر Betnovite اچھی مرہم ہے۔ اگر ہومیو پیتھک میڈیکل اسٹور قریب ہو تو پھر یہ مرہم نہ خریدیں بلکہ ہو میو پیتھی کی مرہم خرید لیں۔یہ بہت مفید اور جلد اثر کرنے والی ہوتی ہے۔

صحت کی خرابی یعنی کمزور بدن

اگرچہ یہ جنسی مرض نہیں ہے۔ لیکن جنسی امراض سے صحت خراب اور بدن کمزور ہو سکتا ہے۔ اس لیئے اگر آپ کی صحت ہر روز خراب ہوتی جائے اور بدن میں کمزوری بڑھتی ہوئی محسوس ہو تو غور کریں کہ:

۱۔ کیا آپ کو احتلام زیادہ ہوتا ہے؟

۲۔ کیا آپ کو جریان ہو گیا ہے ؟

۳۔ کیا آپ مشت زنی' لواطت یا زنا کاری کر رہے ہیں؟

اگر ان میں سے کوئی وجہ ہو تو پچھلے صفحات میں بتائی گئی دواؤں میں سے مناسب دوا استعمال کریں اور وہ پرہیز اختیار کریں جن کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے۔ اگر ان اسباب میں سے صحت کی خرابی کا کوئی سبب نہ ہو تو پھر اس بات کا دھیان کریں کہ :

۱۔ کیا آپ کو بھوک نہیں لگتی ؟

۲۔ کیا نیند گہری نہیں آتی ؟

۳۔ کیا آپ ورزش نہیں کرتے ؟

۴۔ کیا کوئی غم یا صدمہ یا فکر آپ کو کھائے جا رہا ہے؟

طبی علاج:

اگر ان میں سے ہر ایک تدارک کرنا ضروری ہے۔ اگر کھانا ہضم نہ ہو ' گیس پیدا ہونے لگے یا بھوک نہ لگے تو ایلفلفا ٹانک کی ایک شیشی خرید لیں اور کھانے سے ۲۰ منٹ پہلے اس کا ایک چمچ پیا کریں۔ دو شیشیاں پی لیں۔ صحت میں انشاء اللہ کافی فرق ہو گا۔ اگر زیادہ بھی پیتے رہیں تو فائدہ دیگا اس سے نیند بھی خوب آئے گی۔ بھوک بہت لگے گی ' کھانا ہضم ہو گا۔ بدن میں چستی سی محسوس ہو گی۔ صحت کو بحال رکھنے کے لیئے یہ دوا بہت مفید ہے اور سستی بھی ہوتی ہے۔

اگر قبض رہتا ہو تو رات کو سوتے وقت روزانہ نکس وامیکا 30x (Nux Vomica 30x) کے چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر پی لیا کریں۔ اس سے قبض آہستہ آہستہ دور ہو جائیگا احتلام بھی کم ہو گا۔ تھکے ہوئے اعصاب کو بھی آرام ملے گا۔ جن لڑکوں نے سگریٹ پی کر یا خوب مصالحے دار غذائیں کھا کر اپنے پیٹ اور ہاضمے کا ستیاناس کر لیا ہو ان کے لیئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ اسے دن میں بھی ایک یا دو بار پی سکتے ہیں۔ لیکن رات کو ضرور پینا چاہیئے۔ بدن کی تمام قوتوں کو بحال رکھنے کے لیئے آل فاس All phos 12 x 'Five phos 12x

فاس ۱۲ (جسے فائیو فاس ۱۲ بھی کہتے ہیں۔) ۳۰ گرام کی ایک شیشی لے لیں۔ اور دن میں تین بار۔ ۴،۴ گولیاں چوس لیا کریں۔ اس سے بہت فائدہ ہو گا۔ کئی مرضوں سے نجات ملے گی۔ اور طاقت و توانائی اور چستی و چابکدستی بھی حاصل ہو گی۔ یہ دوا ہومیو پیتھی میں کثیر الفوائد (زیادہ فائدوں والی) دوا ہے۔ ویسے بدن کی کمزوری کا یقینی علاج ایلفلفا ٹانک ہے۔ اسے ضرورت پڑنے پر استعمال کریں۔

کمزور حافظہ

بدکاریوں ' بے اعتدالیوں ' اور آوارہ عادتوں کی وجہ سے اگر یاد داشت کمزور ہو جائے۔ پڑھا ہوا سبق یاد نہ رہے۔ مشکل باتوں اور سوالات کو سمجھنا دشوار محسوس ہو۔ بھولنے کی عادت ہوجائے۔ تھوڑا سا پڑھنے کے بعد سر میں درد ہونے لگے۔ یا آنکھوں پر بوجھ سا محسوس ہو۔ تو آپ مندرجہ ذیل طبی دوائیں استعمال کریں۔

۱۔ ایسڈ فاس Q مدر ٹنکچر (Acid Phos Q) ڈاکٹر محمد مسعود کہتے ہیں۔ کہ ذہنی کام کرنے والے طالب علموں' کلرکوں' اور وکیلوں کی تکان دور کرنے میں ایسڈ فاس کو پہلا درجہ حاصل ہے۔ اس سے یادداشت کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ اور حوصلہ اور کام کی جسارت و جرات پیدا ہو جاتی ہے۔ رنگ نکھر آتا ہے۔ وزن اور قد بڑھنے لگتا ہے۔ حساب میں کمزور طالب علموں کو ایسڈ فاس ضرور استعمال کرنی چاہئے۔

اس کے تین تین قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پی لیا کریں۔ ۱۰ دن کے بعد دوا بند کر دیں۔ اور ۱۰ دن تک ناغہ کریں۔ پھر اسی کے بعد ہر تیسرے دن دوبار دن میں پی لیا کریں۔ یہ قوت مردی کو بڑھانے والی دوا بھی ہے۔ اگر بال جلدی سفید ہونے لگیں تو اس دوا کے استعمال سے ان کا سفید ہونا رک جاتا ہے۔ لیکن یاد رکھیں جن لڑکوں کو نزلہ زکام کا عارضہ ہو وہ اسے مدر ٹنکچر میں نہ پئیں بلکہ
ایسڈ فاس 30x ملی لیٹر خرید کر رکھ لیں اور اس کو پیا کریں کیونکہ اگر مدر ٹنکچر پیئیں گے۔ تو کھٹی ہونے کی وجہ سے نزلہ زکام اور بھی بڑھ جائے گا۔ لیکن 30x میں اس کی کھٹاس کم ہو جاتی ہے۔

۲۔ ایونیا سٹیوا 30x (Avena Sativa 30x) ملی لیٹر

اس دوا کے متعلق ڈاکٹر محمد مسعود کہتے ہیں۔ یہ دوا ہومیو پیتھی میں جریان منی کے لیئے بہت مفید قرار دی گئی ہے۔ وہ لوگ جنہوں نے مشت زنی یا کثرت جماع سے اپنے آپ کو تباہ کر لیا ہو۔ اس دوا سے کھوئی ہوئی طاقت جلد واپس حاصل کر سکتے ہیں۔ آج کل کے فحش ناولوں' سینما' وی سی آر اور ریڈیو کی دید اور شنید سے ہمارے نوجوان طبقہ کے دماغوں پر بے پناہ انتشار پیدا ہو جاتا ہے اکثر طالب علم تعلیم اور دوسرے کاروبار کو ہی خیر باد کہہ کر آوارگی اختیار کر لیتے ہیں ایونیا سٹیوا ایسی تمام دماغی حالتوں کو خوش اسلوبی سے اعتدال پر لے آتی ہے۔ وہ طالب علم جو ایک صفحہ پڑھ کر ہی تکان محسوس کرنے لگتے ہیں۔اس دوا کے استعمال سے گھنٹوں مطالعہ کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اور پڑھا ہوا بھولتے نہیں ۔ گویا اس سے ان کی قوت حافظہ بھی بڑھ جاتی ہے۔ کمزوری دماغ کے سبب عام نزلہ زکام کی تکلیف کے لیئے بھی یہ دوا بہت مفید ہے زکام

کی ابتدا میں اگر بیس قطرے گرم پانی میں ملا کر دو دو گھنٹہ بعد پی لیئے جائیں تو زکام وہیں رک جاتا ہے۔ دس دس قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں چار بار پیا کریں۔۔۔۔ دماغی ٹانک کا کام دیگی۔

۳۔ کالی فاس 6x (Kali Phos 6x) ۳۰ گرام اگر زیادہ کام کرنے سے دماغ تھک جائے یاد داشت کم ہو جائے۔ خیالات پراگندہ، غم کے اثرات، کم خوابی، یعنی نیند کا نہ آنا، رات کو ڈر لگنا، اٹھتے ہوئے سر میں چکر آنا۔ دماغ کی خرابی کے باعث کئی خون اور بھس (پیلا پن) ہو جائے دماغ ہل جائے۔ طالب علموں کا سر درد یا تھکاوٹ کی وجہ سے سر درد ہو جائے۔ سر کے پچھلے حصے میں درد اور بوجھ، آنکھوں کے ارد گرد درد، نظر کمزور ہو جائے تو ان سب امراض کے لیئے کالی فاس 6x بہترین اور مفید ترین دوا ہے۔ ۴،۴ گولیاں دن میں تین یا چار بار چوس لیا کریں۔ اس کو استعمال کرنے سے اعصاب۔ بینائی اور دماغ میں تھکاوٹ یا کمزوری کا احساس نہیں ہوتا۔ یہ دوا ہومیوپیتھی میں ایک بہت بڑی نعمت ہے اس کا استعمال بھی آسان ہے شیشی جیب میں رکھیں جب ضرورت ہوئی۔ تھکاوٹ، سر درد، نظر تھک جائے یا دماغ تھک جائے فوراً اس کی ۴ گولیاں چوس لیں اگر جلد ہی تازگی پیدا نہ ہو تو ۲۰۔ ۲۵ منٹ بعد مزید ۴ گولیاں چوس لیں۔ یہ دوا ہمارے نزدیک باقی دواؤں سے زیادہ اور فوری طور پر فائدہ مند ہے۔

روحانی علاج:

ہر نماز کے بعد سر پر دایاں ہاتھ رکھ کر یا قوی ۱۱ بار پڑھا کریں۔

بینائی کو بڑھانے اور برقرار رکھنے کے لیئے ہر نماز کے بعد ۱۱ بار یا نور پڑھ کر انگلیوں کے سروں پر دم کریں۔ (یعنی پھونکیں ماریں) اور پھر انہوں دونوں آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔

اگر آپ پانچوں وقت کی نماز پابندی سے پڑھتے رہیں۔ اور یا قوی اور یا نور پڑھ کر دم کرتے رہیں تو انشاء اللہ حافظہ اور دماغ کمزور نہ ہوں گے۔ نہ ہی بینائی کمزور ہو گی۔

تیسرا باب

لڑکیوں کی بیماریاں

بلوغت = جس طرح لڑکے کی بلوغت کی علامت احتلام ہونا ہے اسی طرح لڑکی کے بالغ ہونے علامت یہ ہے کہ پیشاب کی راہ سے چند دن تک خون آتا ہے جسے حیض کہتے ہیں۔ حیض کے دوران نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔ نہ ان چھوٹی ہوئی نمازوں کی قضاء پڑھنی پڑے گی۔ قرآن مجید کو چھوا نہیں جا سکتا۔ مسجد میں داخل نہیں ہو سکتیں۔ حیض آنے کے بعد لڑکی اکثر اوقات لڑکوں کو دیکھنے اور ان میں دلچسپی لینے لگتی ہے اور طبعیت میں بے چینی سی محسوس کرتی ہے حیض کے دنوں میں اس کا مزاج تیز ہو جاتا ہے غصہ آنے لگتا ہے اور کام کاج کو دل نہیں چاہتا

بلوغت کی بیماریاں (اس کے بعد لڑکی مندرجہ ذیل بیماریوں میں سے کسی کا شکار ہو سکتی ہے)۔

۱۔ حیض کا نہ آنا ۲۔ حیض کا کم اور درد کے ساتھ آنا ۳۔ حیض کا زیادہ آنا ۴۔ سیلان الرحم یعنی لیکوریا ہو جانا ۵۔ جماع سے نفرت ہو جانا ۶۔ نفسانی خواہش کی زیادتی ۷۔ بانجھ پن ۸۔ ہسٹریا ۹۔ بدنی کمزوری ۱۰۔ موٹاپا ۱۱۔ حمل ۱۲۔ وضع حمل ۱۳۔ نفاس ۱۴۔ بالوں کا گرنا ۱۵۔ چھاتیوں کا نہ بڑھنا ۱۶۔ کیل مہاسے

آئندہ ہم ان کے علاج کے لئے مناسب دوائیں لکھیں گے یہ دوائیں ہومیوپیتھک اسٹور سے مل سکتی ہیں آج کل ہر بڑے شہر میں ہومیوپیتھک اسٹور موجود ہیں۔ یاد رکھیئے اگر حیض آ رہا ہو تو خاوند کو بتا دینا چاہئے تاکہ وہ جماع نہ کرے ورنہ دونوں گناہگار بھی ہوں گے اور بیمار بھی ہو سکتے ہیں۔ عموماً شادی کے بعد پہلی رات کو حیض آنے کے باوجود بھی لڑکی شرم کے مارے خاوند کو یہ بات نہیں بتاتی حالانکہ اسے ضرور بتا دینا چاہئے۔ یہ شریعت کا حکم بھی ہے اور طبی ضرورت بھی۔

حیض کا نہ آنا

ہر ماہ عورت کو پیشاب کی راہ سے پانچ چھ روز کے لئے خون آیا کرتا ہے اسے حیض۔ ماہواری یا مینسز کہتے ہیں۔ اگر یہ خون مقررہ ایام میں بلا درد مناسب مقدار میں آتا رہے تو عورت کی صحت بھی ٹھیک رہتی ہے۔ اور اس کے اولاد بھی پیدا ہو گی لیکن اگر اس میں نقص پیدا ہو جائے تو صحت بھی خراب ہو جائے گی اور اولاد کا پیدا ہونا محال ہو جائے گا اکثر لڑکیاں کافی بڑی ہو جاتی ہیں ۔ مگر ان کو حیض نہیں آتا اور یہ تشویش ناک بات ہے اس کا علاج ہونا چاہئے اگر خدانخواستہ آپ کے ساتھ بھی ایسا ہی ہو جائے تو مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کریں۔

آپ ان میں سے کوئی سی ایک یا دو دوائیں استعمال کر سکتی ہیں ان انشاء اللہ مطلب حل ہو جائے گا۔ خوا مخواہ زیادہ دواؤں کی ضرورت نہیں ہوتی

۵۔ سیپا 30x (SEPIA 30x) ۱۰ ملی لٹر۔۔ اگر پرائیویٹ اعضاء نیچے کی طرف نکلتے یا گرتے ہوئے محسوس ہوں۔ یا ان کا نیچے کی طرف دباؤ ہو تو اس دوا کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں ۴ بار پئیں یہ اس معاملہ میں بہترین دوا ہے۔

حیض کا زیادہ آنا

کبھی کبھی کثرت سے حیض آنے لگتا ہے اور یہ عادت ایسی بن جاتی ہے اس سے کمزوری ہو جاتی ہے اور اس صورت میں اولاد پیدا ہونا مشکل ہو جاتا ہے اگر ایسی بات ہو جائے تو مندرجہ ذیل دواؤں میں سے کوئی سی ایک یا دو دوائیں استعمال کریں

طبی علاج

۱۔ ہمامیلس Q (HAMAMELIS Q) مدر ٹنکچر۔ ۳۰ ملی لٹر اس کے ۱۰۔ ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پئیں۔ دو چار خوراکوں سے حیض میں کمی آجائے گی۔

۲۔ ملی فولیم Q (MILLEFOLIUM Q) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر یہ بھی حیض کے خون کو کم کرتی ہے ان دواؤں کو آپ خون روکنے کے لئے استعمال کر سکتی ہیں یہ خون خواہ بدن کے کسی حصے سے نکلے مثلاً نکسیر وغیرہ یا پھیپھڑوں سے نکلے۔

اس حالت میں احتیاطی تدبیر یہ کریں کہ ٹھنڈے کمرے میں چٹائی وغیرہ پر لیٹ جائیں اور چوتڑ اٹھے ہوئے رہیں کوئی تکیہ وغیرہ رکھ لیں برف کا ایک ٹکڑا رحم پر تھوڑی دیر کے لئے رکھیں اور پھر اٹھا لیں اس طرح کئی بار کریں اس سے خون نکلنے کی رفتار کم ہو جائے گی۔

۳۔ فیرم فاس 30x (FERR PHOS 30x) ۳۰ گرام

۴۔ کلکیریا فاس 30x (CAL PHOS 30x) ۳۰ گرام

۵۔ کلکیریا فلور 30x (CAL FLOUR 30x) ۳۰ گرام

وقتی طور پر ان کی تین تین گولیاں ملا کر ہر گھنٹے کے بعد چوستے رہے جب خون کم ہو جائے تو دوا بند کر دیں۔ حیض کے موقع پر ایسا کرنے سے پھر تکلیف جاتی رہے گی۔

مستقل علاج:

اگر صرف فیرم فاس 30x۔ کی ۵ ۔ ۵ گولیاں دن میں تین بار ایک ماہ تک چوستے رہیں تو انشاء اللہ پھر کبھی حیض کی کثرت نہیں ہو گی اور نہ نکسیر پھوٹے گی۔

ا۔ سینیشو اوریس Q (SENECIO AUREUS Q) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔ اس دوا کے ۱۰۔ ۴ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں چند روز کے استعمال سے حیض انشاء اللہ جاری ہو جائے گا۔ کنواری لڑکیوں میں اگر سن بلوغ تک پہنچ کر بھی حیض جاری نہ ہو تو بلا شبہ یہ دوا اس حیض کو جاری کر دیتی ہے حیض کی بندش سے اکثر پیلیا (سبز بھس) استسقا اور پیشاب کی رکاوٹ وغیرہ کی شکائت ہو سکتی ہے یہ دوا ان نقائص کو بھی دور کر دیتی ہے۔

۲۔ ایلٹرس فیری نوسا 30x (ALETRIS FARINOSA 30x) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔
یہ دوا عورتوں کے پرائیویٹ اعضاء کا ٹانک ہے رحم کو طاقت ور بناتی ہیں نظام ہضم کو درست کرتی ہے کمزور لڑکیاں جو حیض کی خرابیوں یا لیکوریا وغیرہ میں مبتلا ہوں۔ اور چلتی پھرتی لاش بن کر رہ گئی ہوں اس دوا کو بطور ٹانک استعمال کریں تو بیماریاں دور ہونے کے ساتھ ساتھ قوت بھی پیدا ہوگی۔ ۱۰۔ ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار پئیں

۳۔ اشوکا مدر ٹنکچر اس کا استعمال بھی بہت فائدہ مند ہے ۸ ۔ ۸ قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین بار

حیض کا کم اور درد سے آنا

حیض کے دوران ٹھنڈے پانی سے کپڑے دھونا یا برف کا پانی پینا وغیرہ حیض کو بند کر سکتا ہے اس لئے ان سے پرہیز لازمی ہے۔ دوائیں مندرجہ ذیل ہیں

طبی علاج

۱۔ گوسی پیم 6x (GOSSYPIUM 6x) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔ اس کے ۲۰۔ ۲۰ قطرے گرم پانی میں ڈال کر ہر تین گھنٹے بعد پئیں جب حیض کھل جائے تو دوا بند کر دیں۔

۲۔ میگنیشیا فاس 6x (MAG PHOS 6x) ۳۰ گرام۔ اس کی ۵ ۔ ۵ گولیاں تھوڑے گرم سے گرم پانی کے ساتھ ہر دو گھنٹے کے بعد کھانا حیض کم آنے کی وجہ سے جو درد ہوتا ہے اس کو فوراً کم کر دیتا ہے یہ دوا حیض کو کھولتی نہیں ہے صرف درد کو بند کرتی ہے۔

۳۔ سمی فیوگا 30x (CIMICIFUGA Q) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔ اس کے ۵ ۔ ۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر ہر دو گھنٹے بعد پئیں جب حیض کھل جائے اور درد بند ہو جائے دوا بند کردیں۔ یہ حیض بھی کھولتی ہے اور درد بھی بند کرتی ہے۔

4۔ پلسٹلا 30x (PULSATILLA 30x) ۔ ۱۰ ملی لٹر۔ ہر دو گھنٹے کے بعد اس کے پانچ پانچ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پئیں یہ حیض کو کھولتی ہے۔

سیلان الرحم یعنی لیکوریا

اسے سفید پانی بھی کہتے ہیں جو پیشاب کی راہ سے رستا رہتا ہے اور شلوار خراب اور بھیگی ہوئی رہتی ہے۔ اس سے کمر میں درد ٹانگوں میں درد سر میں درد اور بدن میں کمزوری واقع ہو جاتی ہے اگر زیادہ عرصہ تک یہ مرض قائم رہے تو صحت کا دیوالیہ نکال دیتا ہے۔ اور عورت چلتی پھرتی لاش بن کر زندگی سے بیزار ہوجاتی ہے عموماً لڑکیاں اس کی پرواہ نہیں کرتیں لیکن بعد میں انہیں اس کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ دوائیں مندرجہ ذیل ہیں۔ یاد رکھیں یہ مرض دب جاتا ہے اور پھر موقع پر دوبارہ سر اٹھا لیتا ہے اس لئے اس کا علاج دیر تک جاری رکھیں اور اگر پھر حملہ ہو تو یہی دوائیں استعمال کریں

طبی علاج۔ دوائین استعمال کریں

۱۔ کلکیریا فاس 12x (CAL PHOS 12x) ۳۰ گرام

۱۔ کالی میور 12x (KALI MUR 12x) ۳۰ گرام

۳۔ نیٹرم میور 12x (NAT MUR 12 x) ۳۰ گرام

۴۔ نیٹرم فاس 12x (NAT PHOS 12x) ۳۰ گرام

ان کی تین تین گولیاں (کل بارہ ۱۲ گولیاں) ملا کر دن مین ۴ بار چوس لیا کریں یا پانی سے نگل لیا کریں کچھ عرصہ تک استعمال کریں انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔ اس دوران کھٹی اشیاء اور چاول وغیرہ استعمال نہ کریں

۵۔ کلکیریا فاس30x (Cal Phos 30x)۔ ۳۰ گرام تین تین گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں

۶۔ کالی فاس 30x (KALI PHOS 30x) ۳۰ گرام

۷۔ کالی میور 30x (KAILE MUR 30x) ۳۰ گرام

۸۔ میگنیشیا فاس 30x (MAG PHOS 30x) ۳۰ گرام

ان دواؤں میں کوئی سا سیٹ یعنی نمبر۱ یا نمبر ۲ استعمال کریں لیکن ان کے ساتھ ایلٹرس فیری نوسا مدر ٹنکچر کے ۱۰۔ ۱۰ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار کم از کم ۲۰۔ ۲۵ دن تک پیا کریں تو یہ دوائیں بہت مفید ثابت ہو گی۔

لیکوریا کی حالت میں اس دوا کا استعمال مرض کو بھی دور کرتی ہے اور بدن کو قوت بخشتا ہے عورتوں کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے

جماع سے نفرت ہو جانا یا لذت محسوس نہ ہونا

بعض حالات میں لڑکیوں کو جماع سے نفرت بھی ہو جاتی ہے جماع کے دوران درد بھی محسوس ہوتا ہے اور اکثر اوقات لذت کا احساس جاتا رہتا ہے یہ سب صورتیں تکلیف دہ اور پریشان کن ہیں اس سے لڑکی زندگی کی رعنائیوں سے محروم ہو جاتی ہے لہٰذا اس کا علاج ضروری ہے ورنہ خاوند اور بیوی کے درمیان بد گمانیاں پیدا ہو سکتی ہیں کیونکہ خاوند اس کی ان تکالیف سے واقف نہیں ہوتا نہ ان کا اندازہ اور ادارک کر سکتا ہے اس لئے لڑکی کو خود ہی یہ بات اپنے شوہر کو بتا دینی چاہئے تاکہ وہ دوائیں مہیا کرے علاج مندرجہ ذیل ہے

طبی علاج ۔ اگر جماع سے نفرت ہو جائے

۱۔ ڈمیانہ DAMIANA مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔ اس دوا کے ۲۵۔ ۲۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں۔

۲۔ کالی فاس 12x (KALI PHOS 12x) ۳۰ گرام ڈمیانہ کے ساتھ ساتھ کالی فاس بھی استعمال کریں یعنی ڈمیانہ پینے کے آدھ گھنٹہ بعد کالی فاس کو پانچ گولیاں چوس لیا کریں ۔ ۲۰۔ ۲۵ دن کے بعد جماع سے نفرت جاتی رہے گی ۔

۳۔ ایگنس کاسٹس (AGNUS CASTUS) مدر ٹنکچر ۳۰ گرام۔ بہتر یہ ہے کہ ڈمیانہ اور ایگنس کاسٹس دونوں کے ۲۰۔ ۲۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں اس سے چند ہی روز میں جماع سے نفرت ختم ہو جائے گی اور جماع کرنے کی رغبت پیدا ہو گی۔

لیکن اگر صرف ڈمیانہ یا صرف ایگنس کاسٹس ہی استعمال کی جائے تو بھی نتیجہ بالکل تسلی بخش ہو گا۔

ایگنس کاسٹس (AGNUS CASTUS)

اس دوا سے سیلان الرحم یعنی لیکوریا کو بھی فائدہ ہوتا ہے اور اگر حیض کم آئے تو یہ تکلیف بھی رفع ہو جاتی ہے دودھ پلانے والی مائیں اور اپنے دودھ میں کمی محسوس کریں تو اس دوا کو استعمال کریں انشاء اللہ دودھ کی مقدار بڑھ جائے گی ۔ نیز پستانوں پر کیسٹرائل کی مالش کرنے سے بھی دودھ بڑھ جاتا ہے

اگر جماع کے وقت درد محسوس ہو تو

۱۔ نیٹرم میور 12x (NAT MUR12x) ۳۰ گرام اس کی پانچ پانچ گولیاں دن میں ۴ بار چوس لیا کریں اس سے یہ شکایت چند روز میں ختم ہو جائے گی ۔

۲۔ سٹیفی سیگیریا Q (STAPHYSAGRIA Q) ۱۰ ملی لٹر عام طور پر نئی دلہنیں مباشرت کے وقت اپنے اعضاء میں درد محسوس کرتی ہیں ان کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے اس کے ۱۰۔ ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں جب درد بند ہو جائے دوا بند کر دیں۔

اگر جماع میں لذت محسوس نہ ہو تو

۱۔ ڈمیانہ 30x (DAMIANA 30x) ۳۰ ملی لٹر

۲۔ ایگنس کاسٹس (AGNUUSCASTUS) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر

دونوں کے ۱۰۔ ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پئیں جب مقصد حل ہو جائے تو دوا بند کر دیں۔

ان دواؤں کے دوران کوئی غذائی پرہیز نہیں ہوتا۔

۳۔ نیٹرم میور 200x (NAT MUR 200x) ۳۰ گرام۔ اگر ماہواری کبھی اعتدال سے نہ آئے درد سر اور غمگینی شدید ہو اور خواہش جماع ہی باقی نہ رہے تو اس کی ۵ ۔ ۵ گولیاں دن میں چار بار چوس لیا کریں۔

۴۔ گریفائٹس 30x (GRAPHITES 30x) اس کے ۸۔ ۸ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار پئیں

خواہش نفس کی زیادتی

اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ بعض عورتوں میں غیر فطری حد تک جنسی خواہشات کی زیادتی پائی جاتی ہے اس لئے ان سے جماع کی خواہش ہر وقت موجود رہتی ہے اور اس کی تکمیل نہ ہونے کی وجہ سے مرد کے بغیر ہی اپنی نفسانی خواہش کسی نہ کسی حیلے بہانے پوری کر لیتی ہیں یہ ایک نفسیاتی کیفیت ہوتی ہے اور ہومیو پیتھی میں اس کا شافی علاج موجود ہے۔ اس نفسیاتی اور جنسی دھن کی وجہ سے بہت سی کنواری لڑکیاں رسوا کن عادتیں اور طریقے اختیار کر کے زندگی برباد کر لیتی ہیں اغواء۔ فلمی دنیا۔ معاشقے اور تاکا جھانکی سب اس جنون کی وجہ سے ہوتا ہے ہومیو پیتھی کی ادویا مریضہ کو ذہنی انتشار اور فحش خیالات سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا دلاتی ہیں اگر ان دواؤں کو استعمال کیا جائے تو قوم کی بیشتر لڑکیاں عصمت فروش اور بدکاری سے محفوظ رہ سکتی ہیں اس طرح کی خاندانوں کی عزت برباد ہونے سے بچ سکتی ہے۔ دوائیں مندرجہ ذیل ہیں

طبی علاج

۱۔ اوری گینم (ORIGANUM Q) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔ اس دوا کے ۱۰۔ ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار پیا کریں یہ جنسی خواہش کو اعتدال پر لے آئے گی جب طبیعت میں سکون پیدا ہو جائے گا دوا بند کر دی جائے اور اگر کبھی پھر ایسا ہی محسوس ہو تو اس دوا کی چند خوراکیں پی لیں

۲۔ سلیکس نائیگرا (SALIX NIGRA Q) مدر ٹنکچر۔ ۳۰ ملی لٹر۔ یہ دوا بھی بڑھی ہوئی جنسی خواہش کو اعتدال پر لاتی ہے اس کی چند خوراکیں طبیعت میں سکون پیدا کر دیتی ہیں ہنگامی طور پر اس کی اگر ضرورت پڑ جائے تو ۳۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پی لیں فوری طور پر سکون ہو جائے گا۔ دن میں ایک دو بار ۱۰۔ ۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پیتے رہنے سے جماع کی خواہش زیادہ نہیں بڑھنے پائے گی

بانجھ پن

عورت کو اللہ تعالیٰ نے بچوں کی ماں بننے کے لئے پیدا کیا ہے جو عورت بچے پیدا نہیں کر سکتی اسے اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ اگرچہ خاندانی منصوبہ بندی کا رواج بھی چل نکلا ہے لیکن ان کے ہاں بھی بچوں کی پیدائش ضروری سمجھی جاتی ہے اگر شادی کے کچھ عرصہ کے بعد تک بچہ پیدا نہ ہو تو اس کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔

وجوہات

۱۔ حیض کا نہ آنا۔
۲۔ حیض کی بے قاعدگیاں
۳۔ لیکوریا
۴۔ عضاء میں نقص ہونا
۵۔ شوہر کی منی میں مطلوبہ جراثیم کا نہ ہونا
۶۔ شوہر کا نامرد ہونا

ان تمام بیماریوں کا علاج ہم گزشتہ صفحات میں لکھ چکے ہیں اس لئے انہیں دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ ہم ذیل میں سب سے زیادہ ضروری ادویہ لکھتے ہیں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اگر اعضائے تناسل میں پیدائشی طور پر کوئی نقص ہے تو وہ تقریباً ناقابل علاج ہوتا ہے۔ اور ہوشیار لیڈی ڈاکٹر معائنہ کرنے کے بعد بتا سکتی ہے

طبی علاج

۱۔ اشوکا مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔ یہ دوا ہر قسم کی زنانہ خرابیوں کی بے مثل دوا ہے چنانچہ بانجھ پن میں اس کا استعمال بطور مجرب کیا جاتا ہے سوائے زنانہ پیدائشی نقص کے باقی تمام بیماریوں کے باوجود یہ دوا فائدہ کرتی ہے اس کے ۸۔ ۸ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں کافی عرصہ تک پینے کے بعد انشاء اللہ بچہ ہونے کی بات یقینی ہو جائے گی۔

۲۔ ایلٹرس فیری نوسا۔ مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لٹر۔ یہ دوا بھی بانجھ پن کا علاج ہے خصوصاً جب مریضہ تھکی تھکی سی رہے اور ہر وقت لیٹے رہنا پسند کرتی ہو رحم کی کمزوری کی وجہ سے اگر بانجھ پن ہو گا تو یہ دوا بہت مفید ثابت ہو گی۔

ہمارا مشورہ ہے کہ بانجھ پن کے کیس میں اگر لیڈی ڈاکٹر اس بات کی تصدیق کر دے کہ پیدائشی زنانہ نقص نہیں ہے تو آپ اشوکا اور ایلٹرس فیری نوسا دونوں دوائیں ایک عرصے کے لئے استعمال کریں ان کے استعمال سے خاطر خواہ نتیجہ نکلے گا۔

روحانی علاج

اگر کثرت سے مندرجہ ذیل آیات پڑھتے رہنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے یعنی بطور وظیفہ ان کو پڑھاجائے (میاں اور بیوی دونوں پڑھیں تو زیادہ بہتر ہے) تو انشاء اللہ بچہ پیدا ہو گا۔

۱۔ رب ھب لی من لدنک ذری ۃ طیبۃ انک سمیع الدعا

۲۔ رب لا تذرنی فرداً و انت خیر الوارثین

۳۔ نیٹرم میور 200x (NAT MUR 200x) ۳۰ گرام۔ یہ بھی بطور معاون دوا استعمال کریں لیکوریا والی مریضہ اور درد سر۔ غمگینی اور قبض کی شکایات والی مریضہ کے لئے بہت مفید ہے اوپر والی دواؤں کے ساتھ اس کی ۵ ۔ ۵ گولیاں دن میں ایک بار چوس لیا کریں لیکن ۳۰ گرام سے زیادہ استعمال نہ کریں۔

اگر شوہر میں نقص ہو تو اس کا علاج کرائیں کیونکہ بعض اوقات نقص مرد میں ہوتا ہے لیکن سسرال والے بہو کو ہی کوستے رہتے ہیں کہ سارا قصور ہماری بہو کا ہے جو بچے پیدا نہیں کر سکتی حالانکہ اولاد دینا یا نہ دینا اللہ پاک کی مرضی پر موقوف ہے

ہسٹریا

علامات:

جو مریضہ غم سے بھری زندگی گزار رہی ہو خاموشی سے صدمے سہتی رہتی ہو کسی سے اپنا حال زار بیان نہ کرتی ہو تنہائی میں بیٹھ کر اپنی بد قسمتی اور اپنے اپنوں اور غیروں کے مظالم پر کڑھتی رہتی ہو ٹھنڈی آہیں بھرتی ہو ایسی مریضہ پر ہسٹریا کی علامات مسلط ہو جاتی ہیں ۔ اور وہ کبھی کبھی چیخ مار کر بے ہوش ہوجاتی ہے لوگ سمجھتے ہیں کہ اس پر جن آگیا ہے حالانکہ ایسی بات نہیں ہوتی ۔ اگر مریضہ کی جنسی خواہشات کی تکمیل نہ ہو سکے ۔ یا خاوند ۔ ساس اور نندوں سے تنگ ہو تو اس کا ہسٹیریا میں مبتلا ہوجانا یقینی ہے ۔ پہلے اس کی صحت خراب ہوتی ہے نظام ہضم میں خرابی واقع ہوجاتی ہے وحشتناک خواب آنے شروع ہوجاتے ہیں اور مریضہ اداس پریشان اور چڑ چڑی سی ہو جاتی ہے ان حالتوں میں اس کے لئے مندرجہ ذیل دوائیں درکار ہیں تعویز دھاگے اور ٹونے ٹوٹکے اس کا علاج نہیں ہیں۔

طبی علاج

اگنیشیا 30x ۳۰ ملی لٹر۔ اس کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین یا چار دفعہ پیا کریں۔کچھ دنوں کے بعد طبیعت میں سکون محسوس ہو گا ۔ پھر اس کو

صرف دو بار یعنی صبح شام پیا کریں جب دورے اور پریشانی جاتی رہے۔ تو دوا بند کردیں۔ یہ دوا ہسٹریا کا شافی علاج ہے اور اکیلی یہ دوا کافی ہے اگر کیس پرانا ہو چکا ہو تو اگنیشیا 200x استعمال کریں پہلے چند روز تک چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں دو بار پلائیں پھر ایک ہفتہ کے بعد ہر تیسرے دن اور اس کے بعد ہفتے میں صرف ایک بار پلایا کریں جب مرض جاتا رہے تو دوا بند کردیں۔

۳۔ آل فاس 12x (ALL PHOS 12x) ۳۰ گرام۔ کچھ عرصہ تک اس کی پانچ پانچ گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں - یہ بہت مفید دوا ہے۔

۴۔ نیٹرم میور 30x (NAT MUR 30x) ۳۰ گرام اس کو بطور معاون دوا استعمال کریں اور اس کی ۵ - ۵ گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں۔

روحانی علاج

مندرجہ ذیل کو بطور تسبیح یا وظیفہ پڑھا کریں

حسبنااللہ و نعم الوکیل

اور ۱۰۰ دفعہ پڑھنے کے بعد ایک بار یہ پڑھیں

نعم المولی و نعم النصیر

درود شریف کثرت سے پڑھا کریں

اللھم صلی علی محمد و بارک وسلم

نماز کی پابندی کریں زیادہ تر پاک اور باوضو رہنے کی کوشش کریں سادہ غذا کھائیں سینما۔ وی سی آر - ناول۔ گانے۔ وغیرہ سے پرہیز کریں انشاء اللہ یہ مرض جاتا رہے گا۔ یاد رکھیں دنیا میں ہر شخص رنج و غم میں مبتلا ہے مگر ان سے متاثر نہ ہونا بہادری ہے اور اس طرح ہر پریشانی سے نجات مل جاتی ہے۔ اللہ کا ذکر ہی تمام مصیبتوں سے نجات کا باعث ہے۔

قربان ان لبوں کے ہو جن پر نام تیرا
خوش بخت ہے وہ دل جس میں قیام تیرا

بدنی کمزوری

وجوہات

جنسی خواہش کی زیادتی یا اس کا پورا نہ ہونا لیکوریا حیض کی خرابی گھریلو پریشانیاں اور ایسی ہی کئی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے بدن کمزور ہوجاتا ہے حالانکہ بچے پیدا ہونے سے پہلے بدن خوب مضبوط ہونا چاہیے۔

طبی علاج

اگر خدانخواستہ بدن کمزور ہوجائے تو مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کریں

۱۔ ایلفلفا ٹانک (ALFALFA TONIC) اس کی دو تین شیشیاں پی لیں طریقہ استعمال یہ ہے کہ کھانا کھانے سے ۲۰ منٹ پہلے اس کا ایک چمچ پی لیا کریں اس میں پانی ڈالنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بہت خوش ذائقہ دوا ہے۔ اس سے بھوک بڑھے گی کھانا ہضم ہو گا گہری نیند آئے گی اعصاب مضبوط ہوں گے۔ اور بدن صحت مند اور تندرست و توانا رہے گا۔ یہ دوا ہومیوپیتھی کی مایہ ناز دوا ہے اس کو کھلے دل سے استعمال کریں۔

۲۔ آل فاس 12x (ALL PHOS 12x) ۳۰ گرام

اس کی ۵۔ ۵ گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں۔

اگر کوئی بیماری ہو تو اس کا علاج کرائیں اور علاج کے دوران آپ الفلفا ٹانک استعمال کر سکتی ہیں یاد رکھیئے اگر آپ کی صحت ٹھیک اور بدن مضبوط ہے تو آپ پر مسرت زندگی گزار سکتی ہیں ورنہ رنج و الم آپ پر غلبہ کرلیں گے۔

موٹاپا

نقصانات:

موٹاپا بہت سے خطرات کا سبب بن سکتا ہے اس سے ہائی بلڈ پریشر ہو سکتا ہے دل کی تکلیف ہو سکتی ہے۔ شوگر کی شکایت ہو سکتی ہے گردوں میں خرابی واقع ہو سکتی ہے غرض کئی بیماریاں پیدا ہو سکتی ہے۔ اور سب سے بڑی بیماری یہ ہے کہ آپ کی سہیلیاں اور دوسرے لوگ آپ کے کئی طنزیہ نام رکھ دیں گے مثلاً توپ۔ ایٹم بم۔ ڈبل ڈیکر وغیرہ وغیرہ۔

موٹاپے سے بچنے کے لئے خوراک میں تبدیلی کی ضرورت ہے روغنیات اور لحمیات سے پرہیز کیا جائے۔ چینی آلو۔ اور چاول بند کر دیئے جائیں زیادہ کھانا کھانے سے بچنے کی کوشش کی جائے تو انشاء اللہ موٹاپا نہیں ہوگا۔ ہلکی پھلکی ورزش رسی پھلانگنا محنت مشقت کا کام کرنا وغیرہ وغیرہ بہت مفید باتیں ہیں دوائیں مندرجہ ذیل ہیں

طبی علاج

۱۔ فائٹو لیکا PHYTOLACCA ڈراپس۔ ۳۰ ملی لٹر اس دوا کے استعمال سے موٹاپے پر قابو پایا جاسکتا ہے موٹاپے کی مریضائیں جنہیں ذرا سی مشقت سے سانس پھول جانے کی تکلیف ہوجایا کرتی ہے یا اکثر گلا خراب رہتا ہو اور جوڑوں میں درد کا عارضہ ہو خود بخود اس دوا کے استعمال کے دوران جان تکلیفوں سے نجات حاصل کر لیتی ہیں۔ یہ دوا مردوں اور عورتوں دونوں کے لئے فائدہ مند ہے بے ڈول جسم کو پتلا (SLIM) کردیتی ہے عورتوں میں پستانوں کی بہت سی بیماریوں کا یہ بہترین علاج ہے اس سے پستانوں کی رسولیاں بالکل ختم ہوجاتی ہیں کن پیڑے دور ہوجاتے ہیں یہ بہت مفید دوا ہے۔

حمل --- اسقاط حمل کا خطرہ

وجوہات

جب حمل ٹھر جاتا ہے تو حیض آنا بند ہو جاتا ہے البتہ لیکوریا والی لڑکیوں کو لیکوریا زیادہ ہونے لگتا ہے حمل کے دوران زیادہ وزنی چیزیں اٹھانا۔ زیادہ گرم تاثیر رکھنے والی غذائیں کھانا۔ زیادہ جماع کرنا رنج و غم اور غصہ سے زیادہ متاثر ہونا اکثر حمل کو ضائع کردیتے ہیں لہٰذا سادہ پر سکون اور قدرے آرام دہ زندگی بسر کریں اگر کوئی شکایت ہوجائے تو اس کی طرف فوری توجہ دیں۔ ہم آئندہ صفحات میں اس کے لئے ضروری ادویہ لکھیں گے۔

طبی علاج

ذیل میں ہم حمل کو محفوظ رکھنے کے لیے مناسب دوائیں درج کرتے ہیں۔

۱۔ میگنیشیا فاس 6x (MAG PHOS 6x) ۳۰ گرام
۲۔ کلکیریا فاس 6x (CAL PHOS 6x) ۳۰ گرام
۳۔ کالی فاس 6x (KALI PHOS 6x) ۳۰ گرام
۴۔ کلکیریا فلور 6x (CAL FLOUR 6x) ۳۰ گرام

ان کی دو دو گولیاں ملا کر (کل آٹھ گولیاں) دن میں تین بار چوس لیا کریں اگر پورے دوران حمل یہ دوائیں استعمال کی جائیں تو انشاء اللہ حمل میں کسی قسم کی کوئی پیچیدگی یا تکلیف پیدا نہیں ہو گی اور بچہ بھی آسانی سے پیدا ہو جائے گا۔ نیز وضع حمل کے وقت پریشانی یا تکلیف نہ ہوگی

۵۔ کالی فاس 6x (KALI PHOS 6x) ۳۰ گرام۔ یہ دوا اکیلی بھی حمل کے دوران سب سے زیادہ فائدہ دینے والی دوا ہے کالی فاس کا بچہ خوبصورت ذہین اور صحت مند ہوگا لہٰذا اس دوا کو ضرور استعمال کریں ۴۔۴ گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں۔

وضع حمل

وضع حمل بڑا تکلیف دہ مرحلہ ہے جس میں دایہ یا نرس کے لئے بڑی سمجھداری کی ضرورت ہوتی ہے۔ آج کل پیچیوٹرین کے انجکشن لگا کر بچہ پیدا کرنے کا رواج ہوگیا ہے جس کے بد اثرات سے بچہ اور زچہ دونوں ہی متاثر ہوتے ہیں۔ اگر یہ ٹیکہ وقت سے پہلے لگ جائے تو بچہ رحم کے اندر ہی گلا گھٹنے کی وجہ سے مرجاتا ہے اس لئے ان انجکشنوں سے ہر حالت میں پرہیز کرنا ضروری ہے

طبی علاج

ہم ذیل میں نہایت آسان اور موثر دوائیں لکھتے ہیں

ا۔ کالی فاس 6x (KALI PHOS 6x) ۳۰ گرام۔ اگر یہ دوا حمل کے آخری مہینہ میں یعنی وضع حمل سے ایک ماہ پیشتر استعمال کی جائے یعنی روزانہ ۴ ۔ ۴ گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں ۔ تو درد زہ کی تکلیف کم ہو گی اور بچے کی ولادت آسانی سے ہو جائے گی ۔ عین موقع پر جبکہ درد زہ شروع ہو چکا ہو اس کی ۱۰۔ ۱۰ گولیاں ہر دس پندرہ منٹ بعد گرم پانی کے ساتھ کھلائی جائیں تو بچہ بغیر کسی پیچیدگی اور زیادہ تکلیف کے آسانی سے پیدا ہو جائے گا۔

۲۔ پلسٹلا 200x (PULSATILA 200x) ۱۰ ملی لٹر۔ اگر بچہ وضع حمل کے وقت غلط پوزیشن میں ہو تو پلسٹلا کی ایک خوراک یعنی چھ قطرے پانی میں ملا کر پلادینے سے بچہ اصلی حالت میں آجائے گا۔ اور ولادت آسانی سے ہو جائے گی۔

۳۔ کالو فائلم 3x (COLOPHYLLUM 3x) ۱۰ ملی لٹر۔ یہ جھوٹے دوروں کو دور کرتی ہے اور اگر بچے کی ولادت کی صحیح دردیں شروع ہو چکی ہوں تو ہر دس منٹ کے بعد اس کے ۸ ۔ ۸ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دینے سے بچہ آسانی سے پیدا ہو جائے گا

وضع حمل کے بعد کی دردیں

ا۔ آرنیکا 200x (Arnica 200x)۔۔ ۱۰ ملی لیٹر: ہر تین گھنٹے کے بعد اس کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دیتے رہیں۔ جب دردیں بند ہو جائیں دوا بند کر دیں۔ یہ خون کو متعفن ہونے سے روکتی ہے۔ پر سوتی بخار سے بچاتی ہے یہ بہت مفید دوا ہے۔

۲۔ جنیسینگ Q (GinesengQ) مدر ٹنکچر (۱۰ ملی لیٹر) اس کے ۵‘۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹے بعد دیتے رہنے سے بھی درد بند ہو جاتے ہیں۔

۳۔ میگنیشیا فاس 6x (Mag Phos 6x) ۳۰ گرام۔۔ اس درد کی ۵‘۵ گولیاں ہر دو گھنٹے بعد چوستے رہنے سے بھی درد بند ہو جاتے ہیں۔

نفاس

بچہ پیدا ہونے کے بعد کم و بیش چالیس دن تک خون آیا کرتا ہے۔ جس کی مقدار رفتہ رفتہ کم ہو جاتی ہے بعض لڑکیوں کو چند روز کے بعد ہی خون آنا بند ہو جاتا ہے۔ اگر یہ خون رک جائے یا بالکل نہ آئے تو اس سے صحت خراب ہونے کا امکان ہے لہٰذا اگر ایسی بات ہو جائے تو مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کی جائیں۔

۱۔ سلفر 30x (Sulpher 30x)---۱۰ ملی لیٹر

۲۔ برائی اونیا 30x (Bryonia 30x)---۱۰ ملی لیٹر

۳۔ پلسٹلا 30x (Pulastilla 30x)---۱۰ ملی لیٹر

ان میں جو دوا بھی مل سکے اس کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں چار با پلائیں۔ جب نفاس جاری ہو جائے دوا بند کر دیں۔ زیادہ ٹھنڈا پانی استعمال نہ کریں نہ زیادہ ٹھنڈی چیزیں کھائیں۔

یاد رکھیں نفاس کے چالیس دن پورے کرنے سے پہلے جماع کرنا نماز پڑھنا اور قرآن مجید کی تلاوت کرنا منع ہے۔ کیونکہ یہ ناپاکی کے دن ہیں اور مسائل نہ جاننے کی وجہ سے اکثر نئی دلہنیں اپنے شوہروں کی خواہش کے سامنے سر جھکا دیتی ہیں' جو غلط بات ہے۔

بالوں کا گرنا

بعض وجوہات سے بال گرنے لگتے ہیں جو لڑکیوں کے لیے بڑی تکلیف دہ بات ہوتی ہے کیونکہ بالوں کا گھنا اور لمبا ہونا حسن کی علامت ہے۔ اگر ان گرتے ہوئے بالوں کو نہ روکا جائے تو اس کے نتائج پریشان کن ہوتے ہیں دوائیں مندرجہ ذیل ہیں۔

طبی علاج:

سیپا 30x (Sepia30x) اس دوا سے بہتر بالوں کو گرنے سے روکنے کے لیئے کوئی دوسری دوا نہیں ہے یہ تو گنجے سروں میں بھی بال پیدا کر دیتی ہے۔ اسکے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں چار بار پیا کریں پرہیز کے طور پر نمک کم استعمال کریں۔

۲۔ آرنیکا ہیئر آئل (Arnica) ایک شیشی : یہ تیل بہت سی کمپنیاں تیار کرتی ہیں اور سب اچھے ہوتے ہیں ان شیشیوں پر اس کا طریقہ استعمال لکھا ہوا ہوتا ہے آپ اسے بے دھڑک استعمال کریں۔ یہ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ بالوں کو بڑھاتا ہے۔ ان میں چمک پیدا کرتا ہے۔

۳۔ نیٹرم میور 30x (Nat Phos30x)۔۔ ۳۰ گرام اس کی ۵'۵ گولیاں دن میں چار بار چوس لیا کریں۔ اور جب تک بالوں کا گرنا بند نہ ہو اس کا استعمال جاری رکھیں۔ اس سے سر درد بھی بند ہو جائیگا نزلے زکام کو بھی فائدہ ہو گا۔

۴۔ ایسڈ فاس 3x (Acid Phos 3x)۔۔ ۱۰ ملی لیٹر اس کے ۴'۴ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار پیئیں کھانا کھانے کے ۲۰ منٹ بعد نزلے زکام کی مریض لڑکیاں اسے

استعمال نہ کریں۔ ورنہ نزلہ بڑھے گا۔ ان کو نیٹرم میور استعمال کرنا چاہیئے۔ ایسڈ فاس سے بال جلدی سفید نہیں ہوتے۔ شروع شباب ہی میں سر کے بال سفید ہونے لگیں۔ تو ایسڈ فاس استعمال کرنے سے خضاب کا کام لیا جا سکتا ہے۔ یعنی اس کے پینے سے بال کالے ہو جائیں گے۔ یہ دوا اور آرنیکا ہیئر آئل استعمال کرنے سے بال دوبارہ کالے ہو جائیں گے۔

چھاتیوں کا نہ بڑھنا

بعض اوقات مختلف وجوہات کی بنا پر جوان لڑکیوں میں چھاتیاں مناسب نشو نما نہیں پاتیں۔ یا بالغ ہونے کے باوجود بھی چھاتیوں میں ابھار پیدا نہیں ہوتا۔ اس لیئے وہ جاذب نظر نہیں آتیں۔ اگر ایسی صورت پیدا ہو جائے تو سیبل سیرولیٹا Q (Sabal_ Serrulata Q) مدر ٹنکچر ۳۰ ملی لیٹر کے ۲۰۔۔ ۲۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر صبح و شام کھانا کھانے کے ۲۰ منٹ بعد پیا کریں۔ کچھ عرصہ تک پینے سے مقصد حل ہو جائے گا۔ نیز چھاتیوں پر روغن زیتون کی مالش کیا کریں۔ ان دونوں کے استعمال سے تھوڑے ہی دنوں میں چھاتیوں کا ابھار بڑھ جائیگا۔

دیگر طبی فوائد

یہ دوا عورتوں اور مردوں میں جماع کی اہلیت پیدا کرنے کی خاص قدرت رکھتی ہے لہٰذا اگر لڑکی میں جماع سے نفرت پائی جائے تو اس دوا کو استعمال کیا جائے۔ اور اگر شوہر میں نا مردی کے آثار ہوں تو اسے بھی یہ دوا استعمال کرائی جائے۔ لیکن کم از کم تین ماہ لگا تار پی جائے۔ ۲۰ '۲۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں۔

اگر بڑھاپے میں کسی کا پیشاب بند ہو جائے۔ جیسا کہ پرانسیٹ گلینڈ کے بڑھ جانے سے ہو جاتا ہے تو آپریشن کرانے کی بجائے اس دوا کے ۳۰ '۳۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار پلانے سے پیشاب کھل جائے گا۔ اور اسے متواتر استعمال کرتے رہنے سے آپریشن کی ضرورت ہی نہیں رہے گی۔ یہ بہت مجرب اور انتہائی یقینی اور مفید دوا ہے۔

اگر لڑکیاں ہنسنے' بوجھ اٹھانے اور کھانسنے پر بھی پیشاب نہ روک سکتی ہوں یعنی پیشاب نکل جاتا ہو تو اس دوا کو استعمال کرنے سے آرام آجائے گا۔

کیل مہاسے

لڑکوں اور لڑکیوں کو چودہ سال سے لے کر بیس سال کی عمر تک منہ' چہرہ گردن اور جسم کے اوپر

کے حصہ میں لا تعداد سخت کیل دار پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ اگرچہ یہ خطرناک نہیں مگر پریشان کن اور چہرہ کو بد نما بنانے والی ضرور ہیں یہ عارضہ غذا میں بے اعتدالیوں اور حیض کی وجہ سے نمکیات میں کمی واقع ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔ اس دوران چربی والی غذا' روغنی اور دیر ہضم غذا پیسٹری اور مٹھائیوں سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ وقت مقررہ پر کھانا کھانا چاہیئے اور پانی زیادہ مقدار میں پینے کی ضرورت ہے نیز قبض نہ ہونے دیں۔

قیمہ ' کوفتے' کباب' نان کلچے' پیسٹری' کیک ' ماش کی دال' چاول وغیرہ سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ سادہ پانی زیادہ پیا جائے سنگترے مالٹے (بشرطیکہ زیادہ ترش نہ ہوں) خوب کھائیں۔ نیم گرم پانی میں نمک ملا کر ہر روز صبح منہ دھویا کریں۔

طبی علاج :

دوائیں مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ کلکیریا فاس 6x (Cal Phos6x)-- ۳۰ گرام ایام بلوغت کے شروع ہونے پر جوان عمر بچوں کے چہرہ کے کیل اور مہاسے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور تھوڑی سی دماغی محنت کرنے سے سر میں درد ہونے لگتا ہے۔ ایسے بچوں (لڑکے اور لڑکیوں) کے لیئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ ۴'۴ گولیاں دن میں ۴ بار چوس لیا کریں۔

۲۔ گریفائٹس 200x (Graphits 200x)-- ۱۰ ملی لیٹر اس کے چھ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ڈال کر ہر چوتھے دن پیتے رہیں۔ انشاء اللہ عارضہ جاتا رہے گا۔

۳۔ کالی برومیٹم 30x (Kali Bromatum 30x) ۱۰ ملی لیٹر روزانہ چھ چھ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر صبح و شام پیتے رہیں۔

۴۔ سلفر 30x (Sulphur 30x) دوسری دواؤں کے ساتھ اس دوا کی ایک خوراک (چھ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر) صبح و شام پینا بہت مفید ہے۔

۵۔ نیٹرم میور 6x (Nat Mur 6x) ۳۰ گرام ۵'۵ گولیاں دن میں چار بار چوس لیا کریں۔

۶۔ کالی میور 6x (Kali Mur 6x)--- ۳۰ گرام وہ مہاسے یا کیل جن میں سے سفید مادہ (پیپ کی طرح کا) زیادہ نکلے اور خاص طور پر نوجوان لڑکیوں کے چہرہ پر کیل ہوں تو یہ دوا بہت مفید ہے۔

ذیل میں ایک مرکب لکھا جاتا ہے یہ بہت مفید ہے۔

۱۔ کالی میور 12x (Kali mur 12x) ۳۰ گرام

۲۔ سیلیشیا 12x (Cilicea 12x) ۳۰ گرام

۳۔ کلکیریا فاس 12x (Cal Phos 12x) ۳۰ گرام

۴۔ کلکیریا سلف 12x (Cal Sulph.12x) ۳۰ گرام

ان کی دو دو گولیاں ملا کر (کل آٹھ گولیاں) دن میں چار بار چوس لیا کریں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں چہرہ صاف ہو جائے گا۔ یہ دوائیں اپنے پاس رکھیں جب کبھی پھر کہیں مہاسے نکلنے شروع ہو جائیں۔ اس طرح ان کو استعمال کریں۔

چوتھا باب

خصائص الادویہ

ہم نے جن دواؤں کا ذکر گذشتہ صفحات میں کیا ہے ان میں سے ہر ایک دوا کے بہت سے فوائد ہیں جب کہ ہم نے صرف نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کے امراض کے بارے ان دواؤں کے خصائص لکھے ہیں۔ چونکہ یہ بہت مفید دوائیں ہیں اور ان امراض کے علاوہ دوسرے بہت سے مرضوں میں بھی ان سے شفایابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس لیئے ہم یہ مناسب سمجھتے ہیں۔ کہ ان دواؤں کے دوسرے فوائد کا بھی ذکر کیا جائے تاکہ آپ انہیں یاد رکھ سکیں۔ اور بوقت ضرورت ان سے اپنا علاج کر سکیں۔ اور دوسروں تک اس نعمت کو پہنچا سکیں۔ ذیل میں ہم حروف تہجی کے اعتبار سے ان کا ذکر کریں گے۔

ایکو نائیٹ 30x (Acconite 30x)

۱۔ تقریباً ہر مرض کے شروع میں استعمال کر کے اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔
۲۔ ڈر جانے کی وجہ سے اگر کوئی تکلیف پیدا ہو جائے۔ جیسا کہ بچے اور عورتیں عام طور پر ڈر جانے کے بعد مختلف تکالیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔
۳۔ شدید گھبراہٹ اور موت کا خوف پیدا ہو جائے۔
۴۔ بے چینی کی حالت میں

طریقہ استعمال

30x میں خرید لیں اور مرض کی شدت کے لحاظ سے جلدی جلدی یا دیر دیر سے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر پیتے رہیں۔ مرض کی شدت کم ہو جانے پر دوا بند کر دیں۔

آرنیکا 30x (Arnica 30x)

۱۔ بدن میں اگر دکھن کا احساس ہو۔

۲۔ جسم میں درد محسوس ہو۔
۳۔ چوٹ خواہ تازہ ہو یا سالہا سال پرانی ہو۔
۴۔ وضع حمل کی دردیں۔
۵۔ بخاروں میں غنودگی ہو جائے۔
۶۔ سکتہ کی حالت میں۔
۷۔ جلد پر نیلے اور سیاہ داغ ہوں (خواہ چوٹ کی وجہ سے خواہ کسی بیماری کی وجہ سے ہوں)
۸۔ چوٹ کے بعد اثرات

طریقہ استعمال:

30x- اس کے چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں چار بار پلائیں مرض کی شدت کے لحاظ سے جلدی جلدی بھی پلائی جا سکتی ہے۔ چوٹ پر مالش کرنے کے لیئے یہ دوا مدر ٹنکچر کی ضرورت میں زیادہ فائدہ کرتی ہے۔ کھلاڑی اگر جسم میں درد محسوس کریں تو اس دوا کا استعمال بہت مفید ہے۔

ایسڈ فاس Q یا 3x (Acid Phos3x or Q)

۱۔ مردانہ کمزوریوں کی مجرب دوا جب کہ جماع کی خواہش ہی پیدا نہ ہو۔
۲۔ شروع شباب میں سر کے بال سفید ہونے لگیں۔ تو اس کے استعمال سے دوبارہ کالے ہو جائینگے۔
۳۔ موٹے آدمیوں میں شوگر کا مرض ہو۔
۴۔ ذہنی تھکاوٹ اور کمزوری۔
۵۔ حساب میں کمزور طالب علم

طریقہ استعمال

۴۔۴ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین یا چار بار استعمال کریں۔

اگنیشیا 30x (Echinacea 30x)

۱۔ اعصاب کمزور ہو جائیں۔
۲۔ زیادہ حساس طبیعت ہو۔
۳۔ غم اور صدمہ کا اثر ہو۔
۴۔ ہسٹیریا ہو جائے۔

۵۔ خالی ڈکار زیادہ آتے ہوں گیس اور کھائی ہوئی غذا حلق کی طرف چڑھ آتی ہو۔
۶۔ دیرینہ قبض ہو۔
۷۔ تیسرے یا چوتھے دن بخارا آتا ہو۔
۸۔ پاخانہ پھرنے کے بعد کانچ نکل آتی ہو۔
۹۔ مرگی ہو جائے۔
۱۰۔ سردرد جس میں ایسا محسوس ہو کہ سر میں کیل ٹھونکی جا رہی ہے۔

طریقہ استعمال :

۳۰x میں مرض کی نوعیت کے لحاظ سے دن میں چار بار یا کم و بیش

ایونیا سٹیوو Q (Avena Sative Q)

۱۔ جریان منی۔
۲۔ مشت زنی یا کثرت جماع کے بد اثرات
۳۔ حافظہ کمزور
۴۔ زکام کی ابتداء میں بیس قطرے گرم پانی میں دو دو گھنٹہ بعد پلانے سے زکام وہیں رک جاتا ہے۔
۵۔ افیون چھڑانے کے لیئے بہترین دوا (۱۵'۱۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار، مدر ٹنکچر کی صورت میں)

طریقہ استعمال

۱۰'۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار

اووری گینم Q (Origanum Q)

۱۔ لڑکے اور لڑکیوں میں مشت زنی سے روکنے والی دوا۔
۲۔ شہوت کی زیادتی کو روکنے کے لیئے اور فحش خیالات سے نجات حاصل کرنے کے لیئے۔

طریقہ استعمال

۱۵'۱۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار۔

اسٹی لیگو Q

۱۔ مشت زنی کی عادت چھڑانے کے لیئے سب سے بہتر دوا ہے۔

۲۔ مشت زنی کے بد اثرات دور کرنا۔
۳۔ جریان ' سرعت انزال۔
۴۔ کند ذہن ' کمزور حافظہ
۵۔ گنجے پن کو دور کرنے کے لیئے اس دوا (مدر ٹنکچر) کی مالش کرنے سے سر پر دوبارہ بال اگ آتے ہیں۔
۶۔ اسقاط حمل کے بعد اگر زیادہ خون آیا ہو تو اس کی چند خوراکیں خون بند کر دیں گی۔

طریقہ استعمال :

۲۰'۲۰ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں چار بار پیئیں۔

آل فاس 12x (All phos 12x)

۱۔ ہومیو پیتھی میں طاقت کا خزانہ۔
۲۔ اعصاب کمزور' دماغ کمزور' جریان احتلام
۳۔ اعضا شکنی' ہاضمہ خراب' بھوک کم

یہ پانچ فاسز کا مجموعہ ہے اس لیئے بہت مفید دوا ہے۔

طریقہ استعمال :

۵'۵ گولیاں دن میں تین یا چار بار چوس لیا کریں۔

ایلٹریس فیری نوسا Q (Aletris Farinosa Q)

۱۔ عورتوں کے لیئے اعضا تناسلی کی طاقت کے لیئے بہت مفید دوا ہے۔
۲۔ نظام ہضم کو درست اور تیز کرتی ہے۔
۳۔ سیلان الرحم (لیکوریا)
۴۔ رحم کی کمزوری
۵۔ قلت حیض یا حیض کی زیادتی دونوں کو کنٹرول کرتی ہے۔
۶۔ بانجھ پن اور اسقاط حمل کو روکنے کے لیئے بہت مفید ہے۔

طریقہ استعمال :

۱۵'۱۵ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار

ایگنس کاسٹس Q (Agnus Castus Q)

۱۔ مردانہ کمزوری
۲۔ جریان منی
۳۔ منی کی پیدائش بڑھاتی ہے۔
۴۔ عورتوں میں جماع سے نفرت
۵۔ بانجھ پن
۶۔ زچہ میں دودھ کم ہو جائے۔

طریقہ استعمال

۱۵،۱۵ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار

اشوکا Q

۱۔ بانجھ پن کی اکسیر ترین دوا۔

طریقہ استعمال

۸،۸ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار

ایلفلفا ٹانک Alfalfa Tonic

ہومیو پیتھی میں مایہ ناز طاقت کا خزانہ۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ نیند لاتی ہے۔ بدن میں چستی پیدا کرتی ہے۔ اعصاب کو تقویت دیتی ہے۔

پلسٹلا 30x (Pulsatilla 30x)

۱۔ عورتوں کی دوا۔
۲۔ نرم مزاج اور موٹاپے کی طرف مائل عورت کی دوا۔
۳۔ ماہواری میں گڑبڑ یا ماہواری دب جائے۔
۴۔ بدن میں پیلے رنگ کی رطوبت نکلے۔ مثلاً پیلا لیکوریا۔ پیلی بلغم۔ پیلے رنگ کی پیپ وغیرہ
۵۔ دوران حمل اور بلوغت کے عوارضات میں زیادہ استعمال ہونے والی دوا۔
۶۔ بلوغت کے وقت اگر حیض کم، سیاہی مائل، ہو زیادہ دیر تک جاری رہے اور مقدار میں تھوڑا ہو تو یہ بہترین دوا ہے۔
۷۔ عورتوں کے بدن میں دردیں ہوں۔ اور چلتی پھرتی ہوں یعنی کبھی ایک جگہ درد ہے کبھی دوسری جگہ۔

طریقہ استعمال:

چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین یا چار بار

ڈمیانہ Q (Damiana Q)

۱۔ قوت مردی کی سر تاج دوا ہے۔
۲۔ عورت کو اگر جماع سے نفرت پیدا ہو جائے یا جنسی خواہش دب جائے۔
۳۔ درد شقیقہ خواہ کتنا شدید ہو۔
۴۔ پیشاب کر چکنے کے بعد میں پیشاب کے قطرے نکلتے رہیں۔ یا چلتے پھرتے یا جھکنے پر بھی پیشاب کے قطرے نکل جائیں۔ (کم از کم ایک ماہ تک استعمال کی جائے۔)

طریقہ استعمال

۱۰'۱۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار

سیلینیم 200x (Selenium 200x)

۱۔ جریان منی خواہ کسی صورت میں ہو۔ احتلام' سرعت انزال' جماع میں کمزوری
۲۔ ذرا سی جسمانی مشقت یا دماغی محنت کے بعد بہت زیادہ کمزوری کا احساس۔
۳۔ سر' ابرو' مونچھوں اور اعضائے تناسل کے بال گرنے لگیں۔
۴۔ شدید قبض' خشک پاخانہ۔
۵۔ انگلیوں کے درمیان خارش

طریقہ استعمال۔

اگر 200x میں ہو تو دن میں صرف ایک بار چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر پیا کریں۔

سٹیفی سگریا Q (Staphy Sagria Q)

۱۔ مشت زنی کے بد اثرات
۲۔ دبی ہوئی جنسی خواہش کے بد اثرات
۳۔ دبے ہوئے غصے کے بد اثرات
۴۔ بچوں کے دانت بچپن میں ہی سیاہ ہو کر گلنے سڑنے لگتے ہیں۔
۵۔ ہر وقت جنسی خیالات میں مگن رہنا۔

۶۔ گوہا نجنیاں بار بار نکلنا

۷۔ تمباکو کی زبردست خواہش

۸۔ رات کو کمر درد

طریقہ استعمال :

۱۰'۱۰ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار

سلیکس نائیگرا Q (Salix Nigra Q)

۱۔ بڑھی ہوئی شہوت

۲۔ زیادہ جنسی خیال۔

۳۔ مشت زنی کی خواہش۔

طریقہ استعمال :

۱۰'۱۰ قطرے ایک بنہ چار گلاس میں ملا کر صبح وہ شام پیا کریں جب طبیعت میں سکون پیدا ہو جائے تو دوا بند کر دیں۔

اگر ہنگامی یا فوری طور پر جنسی جذبے کو دبانے یا بڑھی ہوئی شہوت کو کم کرنے کی ضرورت درپیش ہو تو ۲۵ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر پی لیں۔ فوری طور پر سکون ہو جائے گا۔

سنیشیو اوریس Q (Senecio Aureus Q)

۱۔ بے قاعدہ حیض

۲۔ رکے ہوئے حیض کو جاری کرنا۔

۳۔ کنواری لڑکیاں اگر سن بلوغ تک پہنچ جائیں اور حیض پھر بھی جاری نہ ہو۔

۴۔ عورتوں اور بچوں میں اگر پیشاب کرتے وقت درد ہو۔

۵۔ عورتوں کا ٹانک

طریقہ استعمال :

۸'۸ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر شدید درد میں (حیض کے بند ہو جانے پر) ہر دو گھنٹہ بعد لیکن حیض کے درمیانی ایام میں (ایک حیض سے دوسری حیض تک درمیانی وقفہ تک) دن میں صرف تین بار

سمسی فیوگا 30x (Cimici Fuga 30x)

۱۔ وضع حمل کو آسان کرتی ہے۔
۲۔ حیض کے دوران درد کی خاص دوا ہے۔
۳۔ جوڑوں کے درد کو آرام دیتی ہے۔ (پنڈلیوں اور رانوں کے کے درد کے لیئے خاص طور پر مفید ہے۔)
۴۔ عورتوں کی مخصوص دوا۔
۵۔ سن یاس (جب عورت بچے کو پیدا کرنے کے قابل نہ رہے) کی تکالیف کی خاص دوا۔
۶۔ اداسی، غمگینی (عورتوں میں جو عمر رسیدہ ہوں) کی دوا۔
۷۔ پائی کی دردیں
۸۔ گرن کا اکڑاؤ۔

طریقہ استعمال:

چھ چھ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں چار بار

سیپیا 30x (Sepia 30x)

۱۔ عورت اگر یہ محسوس ہو کہ اس کے اعضائے تناسلی (پرائیویٹ حصے) باہر نکل جائیں گے۔
۲۔ رحم پر دباؤ (مریضہ ٹانگیں ایک دوسری کے اوپر رکھ کر دباتی ہے)
۳۔ ناک اور چہرہ (گالوں) پر زرد اور بھورے داغ (بہت مفید ہے)
۴۔ سوتے ہی پیشاب نکل جانا۔
۵۔ پرانے سردرد میں بہت فائدہ کرتی ہے۔
۶۔ بالوں کا گرنا
۷۔ شوہر اور بچوں سے محبت کا احساس مٹ جانا اور غمگین رہنا۔

طریقہ استعمال:

چھ چھ قطرے پانی میں ملا کر دن میں چار بار۔

سلفر 30x (SulPhus 30x)

۱۔ سر کی چوٹی، ہاتھی کی ہتھیلی اور پاؤں کے تلوے میں جلن
۲۔ خارش خشک ہو، نہانے کے بعد خارش محسوس ہو۔ خارش کے بعد جلن
۳۔ دوسری دواؤں کا اثر تیز کرتی ہے۔

۴۔ یونانی اور ایلوپیتھک دواؤں کے اثر اور زہر کو دور کرتی ہے۔

طریقہ استعمال

چھ، چھ قطرے پانی میں ملا کر صبح نہار منہ دوپہر اور رات کو سوتے وقت پیا کریں۔ اگر کسی جگہ پر خارش بہت شدید ہو رہی ہو۔ تو روئی کا ایک پھایہ اس دوا میں تر کر کے اس جگہ کے اوپر ملیں۔ خارش کو فوری طور پر سکون ہو جائے گا۔

سلیشیا 6x یا 200x (Silicea 6x or 200x)

۱۔ چھوٹی طاقتوں میں (یعنی 6x اور 12x میں) پیپ پیدا کرتا ہے یعنی پھوڑے اور پھنسی پکاتا ہے۔ اور اسے پھاڑ کر اس میں پیپ باہر نکال دیتا ہے۔

۲۔ بڑی طاقت میں (یعنی 200x یا 1000x میں) پیپ کو خشک کرتا ہے۔

۳۔ چیچک کے ٹیکے کے بعد اثرات کو دور کرتا ہے۔

۴۔ سر درد۔ جو گردن کے پچھلے حصے سے شروع ہو کر اوپر سر کی جانب جاتا ہو۔۔ دور کرتا ہے۔

۵۔ جسم سے مچھلی کا کانٹا، سوئی، ہڈی کا پرزہ، وغیرہ اور کوئی بھی تیز قسم کی چیز ہو تو اس کو نکال دیتا ہے۔ کانٹا وغیرہ اگر جسم میں چبھ کر اندر ہی رہ جائے تو سلیشیا 6x کی ۵،۵ گولیاں دن میں چار بار چوس لیا کریں۔ چند روز کے استعمال سے یہ چیز خود بخود باہر نکل آئے گی۔

طریقہ استعمال:

چھوٹی طاقت میں ۵،۵ گولیاں دن میں چار بار

بڑی طاقت میں دن میں صرف ایک بار پانچ گولیا

سیبل سیرولیٹا Q (Sabal Serrulata Q)

۱۔ پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ جانے سے پیشاب رک جائے تو اس کے ۲۰،۲۰ قطرے روزانہ پیتے رہنے سے پیشاب جاری ہو جائیگا اور آپریشن کی ضرورت نہیں رہے گی۔

۲۔ لڑکیوں کی چھاتیاں اگر نشو و نما نہ پائیں تو اس کے استعمال سے ابھار بڑھ جائیگا۔

۳۔ لڑکوں میں قوت مردی کی کمی کو پورا کرتی ہے۔

۴۔ محنتی لڑکوں میں دماغی کمزوری اور طالب علموں کے سر درد میں مجرب ہے۔

۵۔ مقوی اعصاب ہے۔

۶۔ عورتوں میں کھانسنے، بوجھ اٹھانے، یا ہنسنے سے اگر پیشاب نکل جاتا ہو تو۔ اس دوا کے استعمال سے یہ شکایت جاتی رہے گی۔

۷۔ حیض کی بندش کو دور کرتی ہے۔

طریقہ استعمال:

۲۰'۲۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار

فائٹو لیکا 30x (Phytolacca 30x)

۱۔ چھاتیاں پر درد' سخت' بچہ دودھ پیئے تو تمام جسم میں درد پھیل جاتا ہے۔
۲۔ چھاتیوں میں اگر پیپ پڑ جائے۔
۳۔ ٹانسلز سوجے ہوئے ہوں۔ درد کانوں تک جائے۔ گلے میں جلن ہو۔
۴۔ موٹاپے کو دور کرنے کے لیئے فائٹو لیکا ڈراپس استعمال کریں۔
۵۔ گلے کی سوزش ہو۔ واعظ' گوئیے' پروفیسر' مقرر کا گلا بیٹھ جائے تو یہ اکسیر ہے۔

طریقہ استعمال:

۶'۶ قطرے دن میں تین بار ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ڈال کر

فیرم فاس 6x یا 200x (Ferrm Phos 6x or 200x)

۱۔200x میں استعمال کرنے سے نکسیر' حیض کا زیادہ خون' نفاس کا زیادہ خون بند ہو جاتا ہے۔ پیچش میں خون آرہا ہو تو اس سے بند ہو جاتا ہے۔
۲۔ عام بخاروں میں مفید ہے۔
۳۔ چھوٹی طاقت میں رات کو دینے سے نیند نہیں آتی۔ جب کہ اونچی طاقت میں دینے سے بے خوابی کو دور کر کے نیند لاتی ہے۔
۴۔ یہ فولاد ہوتا ہے اس لیئے بدن میں خون کی کمی کو دور کرتی ہے۔

طریقہ استعمال:

200x میں دن میں صرف ایک بار ۵ گولیاں 6x یا 12x میں دن میں ۵'۵ گولیاں چار مرتبہ

کلکمریا فاس 12x (Cal Phos 12x)

۱۔ بچوں کا سوکھا پن
۲۔ ہڈیاں ٹیڑھی ہوں' ریڑھ کی ہڈی کم زور ہو' ہڈی ٹوٹ کر جلدی نہ جڑتی ہو۔
۳۔ بچوں کا ٹانک
۴۔ بچے کے دانت دیر سے نکلتے ہیں۔اور جلد گل سڑ جاتے ہیں۔

۵۔ سبز رنگ کے سخت بدبو دار پاخانے بچوں میں، پڑ پڑ کی آواز کے ساتھ
۶۔ ٹانسلز بڑھے ہوئے۔
۷۔ سوکھے بچے جننے والی عورت کو دوران حمل یہ دوا کھلائی جائے تو انشاء اللہ صحت مند بچے پیدا ہوں گے۔
۸۔ موسم کے تبدیل ہونے پر جوڑوں کا درد

طریقہ استمال:

دن میں چار بار ۵،۵ گولیاں

کالی فاس 12x (Kali Phos12x)

۱۔ تمام اعصابی کمزوریوں کی سر تاج دوا دماغی کمزوری اور بینائی کی کمزوری کا علاج
۲۔دماغی محنت جسمانی اور اعصابی کمزوری، غم و فکر، شدت جذبات، طالب علموں میں زیادہ دماغی محنت وغیرہ سے ہونے والی تھکاوٹ، مایوس مریض۔
۳۔ بچے رات کو خواب میں ڈر جائیں۔
۴۔ بدن میں سے بدبو دار اخراج، سانس، بلغم، پاخانہ، پیشاب، پسینہ وغیرہ
۵۔ پیٹ میں نفخ، ریاح، بدبو دار اور آواز سے خارج ہوتے ہیں۔۔
۶۔ پرسوتی بخار، تپ محرقہ۔
۷۔ وضع حمل میں آسانی پیدا کرتی ہے۔

طریقہ استعمال:

۵،۵ گولیاں دن میں تین بار مرض کی شدت میں چار بار

کالو فائلم Q (Caulophyllum)

۱۔ چھوٹے جوڑوں میں دردیں، انگلیوں کی گانٹھوں (جوڑوں) میں درد، مٹھی کا درد
۲۔ وضع حمل کو آسان بناتی ہے۔
۳۔ حمل کے آخری مہینوں میں جھوٹے درد زہ کے لیئے بطور مجرب استعمال کریں۔
۴۔ اندرونی طور پر لرزنے کا احساس
۵۔ چھوٹی عمر کی لڑکیوں میں لیکوریا کی لیئے مجرب دوا ہے۔

طریقہ استعمال:

۱۰،۱۰ قطرے دن میں تین بار، حمل کی حالت میں صرف دو بار

کالی میور 12x (Kali Mur 12x)

۱۔ سوزاک کی پیپ کو روکنے کے لیئے اکسیر ترین دوا ہے۔
۲۔ ٹانسلز سوج جائیں۔
۳۔ زبان میلی ہو تو بخار وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔
۴۔ کان کی نالی میں سوجن ہو جائے اور درد ہو یا سماعت میں فرق آجائے۔ کان میں آوازیں سی محسوس ہوں۔
۵۔ بند زکام
۶۔ گلے کی ہر قسم کی اکسیر دوا ہے۔
۷۔ مثانہ کی پرانی سوزش

طریقہ استعمال

۴،۴ گولیاں دن میں چار بار

کلکیریا فلور 6x (Cal Flour 6x)

۱۔ عورتوں کی چھاتیوں میں پتھر کی طرح سخت گلٹیاں۔
۲۔ گردن کے غدود سخت ہو جائیں۔
۳۔ وریدی رگیں پھول جائیں۔
۴۔ ہڈیاں بڑھ جائیں۔
۵۔ بدن میں کہیں بھی سخت قسم کی گلٹی سی بن جائے۔
۶۔ ناسور جن میں سے زرد رنگ کی گاڑھی پیپ خارج ہو۔
۷۔ انگلیوں کے جوڑ بڑھ جائیں۔ (موٹے ہو جائیں)
۸۔ خناق کی بہترین دوا۔

طریقہ استعمال :

۵،۵ گولیاں دن میں تین بار

کینتھرس Q یا 30x (Cantharis Q or 30x)

اگر Q میں استعمال کی جائے تو ۳،۳ قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین بار
اگر 30x میں استعمال کریں تو ۵،۵ قطرے پانی میں ملا کر دن میں چار بار

۱۔ جلن پائے جائے خصوصاً پیشاب کی نالی میں۔

۲۔ پیشاب کرتے وقت جلن ہو' پیشاب بار بار آئے' قطرہ قطرہ آئے۔ کبھی خون بھی آجائے۔
۳۔ پیشاب میں جلن کی اکسیر ترین دوا ہے۔
طریقہ استعمال :
اوپر لکھا جا چکا ہے۔

گوسی پیم Q (Gossypium Q)

۱۔ حیض کا خون رک جائے۔
۲۔ حیض کے دوران درد ہو۔
طریقہ استعمال :
۲۰'۲۰ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین یا چار بار پئیں۔

گریفائٹس 30x (Graphites 30x)

۱۔ عورت یا مرد میں جمع کی خواہش ہی نہ ہو۔ بلکہ نفرت پیدا ہو جائے۔
۲۔ جلد میں ابھاروں مثلاً اگزیما وغیرہ سے سفید لیس دار رطوبت نکلتی رہے۔
۳۔ موٹے مریض جو قبض میں مبتلا ہوں۔ یا جن کے جسم پر لیسدار رطوبت والی ابھاریں پائی جائیں اس دوا سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔
طریقہ استعمال :
۸'۸ قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار

لائکو پوڈیم 30x یا 200x (Lycopodium30xor 200x)

۱۔ اونچی پاور میں نامردی کی بہترین دوا ہے۔
۲۔ روغن زیتون میں ملا کر عضو پر مالش کر کے اس کی خرابیوں کو دور کیا جا سکتا ہے۔
۳۔ نفخ 'گیس اور ریح کی خاص دوا ہے۔
۴۔ بڑھاپے میں حافظہ کی کمزوری اور چڑ چڑا پن
۵۔ دائیں گردے میں درد' دائیں طرف فتق (فوطے کا بڑھ جانا) کے لیئے اکسیر ہے۔
طریقہ علاج :
نامردی میں 200x یا 1000x میں استعمال کی جائے اور دوسری بیماریوں میں 30x کے د'د قطرے ایک بنہ چار گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار۔ اونچی پاور کے ۵'۵ قطرے ہفتے میں دو بار

ملی فولیم Q (Mille Folium Q)

۱۔ سرخ رنگ کا خون خواہ بدن کے کسی حصہ سے نکلے مثلاً نکسیر، حیض وغیرہ

۲۔ حمل کے دوران میں رحم سے خون جاری ہو جائے تو بہت مفید دوا ہے۔ اس کی چند خوراکیں ایسے خون کو بند کر دیتی ہیں۔

طریقہ استعمال :

۲۰، ۲۰ قطرے ایک بند چار گلاس پانی میں ڈال کر ہر دو گھنٹہ بعد

ماسکس 3x (Moschus 3x)

۱۔ ہسٹیریا خواہ اس کی کوئی بھی علامت ہو۔ خود سر اور مغرور لڑکیوں کی دوا۔

۲۔ سرعت انزال ہو، ذکاوت حس ہو، منی بے خبری میں خارج ہو جائے۔

طریقہ استعمال

۶، ۶ قطرے ایک بند چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں تین بار ہسٹریائی کیفیت میں ہر پندرہ منٹ بعد دیں، جب طبیعت ٹھیک ہو جائے۔ دوا بند کر دیں سرعت انزال میں زیادہ بار۔

امساک حاصل کرنے کے لیئے وقت خاص سے آدھ گھنٹہ قبل ۸ قطرے گرم پانی میں ڈال کر پی لیں اور پھر ۱۰ منٹ پہلے ایسا ہی کریں۔

مینگشیا فاس 6x (Mag Phos 6x)

۱۔ تشنج کی بہترین دوا۔ جو بچہ اکڑ جاتا ہو تشنج کے بار بار حملے ہوں۔ ایسے بچے کو ایک ماہ تک اس کی ۲، ۲ گولیاں دن میں تین بار کھلاتے رہیں۔ پھر کبھی ایسا نہ ہو گا۔

۲۔ دردیں خواہ کسی قسم کی ہوں۔ حتی کہ دل میں درد کے لیئے بھی بہت مفید ہے۔

۳۔ پنڈلیوں میں اینٹھن، خواب میں پیشاب نکل جانا۔

۴۔ گرم پانی میں استعمال کرنے سے زیادہ فائدہ کرتی ہے۔

طریقہ استعمال :

ضرورت کے وقت ۱۵، ۱۵ منٹ بعد ۵، ۵ گولیاں چوس لیں۔ ہچکی آتی ہو، کالی کھانسی میں 30x استعمال کریں۔

نیٹرم فاس 6x (Nat Phos 6x)

۱۔ معدے میں تیزابیت پیدا ہو جائے۔ کھٹی ڈکاریں آئیں۔ غذا حلق میں چڑھ آئے۔ بھوک کم ہو

جائے۔
۲۔ ترشی بو والے دست خاص طور بچوں میں۔
۴۔ منی پانی کی طرح پتلی۔ احتلام زیادہ
۵۔ تمام بدن میں خارش جس کی وجہ سے ٹخنوں پر شدید خارش
طریقہ استعمال :
۵'۵ گولیاں دن میں چار بار۔

نیٹرم میور 6x (Nat Mur 6x)

۱۔ مستقبل کے بارے میں مایوسی۔
۲۔ سر درد' اسکول کی لڑکیوں کا سردرد
۳۔ آنکھوں سے پانی نکلے۔ نظر دھندلا جائے۔
۴۔ زکام میں پانی زیادہ نکلے۔ چھینکیں بہت اور بار بار آئیں۔ زیادہ زکام ہونے کی صورت میں 200x میں استعمال کریں۔
۵۔ زکام جو بار بار لگتا ہو اس کا بہترین علاج یہ ہے کہ

Nat Mur 30x

Cal Phos 30x

Kali Mur 30x

نیٹرم میور 30x۔ کلکیریا فاس 30x۔ کالی میور 30x چار چار گولیاں (کل بارہ) دن میں چار بار کم از کم ایک ماہ تک استعمال کریں۔ پرانے زکام کو بھی ختم کر دیگا۔
۶۔ دل بیٹھ جائے' ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جائیں اور لیٹنے کی خواہش ہو۔
۷۔ جماع کے وقت عورت کو درد ہو۔
۸۔ تلووں پر خارش بہت زیادہ
۹۔ ٹخنوں میں درد اور سوجن
۱۰۔ پانی کی طرح کے جھاگ دار دست
۱۱۔ بچھو یا زہریلا جانور کاٹ جائے۔ بچھو کاٹے کا بہترین علاج یہ ہے کہ پھٹکڑی پانی میں گھول کر آنکھوں میں دو دو قطرے ڈال دیں۔ بچھو کاٹے کا درد فوراً بند ہو جائے گا اگر پھٹکڑی نہ ملے تو نمک گھول کر ڈال دیں۔
نیٹرم میور کی ۸'۸ گولیاں ۱۵'۱۵ منٹ بعد چوسیں

۱۲۔ بالوں کی جڑ میں تر خارش ہو' ورزش کے بعد چھپاکی نکل آئے۔
۱۳۔ پانی کی طرح کا سیلان الرحم یعنی لیکوریا ہو۔
۱۴۔ اگر دل میں یا دل کی وجہ سے سینے میں درد ہونے لگے۔ سانس تیز ہو جائے۔ پسینہ آنے لگے۔ دل کی دھڑکن بڑھ جائے تو کالی فاس' میگنیشیا فاس اور نیٹرم میور کی چار' چار گولیاں ہر دس منٹ بعد چوس لیں انشاء اللہ دو تین خوارک سے آرام آجائے گا۔

Kali Phos 6x

Mag Phos

Nat Mur

نکس وامیکا 30x (Nux Vomica 30x)

۱۔ قبض' چڑچڑا پن' اعصابی کمزوری' معدے کی خرابی' گیس' پاخانہ کی بار بار ناکام حاجت
۲۔ زکام بند ہو جائے یا رات کو ناک بند ہو جایا کرے۔
۳۔ کمر درد' کروٹ لینا مشکل ہو' مردوں کے لیئے بہت مفید دوا ہے۔

طریقہ استعمال:

رات کو سوتے وقت لازمی طور پر چھ قطرے پانی میں ملا کر پیا کریں۔ عام حالت میں دن میں چار بار چھ چھ قطرے پانی میں ملا کر۔ یہ بند زکام کو فوراً کھولتا ہے۔

عام طور پر ایلو پیتھک ڈاکٹر اور یونانی حکیم زکام کو فوراً روک دیتے ہیں جس سے سر میں درد ہونے لگتا ہے آنکھوں اور کانوں پر بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ اس صورت میں نکس وامیکا گرم پانی میں ڈال کر دن میں چار بار پیئیں ناک اور زکام کھل کر یہ بوجھ اور وزن اور سر درد والی کیفیت کو دور کر دیگا۔

اگر خشک کھانسی تنگ کرے تو نکس وامیکا Nux vomica 30x چھ قطرے اور برائی اونیا 30x Bryonia چھ قطرے دونوں کو ایک بنہ چار گلاس پانی میں ڈال کر دن میں چار بار پیا کریں دو تین روز میں یہ کھانسی جاتی رہے گی۔

نیٹرم سلف 6x (Nat Sulph 6x)

۱۔ یرقان کی بہترین دوا۔ :
۲۔ پیلا پیشاب' آنکھوں سے پیلا کیچ نکلے' منہ کا ذائقہ کڑوا ہو۔
۳۔ ذیابیطس

۴۔ دمہ
۵۔ جوڑوں کی دردیں
۶۔ اسہال
۷۔ ریاح کی وجہ سے پیٹ میں گڑگڑ خوب ہوتی ہے۔
۸۔ جگر کا بہترین ٹانک
۹۔ ملیریا بخار
۱۰۔ سوزاک میں اگر گاڑھی پیلی (زرد رنگ) کی پیپ نکلے۔

طریقہ استعمال :۔

۵'۵ گولیاں دن میں چار بار چوس لیا کریں۔

یوہم بینم Q (Yohimbinum Q)

۱۔ شہوت کی کمی اور قوت مردی کی کمزوری کے لیئے لا جواب دوا ہے۔ یہ تیزی اور تندی پیدا کرتی ہے۔

طریقہ استعمال :

صرف شادی شدہ لڑکے اس کو استعمال کریں۔ عیاشی کی نیت سے استعمال کریں گے۔ تو نقصان ہو گا۔ اور اللہ کی طرف سے سزا ملے گی۔

اس کے ۳۰ '۳۰ قطرے، ایک بٹہ چار گلاس پانی ملا کر صبح دوپہر شام پیا کریں۔ وقت خاص سے ۲۰ منٹ پہلے اس کے ۴۰ قطرے ایک بٹہ چار گلاس پانی میں ملا کر پی لیں۔ بہت فائدہ ہو گا اور (نئے شادی شدہ جوانوں کا خوف) دور ہو جائے گا۔

پانچواں باب

پھل سبزیاں اور ان کی تاثیر

پھل اور سبزیاں اور ان کی تاثیر

ذیل میں ہم چند سبزیوں اور پھلوں کے خواص اور تاثیر لکھتے ہیں۔ تاکہ آپ ان سے فائدہ اٹھا سکیں۔ کیونکہ ان کے فائدہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔

بادام : دماغ کو طاقت دیتا ہے یادداشت کو بڑھاتا ہے۔ خشک کھانسی میں مفید ہے۔

انگور : صاف ستھرا خون کثرت سے پیدا کرتا ہے۔ اگر کچا ہو تو قبض کرتا ہے۔ پکا ہوا ہے۔ تو قبض دور کرتا ہے۔

انڈہ : بدن کو طاقت دیتا ہے اعصاب کی قوت بڑھاتا ہے۔ بلڈ پریشر والے استعمال نہ کریں۔

انار : جگر اور دل کو طاقت دیتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا اور قے اور دست کو بند کرتا ہے۔ اس کا جلا ہوا چھلکا کھانسی میں مفید ہے۔

ادرک : ہاضم، ریح اور گیس کو دور کرنے والا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ حافظہ کو طاقت دیتا ہے۔

اخروٹ : دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے۔

آلو بخارا : پیاس بجھاتا ہے۔ قے اور متلی کو روکتا ہے۔ اس کا جوشاندہ نزلے کو فائدہ دیتا ہے۔

آلو : دیر سے ہضم ہوتا ہے۔ گیس پیدا کرتا ہے۔ شوگر والے، ریحی مزاج اور تیزابیت معدہ کے مریض اسے استعمال نہ کریں۔

بھنڈی : منی کو گاڑھا کرتی ہے دیر سے ہضم ہوتی ہے۔ گیس پیدا کرتی ہے۔ بھنڈی کو خشک کر کے اس کا پاؤڈر بنا لیا جائے تو پاؤڈر سرعت انزال، ذکاوت حس اور کثرت احتلام میں بہت مفید ہوتا ہے۔

برف : معدے کو کمزور کرتی ہے۔ اس کے چوسنے سے قے اور متلی دور ہوتی ہے۔ پیشانی اور ناک پر لگانے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔ عورتیں اگر شرمگاہ پر رکھیں تو حیض یا اسقاط میں زیادہ خون نکلنے کو روک دیتی ہے۔

پیاز : بلغم کو دور کرتا ہے بہت فائدہ مند ہے۔ ہیضے میں سرکے کے ساتھ استعمال کرنا مفید ہے۔
پودینہ پیٹ درد' معدہ کمزور' قے' گیس' ہیضہ' اور بھوک کی کمی میں مفید ہے۔ پیشاب اور پسینہ لاتا ہے۔
پان : منہ کی بدبو' دانتوں کے درد' منہ کی خشکی اور جھوٹی پیاس میں مفید ہے۔
پالک : جلد ہضم ہوتی ہے۔ معدے کی سوزش قبض اور پیاس کو فائدہ دیتی ہے۔
تربوز : پیاس اور حرارت کو دور کرتا ہے۔ سوزاک اور یرقان میں مفید ہے۔ چاول یا دودھ کے فوری بعد تربوز نہ کھائیں۔
ٹینڈہ : مقوی دماغ ہے گرمی کو دور کرتا ہے دیر سے ہضم ہوتا ہے۔ گیس پیدا کرتا ہے۔
جامن : قبض کرتا ہے' حرارت اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ شوگر میں بہت مفید ہے۔
چاول : بدن کو موٹا کرتا ہے۔ ریح کے شکار اس کو استعمال نہ کریں۔
چائے : پسینہ اور پیشاب لاتی ہے۔ خشکی پیدا کرتی ہے۔ اور نیند اڑاتی ہے۔ زیادہ استعمال نقصان دہ ہے۔
دودھ : کامل ترین حیوانی غذا ہے جس میں ہر قسم کی غذائیت موجود ہے۔ ریح پیدا کرتا ہے۔
سیب : فرحت بخش' دل و دماغ کا ٹانک' قابض اس کا مربہ دل کی تکالیف کے لئے مفید ہے۔
کیلا : بدن کو موٹا کرتا ہے خون کو گاڑھا کرتا ہے خشک کھانسی اور قبض کو دور کرتا ہے۔ گیس پیدا کرتا ہے۔
گاجر : فرحت بخش' پیشاب کی جلن دور کرتی ہے۔ جگر کے لئے بہت مفید ہے۔
گنا : فرحت بخش' پیشاب آور' قبض کشا' دانتوں کے لیئے مفید' اچھا خون پیدا کرتا ہے۔
مولی : پیشاب آور' گیس کو دور کرتی ہے۔ مگر خود دیر سے ہضم ہوتی ہے۔ بواسیر کے لئے مفید ہے۔ اس کا پانی سدے خارج کرتا اور پتھری کو توڑتا ہے۔ جگر کے لیئے مفید

ضروری ہدایات و تدابیر

۱۔ مردانہ کمزوری

پرہیز :۔ کثرت جماع' برے خیالات' ترش اشیاء' فحش لٹریچر

ہدایات :۔ جماع میں اعتدال' نیک اور پاکیزہ زندگی جملہ مقوی ادویہ اور غذاؤں کا استعمال

۲۔ کثرت احتلام و جریان

سرعت انزال اور منی کا پتلا ہونا

پرہیز :۔ ترش چیزیں شدید گرم تاثیر والی' اور بادی غذائیں 'کثرت جماع' برے خیالات' فحش لٹریچر' گندی اور مخرب اخلاق مجلسیں' چت لیٹنا اور کھانا کھانے کے فوراً بعد سو جانا۔

ہدایات :۔ سرد' خشک اور لیسدار غذائیں' جماع میں اعتدال' قبض' بواسیر اور پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی تدبیر سردیوں میں سنگھاڑے کھایا کریں بہت مفید ہیں۔

۳۔ لیکوریا

پرہیز :۔ گرم تحریک پیدا کرنے والی' ترش غذائیں اور دوائیں اور فحش جنسی لٹریچر کا مطالعہ

ہدایت :۔ سرد و خشک غذاؤں اور دواؤں کا استعمال خیالات کی پاکیزگی' لڑکوں سے رابطہ قائم نہ کرنا..... سرد پانی یا پھٹکڑی ملے پانی سے روزانہ جنسی اعضا کی صفائی قبض اور ورم رحم سے بچاؤ کی تدابیر

جنسی تقاضے دین کی روشنی میں

ضروری ہدایات و تدابیر

ذیل میں ہم گزشتہ صفحات کا ایک خلاصہ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان ہدایت کا ذکر کرنا ضروری سمجھتے ہیں جو دین نے ہمارے لئے لازمی کر دی ہیں۔ اور جن پر عمل نہ کرکے کئی قسم کے نقصانات ہو سکتے ہیں۔

۱۔ پہلی رات میں خوفزدہ ہونے' دب جانے یا کسی نفسیاتی الجھن کا شکار ہونے کی ضرورت نہیں ہے یہ سب باتیں بلا وجہ ذہن پر سوار کرلی جاتی ہیں۔

۲۔ پہلی رات جنسی جذبے کی زیادتی کی وجہ سے بیوی کے ساتھ کسی قسم کی شدت کرنا درست نہیں ہے۔ اس کا بعد میں نقصان ہو گا۔

۳۔ حیض اور نفاس کی حالت میں جماع کرنا سخت گناہ اور طرح طرح کی بیماریوں کا باعث ہے۔

۴۔ حیض کی حالت میں میاں بیوی کا ایک ساتھ لیٹنا جائز ہے البتہ جماع نہ کیا جائے۔ باقی ہر قسم کا لطف اٹھایا جا سکتا ہے۔

۵۔ حیض کے بعد جب عورت غسل کرکے پاک ہو جائے۔ تو پھر جماع کیا جائے۔

۶۔ اپنی بیوی کے ساتھ بھی کسی حالت میں لواطت نہ کی جائے۔ یہ گناہ کبیرہ ہے اور بیماری کا باعث ہے۔

۷۔ مشت زنی اعصابی بیماریوں کی جڑ ہے اور سخت گناہ ہے۔ اس سے ہر حالت میں پرہیز ضروری ہے۔

۸۔ دلہن سے جب ملاقات ہو تو شوہر اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر یہ دعا کرے۔

اے اللہ میں آپ سے اس کی بھلائی اور اس کی عادتوں کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں۔ اور اس کی برائی نیز بری عادتوں کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں۔

۹۔ جماع کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم تین بار' قل ہو اللہ احد اور آخری دونوں قل تین تین بار پڑھ کر پھر اس کام میں مصروف ہو۔ اس سے شیطانی اثر کا امکان نہیں رہے گا۔

۱۰۔ جانوروں کی طرح بالکل ننگے ہو کر صحبت نہ کریں ورنہ اولاد بے حیا پیدا ہو گی۔

۱۱۔ جماع سے قبل' مناسب حال بات چیت اور بوس و کنار دونوں کو لذت بخشتی اور فعل جماع کے لئے تیار کرتی ہے۔

۱۲۔ خوشبو جماع کی خواہش بڑھاتی اور موقع کو خوشبو دار' خوشگوار اور فرحت بخش بناتی ہے۔ اس لئے دونوں میاں بیوی خلوت سے پہلے خوشبو لگا لیا کریں۔

۱۳۔ جماع کے بعد دونوں کو پیشاب کر لینا چاہیئے تاکہ کسی لا علاج مرض کا خطرہ نہ رہے۔

۱۴۔ جماع کے بعد دونوں اپنی اپنی شرمگاہیں دھو لیا کریں۔ لیکن جماع کے فوراً بعد نہ دھوئیں بلکہ کچھ دیر کے بعد دھوئیں اور زیادہ ٹھنڈا پانی استعمال نہ کریں۔

۱۵۔ میاں بیوی دونوں کے لئے لازم ہے کہ اپنی خلوت اور تنہائی کی باتیں دوسرے لوگوں تک نہ پھیلائیں یہ راز کی باتیں ہوتی ہیں اس لئے راز ہی میں رہنی چاہئیں۔

۱۶۔ ایک بار جماع کر لینے کے بعد دوبارہ غسل کرنے کے بغیر جماع نہ کریں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو پھر وضو کر کے۔ دوسری بار جماع کریں لیکن بہتر یہ ہے کہ ایک رات میں بار بار جماع نہ کیا جائے۔

۱۷۔ جماع کے فوراً بعد پانی نہ پئیں۔

۱۸۔ جماع کے بعد اگر کلی کر کے تھوڑا سا گڑ کھا لیا جائے تو کمزوری نہ ہو گی۔

۱۹۔ کھڑے ہو کر جماع نہ کریں۔ نہ پیٹ بھرے ہونے کی حالت میں جماع کریں۔

۲۰۔ جماع کرتے وقت عورت کو شرمگاہ کو نہ دیکھنا بہتر ہے۔

۲۱۔ جماع کرتے وقت باتیں نہ کی جائیں۔ ہاں ضروری ہو تو تھوڑی بہت کی جا سکتی ہے۔

۲۲۔ کسی بیماری کی حالت میں (خواہ مرد میں ہو یا عورت میں) جماع نہ کیا جائے۔ ورنہ اس بیماری کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہے۔

۲۳۔ جماع کے وقت قبلہ رو نہ ہوں۔

۲۴۔ جماع کے فوراً بعد مرد علیحدہ نہ ہو بلکہ تھوڑی دیر تک اسی حالت میں وہیں رک جائے۔ تاکہ

عورت کو بھی انزال ہو جائے۔ کیونکہ بعض عورتوں کو دیر سے انزال ہوتا ہے۔
۲۵۔ جماع کے وقت بیوی کے پستان چومنا جائز ہے۔ مگر اس کا دودھ حلق میں نہ آنے پائے۔
۲۶۔ حمل کے آخری مہینوں میں جماع نہ کیا جائے تاکہ حمل کو نقصان نہ پہنچے۔
۲۷۔ جماع کی کثرت نہ کی جائے ورنہ نقصان ہو گا۔
۲۸۔ مرد اور عورت کا ایک ہی بستر پر ساری رات سوتے رہنا قوت باہ کو کمزور کر دیتا ہے۔
۲۹۔ پاخانے اور پیشاب کی شدت کے وقت جماع نہ کیا جائے بلکہ پہلے ان سے فارغ ہونا ضروری ہے۔

۳۰۔ مرد اور عورت دونوں کو اپنی شرمگاہوں کے آس پاس والے بالوں کو کم از کم پندرہ دن میں ایک بار ہر حالت میں صاف کر دینا چاہیے۔
۳۱۔ عورت اگر جماع سے پہلے پیشاب کر کے ٹھنڈے پانی سے استنجا کرے تو اس میں مرد عورت دونوں کو زیادہ لذت محسوس ہو گی۔
۳۲۔ ایک ہی بستر میں دو جوان لڑکیاں اکٹھی ہرگز نہ سوئیں۔ حضورؐ نے منع فرمایا ہے۔
۳۳۔ دو جوان لڑکے ایک ہی بستر میں اکٹھے ہرگز نہ سوئیں حضورؐ نے منع فرمایا ہے۔ (آج کل کے معاشرے میں ان ہدایات پر عمل کرنے کی اشد ضرورت ہے ورنہ جنسی جذبات میں شدت پیدا ہو کر برائیوں تک نوبت پہنچ سکتی ہے۔)
۳۴۔ لواطت کرنے اور کرانے والوں پر اللہ کی لعنت کے ساتھ ساتھ ایڈز کا جان لیوا مرض بھی حملہ کر دیتا ہے۔ جس کا آج کل بہت زور ہے۔
۳۵۔ ترش پھل، اچار، چٹنی، کھٹائی، زیادہ گرم مصالحے، زیادہ چائے وغیرہ قوت باہ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ان سے پرہیز لازمی ہے۔
۳۶۔ کھجور، چھوارا، شہد، دودھ، لہسن، انڈا، زعفران، خوشبو کا استعمال قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔
۳۷۔ ہماری لکھی ہوئی تینوں کتابیں جن کا ذکر ہم نے شروع میں کیا ہے ضرور پڑھیں تاکہ جنسی امور پر آپ کو مکمل واقفیت حاصل ہو اور دین اور جنس کی سمجھ پیدا ہو۔
۳۸۔ ہم یہ کتاب بہت سی نیک تمناؤں اور نیک دعاؤں کے ساتھ نئی نسل کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ تاکہ وہ زندگی کا سفر نہایت آسانی اور کامیابی سے طے کر سکیں۔ ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنا سکیں۔ ہم مکتبہ تعمیر انسانیت کے مالک جناب محمد سعید اللہ صدیق صاحب کے بھی بہت شکر گذار ہیں کہ انہوں نے نئی نسل کی فلاح و بہبود کو مد نظر رکھتے ہوئے ہماری یہ کتابیں عمدہ اور خوبصورت طریقے پر شائع کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ قارئین کو عمل کی توفیق فرمائیں اور مصنف اور پبلشر کے لیے اس کتاب کو ذریعہ نجات بنا دیں (آمین) (نوجوانوں کے جنسی مسائل اور والدین کے لئے لمحہ فکریہ) بھی زیر طبع ہے

ضمیمہ

قارئین، آپ کے عزیزوں اور دوستوں کے فائدے کے لئے ذیل میں چند ان بیماریوں کی دوائیں لکھی جاتی ہیں جن میں آجکل کثرت سے لوگ مبتلا ہیں۔ یہ بہت مجرب دوائیں ہیں
اور سالہا سال سے ہمارے تجربہ میں ہیں۔

دائمی نزلہ زکام۔

1- اگر نزلہ گلے میں گرتا ہو اور گاڑھا ہو تو ہائیڈراسٹس Hydrasts Q کے 4-4 قطرے 1/2 کپ پانی میں ملا کر صبح خالی پیٹ' دوپہر کو اور رات کو سوتے وقت پیا کریں۔ کھٹی اور ٹھنڈی اشیاء سے پرہیز کریں

2- اگر کثرت سے چھینکیں آتی ہوں 'ناک' آنکھوں سے پانی بہتا ہو اور یہ کیفیت بہت زیادہ عرصہ تک رہے یا مستقل ہی ہو تو:-

(1) نیٹرم میور 200 x — Nitrum Mur 200 x

(1) کالی میور 200 x — Kali Mur 200 x

(3) کلیکیریا فاس 200 x — Calc Phas 200

اگر یہ دوا عرق کی صورت میں ہو تو 5-5 قطرے ہر ایک کے آدھا کپ پانی میں ملا کر صبح خالی پیٹ' دوپہر کو اور رات کو سوتے وقت پیا کریں جب آرام آجائے دوا بند کر دیں۔

اگر گولیوں کی صورت میں ہو تو 5-5 دوپہر شام چوس لیا کریں۔

السر

اگر معدہ کے منہ پر السر ہو تو

(1) کونڈ رینگو بارک 3 x — Condrango Bark 3 x

(2) یورینیم نائٹریٹ 3 x — Uranium Nitrate 3 x

(3) ایٹروپنم سلف 3 x — Atropinum Sulf 3 x

ان کے 5-5 قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر صبح خالی پیٹ دوپہر کو اور رات کو سوتے وقت پیا کریں۔ سرخ مرچ' تیز مصالے اور زیادہ مرغن' غذاؤں سے پرہیز کریں۔

جلدی امراض

خارش چھپاکی۔ پھوڑے پھنسیاں۔ درد۔ چنبل وغیرہ کے لئے ہم سے کیپسول طلب کریں کیونکہ اس کا نسخہ تیار کرنے میں قارئین کامیاب نہیں ہوں گے اور کسی نہ کسی الجھن میں پھنس جائیں گے۔

(ا) روغن زیتون کا ایک چمچ رات کو سوتے وقت پیا کریں۔

(ب) اگر قے' یا متلی ہو تو اپی کاک 30 Ipecauc 30 کے 5-5 قطرے 1/2 کپ پانی میں ملا کر پندرہ پندرہ منٹ بعد پلائیں جب قے یا متلی کی کیفیت جاتی رہے دوا بند کریں۔

گردے کی پتھری

بربرس ویگرس Berberous Vulgris Q

اس کے 15 - 15 قطرے 1/2 کپ پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیا کریں کھانا کھانے کے 25/20 منٹ بعد۔ اگر درد ہو تو اسے گرم پانی میں ڈال کر پئیں ایک یا دو خوراک سے آرام آجائے گا۔ جب ایکس ریز کی رپورٹ میں پتھری خارج ہو چکی ہو تو اس دوا کے 8-8 قطرے 1/2 کپ پانی میں ملا کر صبح و شام ایک ماہ تک استعمال کریں تاکہ گردے مضبوط ہوں اور پتھری کی بناوٹ رک جائے۔ پانی زیادہ پئیں۔ پالک' ٹماٹر اور چاول کا پرہیز کریں۔

یرقان

چیونتھس جسے کائیونتھس بھی کہتے ہیں Chionanthus Q کے 10 -10 قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر کھانا کھانے کے 20 منٹ بعد صبح دوپہر شام پیا کریں۔ گرم تاثیر رکھنے والی اشیاء سے پرہیز کریں جب خون کی رپورٹ ٹھیک ہو یا چہرے اور ناخنوں کا رنگ سرخ ہو جائے پیشاب کا پیلا پن جاتا رہے تو کچھ عرصہ تک اس دوا کی ایک ایک خوراک صبح و شام پیتے رہیں پھر بند کر دیں نیٹرم سلف Sulf 12 x Natrum اس کی 4-4 گولیاں دن میں تین بار چوس لیا کریں - ان دواؤں کے سلسلے میں اگر کچھ معلوم کرنا چاہیں یا دوائیں منگوانے کا ارادہ ہو تو جوابی لفافہ ارسال فرمائیں یاد رکھیئے ہومیوپیتھک علاج بہت کامیاب ہوتا ہے اور مرض دوبارہ پیدا نہیں ہوتا۔